ساعات حقیقی

ساعات کا ایک نیا طریقہ کار جو کہ خالد اسحاق راٹھور کی ذاتی تحقیق اور تجربے کا نچوڑ ہے۔ پہلے یہ طریقہ آپ کے علم میں نہ آیا ہوگا۔ عام مروج طریق کی بجائے اس میں پہلے ساعتوں کو سات برابر حصوں اور پھر ہر ساعت کو مزید سات حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ کتاب میں ستر (70) صفحات پر مشتمل جدول میں سوفی صد درستگی کے ساتھ تمام دنیا کے لیے ساعتیں استخراج کر دی گئی ہیں۔ اس کتاب میں مندرجہ بالا طریقے سمیت ساعتیں معلوم کرنے کے دس (10) مختلف طریقے بیان کئے گئے ہیں۔ مختلف ساعتوں میں پیدا ہونے والے بچوں کے تفصیلی حالات، سعد و نحس ساعتیں، عملیات، روزگار، امراض، جنس، سمت، رنگ، انعامی نمبر، منسوبات، اسم مولود، صدقہ، طلسم ساعات جیسے امور پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ تمام ساعات اکبر و صغیر میں سوالوں کے جواب کے موضوع پر تفصیلی باب، کتاب کو چار چاند لگانے کا باعث ہے۔ اس سے آپ دنیا کے کسی بھی سوال کا درست جواب اعتماد سے دے سکتے ہیں۔

علم الحروف

حروف کے موضوع پر ایک جامع کتاب ہے۔ مختلف اقسام کی حروف کی تشریح کے علاوہ تمام حروف ابجد کے خواص کو عمومی طور پر بیان کرنے کے ساتھ ساتھ بعض حروف پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ مختلف قسم کے نقوش کی چال، ان کے بھرنے اور استعمال کا طریقہ اور علم النقوش سے متعلق دیگر امور کا بیان بھی ہے۔ اس کتاب کا ایک خاص پہلو اس میں حروف کی زکوۃ کے متفرق طریقے ہیں۔ جن سے ہر آدمی فیض اٹھا سکتا ہے۔
علم الحروف، شرف کواکب اور مختلف مسائل کے حوالے سے کتاب میں لاتعداد اعمال بیان کئے گئے ہیں۔ تسخیر اور بندش کے اعمال اس کا خاصہ ہیں۔ اس کے علاوہ نجوم کے حوالے سے حروف کے استعمال کا قاعدہ اور لوح تحفظ بھی شامل کتاب ہیں۔

خزینہ اعداد (دوسرا ایڈیشن)

اگر یوں کہا جائے کہ انسانی حد تک یہ کتاب اعداد کے موضوع پر ایک جامع صحیفے کی شکل اختیار کر گئی ہے تو غلط نہ ہوگا۔ کتاب میں علم اعداد کے بنیادی امور پر بحث کرنے کے ساتھ ساتھ درج ذیل امور پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔

☆ ہر عدد کی متفرق خصوصیات ☆ سالانہ زائچہ
☆ مدت العمر ☆ مرکب اعداد کے احکام
☆ سوالوں کے جواب معلوم کرنا بمعہ ذاتی قاعدہ
☆ حالات زندگی ☆ عددی ادوار برائے زندگی، ماہ اور دن
☆ واقعات کے وقوع میں آنے کا وقت۔

متفرق امور کے باب میں مختلف قواعد اور مختلف نمبروں کے استخراج پر بحث کی گئی ہے مثلاً مشترک نمبر، معاشی نمبر، آتشی نمبر، بادی نمبر اور پیشے کا نمبر وغیرہ وغیرہ۔

راہنمائے عملیات

شائقین عملیات کی راہنمائی کے لیے یہ کتاب تحریر کی گئی ہے۔ اب اس کو ترمیم، اضافے اور اصلاح کے ساتھ دوبارہ شائع کیا گیا ہے۔ زیادہ کیا لکھوں بس یہ جان لیں یہ کتاب بڑے پیار، محبت اور توجہ سے تحریر کی ہے۔ بالیقین آپ کو بھی یہی اثر اس میں ملے گا۔
عملیات کا معاوضہ لینا چاہیے یا نہیں، عامل کی تربیت، قواعد عملیات، ساعات و نجوم، منازل قمر، نظرات و عملیات، اسم اعظم، علم نقوش و اقسام نقوش، نقوش لکھنے کے طریقے، موکل، اجازت، زکوۃ، پرہیز، اسماء الحسنٰی سے مسائل کا حل، قرآنی سورتوں سے مسائل کا حل، طب نبوی، استخارہ، فطری طریقہ علاج، ہومیو پیتھی سے علاج جیسے ابواب اس کتاب کی جان ہیں

مستحصلہ قادر الکلام

بنیادی طور پر یہ کتاب خالد اسحاق راٹھور کے ذاتی استعمال کے مستحصلے کی تفصیلی تشریح پر مشتمل ہے۔ اس مستحصلے کے نام پر ہی کتاب کو یہ نام دیا گیا ہے۔
اس کے علاوہ اس کتاب میں 150 اصطلاحات جفر کے علاوہ پانچ دیگر جفری مستحصلات بھی بیان کئے گئے ہیں۔ ہر مستحصلہ اپنی جگہ لاجواب ہے۔ وہ لوگ جو مستحصلے کی تلاش میں سرگرداں ہیں ان کے لیے یہ کتاب راہنما ثابت ہوگی۔

السحر العجیب فی جلب الحبیب

اس کتاب کے مصنف عبدالفتاح السید الطوخی ہیں۔ خالد اسحاق راٹھور کی زیر نگرانی اس عربی کتاب کا اردو ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔ یہ کتاب قدیم ترین اور عجیب و غریب عملیات و طلسمات لیے ہوئے ہے۔ محبت، حب، تسخیر، بغض، جنات اور دیگر مخلوق مثلاً ملک احمر، ملکہ عایشہ سے کام لینے، دشمنی، صحت، ظالم کے قتل، غائب کے حاضر، چوری کے لیے، گاہکوں کو متوجہ کرنے، حمل ہونے اور بندش جیسے کم و بیش دو سو کے قریب لاجواب اور ایسے اعمال جو اس سے قبل کسی فرد کی نظروں سے نہ گزرے ہوں گے اس کتاب کا حصہ ہیں۔ کتاب میں تمام عربی عبارت کو اعراب لگا دی گئی ہیں تا کہ پڑھنے میں آسانی رہے۔

راہنمائے تل شناسی

تلوں کے موضوع پر یہ سب سے پہلی اور جامع کتاب ہے۔ اس سے پہلے اس موضوع پر اس طرح کی کوئی کتاب شائع نہ ہوئی ہے۔ اس کتاب میں انسانی جسم کے تمام حصوں پر تلوں کے اثرات اور احکام کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ عورت یا مرد کے حوالے سے تلوں کے اثرات و احکام میں کیا فرق ہے؟ یہ امر اس کتاب کی اہم خاصیت ہے۔

بانڈ، ریس اور لاٹری کے نمبر (تیسرا ایڈیشن)

جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے یہ کتاب مختلف انعامی سکیموں میں کامیابی کے حصول کے لیے راہنمائی دینے کا باعث ہے اور تیسرے ایڈیشن کا آپ کے ہاتھ میں ہونا اس کی مقبولیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔
اس کتاب میں بالکل آسان طریقے سے اعداد، نجوم، ساعات، جفر، استخارے، رمل اور فالنامے وغیرہ کے ذریعے انعام حاصل کرنے کے مختلف قواعد کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ ایک آسان فہم کتاب ہے۔ عام قاری بھی اس کے قواعد کو با آسانی سمجھ سکتا ہے۔ نیا ایڈیشن دستیاب ہے۔
قمری منازل اور بروج کے حساب سے سال 2007 تا جنوری 2009 تک کے خاص نمبروں کے ساتھ جنوری 2009 تک کے متوقع اکثر انمبر دینے کے ساتھ ساتھ اس کتاب میں نجوم، اعداد، ساعات، رمل، استخارہ وغیرہ کے حساب سے بانڈ نمبر اور میچ نکالنے کے کئی ایک مجرب طریقے بیان کیے گئے ہیں۔ ساتھ ہی فری کوپن بھی ہیں جن پر آپ ادارہ کی قیمتی فیکس مفت حاصل کر سکتے ہیں۔

اسباق دست شناسی

یہ کتاب "پامسٹری" کے ہر طالب علم کی ضرورت ہے۔ یوں تو دست شناسی کے موضوع پر لاتعداد چھوٹی بڑی کتب بازار میں دستیاب ہیں۔ تاہم اس کتاب کو تحریر کرتے ہوئے اس بات کو مد نظر رکھا گیا ہے کہ قارئین دست شناسی کی دقیق اور فنی بنیادوں کو سمجھ سکیں۔ اس کو اسباق کے طرز پر تحریر کیا گیا ہے۔ اس کتاب کی مدد سے ہر فرد علم دست شناسی کو با آسانی سمجھ سکتا ہے۔ تعین وقت کے حوالے سے اس کتاب میں خصوصی بحث کی گئی ہے۔

راہنمائے علم نجوم

نجوم کے موضوع پر خالد اسحٰق راٹھور کی مایہ ناز تصنیف نجوم کے شائقین کے لیے پیش کی جا رہی ہے۔ اس کتاب میں زائچہ بنانے سے لے کر زائچہ پڑھنے اور احکام بیان کرنے تک کے تمام امور کو مکمل تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ زائچے میں تمام کواکب کی نظرات کے احکام، ستاروں کے زائچے کے مختلف گھروں اور برجوں میں ہونے کے احکام، کواکب، زائچے اور بروج کے منسوبات، حاکم یا مالک خانہ کے زائچے کے مختلف گھروں میں اثرات، شرف و ہبوط، عروج و بال، ترفع و تنزل، اوج و حضیض، کواکب کی عارضی اور مستقل دوستی دشمنی، زائچے کے مختلف گھروں پر بحث اور نجومی احکام اخذ کرنے کے اصول و قواعد، ادوار (دشا) نکلنے کا طریقہ اور احکام (حالات زندگی) بیان کرنے کے اصولوں سمیت لاتعداد نجومی امور کو اس کتاب میں زیر بحث لایا گیا ہے۔ نجوم کے موضوع پر اس عہد کی مایہ ناز تصنیف۔

پبلشر و چیف ایڈیٹر
شائستہ خالد راٹھور

ایڈیٹر
خالد اسحٰق راٹھور

ایڈیٹر
خالد اسحٰق راٹھور
ایم اے ہسٹری

اسسٹنٹ ایڈیٹر
حافظ محمد فرخ جاوید

سب ایڈیٹرز
عبدالباسط راٹھور
عبدالحی راٹھور

انچارج کمپوزنگ اینڈ ڈیزائننگ
زاہد اسحاق راٹھور

انچارج پبلیکیشن
شبیر رفیق

اوقات کار
صبح 11 تا شام 6 بجے تک التعطیل بروز اتوار
وقفہ برائے صلوٰۃ جمعہ دوپہر 12:30 تا 1:30 بجے تک

فون
(042) 6293245 (042) 6374864
0300 8442060 0321 4753240
0300 4783518

قیمت
فی شمارہ: 30 روپے
12 شمارے: 525 روپے بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک
بیرون ملک: ۵۰ ڈالر (سالانہ)

بنک ڈرافٹ (Bank Draft)
M/s Rahnuma-i-amaliyat, A/c 1392-35,
Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road,
Lahore, Pakistan

انٹرنیٹ (Internet)
kirathor@yahoo.com

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور۔۔ پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 10 شمارہ 11

فہرست مضامین

خط و کتابت اور منی آرڈر ارسال کرنے کا پتہ
خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

ہر ماہ شائع ہونے والا ایک ایسا پرچہ ہے جو علوم مخفی کو ہر فرد کے لیے آسان کر کے پیش کرتا ہے۔ عملیات، نجوم، رمل، اعداد، بانڈ نمبر، ساعات، ٹیلی پیتھی، ہپناٹزم، حاضرات، روحانیات، علم النفس، علم تقویم، ESP، شرف، کواکب، نظرات کواکب، دین اسلام، بزرگان دین، اسلاف، طب، ماہانہ حالات، زکات عملیات اور بہت سے دیگر موضوعات پر مضامین اس میں شامل ہوتے ہیں۔ اس کی قیمت نہ ہونے کے برابر یعنی صرف 30 روپے ہے۔

خط / منی آرڈر

خط یا منی آرڈر فارم کے سب سے نچلے حصے پر اپنا کوائف نام، نام والدہ، پتہ اور مقصد صاف اور واضح تحریر کیا کریں۔ جواب طلب امور کے لیے اپنا پتہ لکھا جوابی خط لازم ارسال کریں۔

پیدائشی زائچہ اور خوش قسمتی کے نمبر

آپ کا پیدائشی زائچہ جہاں شادی، روزگار، سفر، تعلیم وغیرہ کے بارے میں بیان کرتا ہے وہاں آپ کے لیے ان خوش قسمتی کے نمبروں کا استخراج کرنے میں بھی معاون و مددگار ہوتا ہے۔ جن کے استعمال سے آپ مختلف آسان ذرائع آمدن جیسے کہ ریس، لاٹری، قرعہ اندازی، پرائز بانڈ وغیرہ سے بہتر نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔

سوا اپنے پیدائشی زائچہ کی مدد سے خوش قسمتی کے نمبروں کے استخراج کے لیے فیس بمعہ کوائف جس میں نام والدہ کا نام، تاریخ پیدائش، جگہ پیدائش اور وقت پیدائش ارسال کریں۔

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ لازم ارسال کریں۔

فون اور ملاقات کے لیے دفتری اوقات و طریقہ کار کی پابندی کریں۔

دفتری اوقات کار

ادارہ ''راہنمائے عملیات و راٹھور پبلشرز'' کے دفتری اوقات کار درج ذیل ہیں۔
ان اوقات کے علاوہ ملاقات ممکن نہ ہوگی۔

☆ وقت: صبح 11 بجے تا شام 6 بجے تک
☆ وقفہ صلوۃ جمعہ: دوپہر 30-12 تا 01:30 تک
☆ تعطیل: اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

نوٹ: خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر راہنمائے عملیات سے ملاقات کے خواہشمند فون پر وقت لے کر آئیں۔ فون: 6374864 - 042

موبائل: 8442060 -0300 موبائل: 4753240 -0321
رابطہ: خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر لاہور پاکستان۔

حیّ علی الفلاح

اللہ تعالیٰ‘ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے

فساد.

اور زمین میں اس کی اصلاح کے بعد (یعنی جب معاملات اللہ تعالیٰ کے احکام کے مطابق چل رہے ہوں) فساد نہ پھیلاؤ اور اس کو (یعنی اللہ کو) ڈر اور توقع سے پکارو۔ بے شک اللہ کی رحمت نیک کام کرنے والوں سے قریب ہے o (اعراف:56)

اور فسادیوں کی راہ مت چلنا o (اعراف:142)

اور تم کو جو مال اللہ نے دیا ہے اس سے آخرت طلب کیجئے اور دنیا میں (نیک کاموں میں) اپنا حصہ نہ بھولو اور بھلائی کرو جیسے اللہ نے تمہارے ساتھ بھلائی کی اور ملک میں فساد نہ چاہو۔ بے شک اللہ فساد ڈالنے والوں کو پسند نہیں کرتا o (قصص:77)

اور جو لوگ اللہ سے پکا عہد کرنے کے بعد توڑ ڈالتے ہیں اور جن (رشتہ ہائے قرابت) کے جوڑے رکھنے کا اللہ نے حکم دیا ہے ان کو قطع کر دیتے ہیں اور ملک میں فساد ڈالتے ہیں۔ ایسوں پر لعنت ہے اور (آخرت میں) ان کے لیے برا گھر ہے o (رعد:25)

جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے لڑائی کرتے ہیں (یعنی ان کے احکام سے بغاوت کرتے ہیں) اور ملک میں فساد کرنے کو دوڑتے ہیں ان کی یہی سزا ہے کہ ان کو قتل کیا جائے یا سولی چڑھا دیئے جائیں یا ایک طرف کے ہاتھ اور ایک طرف کے پاؤں (یعنی داہنا ہاتھ اور بائیاں پاؤں) کاٹ دیئے جائیں یا ملک سے نکال دیئے جائیں۔ یہ دنیا میں ان کی رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لیے بڑا عذاب ہے o ہاں جن لوگوں نے تمہارے قابوں میں آنے سے پہلے توبہ کر لی تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے (گرفتاری کے بعد توبہ کرنے سے سزا معاف نہیں ہوگی) o (مائدہ:34-33)

پاک دامن عورت پر عیب لگانا.

جو لوگ پاک دامن (اور) برے کاموں سے بے خبر ایمان والی عورتوں پر عیب لگاتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت ہے اور ان کو سخت عذاب ہوگا o جس دن ان کی زبانیں اور ہاتھ اور پاؤں سب ان کے کاموں کی گواہی دیں گے o (نور 24-23)

اور جو لوگ اپنی بیویوں پر عیب لگائیں اور خود ان کے سوا ان کے پاس گواہ نہ ہوں تو ہر ایک کی شہادت یہ ہے کہ پہلے تو چار بار اللہ کی قسم کھائے کہ بے شک وہ سچا ہے o اور پانچویں بار یہ ہے کہ اگر وہ جھوٹا ہو تو اس پر اللہ کی لعنت o اور عورت سے سزا اس طرح ٹل سکتی ہے کہ وہ پہلے چار بار قسم کھائے کہ بے شک یہ (مرد) جھوٹا ہے o اور پانچویں بار یہ کہے کہ اگر یہ سچا ہو تو مجھ پر اللہ کا غضب ہو o (نور:09-06)

جناب ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ

وہ پاکیزہ رو، خوش شکل، لاغر اندام اور سبک رفتار شخصیت کے مالک تھے۔ انہیں دیکھ کر آنکھوں کو راحت ملتی اور ان سے مل کر روح کو سکون اور دل کو قرار میسر آتا تھا۔ علاوہ ازیں وہ بے حد خوش اخلاق منکسر المزاج اور شرم وحیا کے پیکر تھے لیکن جب کوئی سخت معاملہ پیش آتا یا کوئی کٹھن گھڑی سامنے آتی تو وہ ایک بھپرے ہوئے شیر کی مانند نظر آتے۔ وہ رونق وصفائی اور تیزی اور کاٹ میں تلوار کی دھار کے مشابہ تھے۔ یہ امت محمد ﷺ کے امین جناب ابوعبیدہ عامر بن عبداللہ بن جراح فہری قرشی ہیں۔ جناب عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ان کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں:-

"قریش کے تین آدمی سب سے زیادہ درخشندہ رو، سب سے زیادہ خوش اخلاق اور سب سے زیادہ باحیاء ہیں۔ اگر وہ تم سے بات کریں گے تو کبھی جھوٹ نہیں بولیں گے اور اگر تم ان سے بات کرو گے تو کبھی تمہاری تکذیب نہیں کریں گے۔ وہ ہیں ابوبکر صدیق، عثمان بن عفان اور ابوعبیدہ ابن جراح رضوان اللہ علیہم"۔

جناب ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ السابقون الاولون میں سے تھے۔ وہ جناب ابوبکر رضی اللہ عنہ کے مسلمان ہونے کے دوسرے دن انہی کے دست مبارک پر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ جناب ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کو جناب عبدالرحمٰن بن عوفؓ کو، جناب عثمان بن مظعونؓ کو اور جناب ارقمؓ کو لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان لوگوں نے آپ ﷺ کے روبرو کلمہ حق کا اعلان کیا۔ یہ لوگ بنیاد کی وہ خشت اولین تھے جس پر اسلام کی عظیم الشان عمارت تعمیر کی گئی۔

آپ جنگ بدر میں صفوں کے درمیان اس طرح بڑھ بڑھ کر اور پینترے بدل بدل کر حملے کر رہے تھے جیسے ان کو نہ تو موت کا کوئی ڈر ہے نہ ہلاکت کا کوئی اندیشہ۔ ان کے حملوں نے مشرکین پر ان کی ہیبت طاری کر دی اور قریش کے بڑے بڑے سورما ان کا سامنا کرنے سے کترانے لگے۔ لیکن ان میں سے ایک شخص ایسا تھا جو ہر وقت ان کا سامنا کرنے کی کوشش کرتا اور ہر موقع پر ان کے بالمقابل آجاتا مگر وہ اس کے راستے سے ہٹ جاتے اور اس کے ساتھ مقابلہ کرنے سے پرہیز کرتے۔ وہ شخص بار بار ان کے اوپر حملہ آور ہوتا اور وہ ہر بار کترا کر دوسری طرف نکل جاتے۔ آخر کار اس نے ان کے لیے سارے راستے مسدود کر دیئے، ان کے سامنے آکھڑا ہوا اور ان کے اور ان کے دشمنوں کے درمیان حائل ہوگیا۔ جب اس کی یہ حرکتیں جناب ابوعبیداللہؓ کی قوت برداشت سے باہر ہو گئیں تو انہوں نے اس کے سر پر تلوار کا ایک بھرپور ہاتھ مارا۔ اس کی کھوپڑی کے دو ٹکڑے ہوگئے اور وہ بے جان ہو کر زمین پر گر پڑا۔

قارئین کرام! یہ اندازہ لگانے کی کوشش نہ کریں کہ یہ مرنے والا شخص کون ہوگا؟ میں پہلے ہی بتا چکا ہوں کہ غزوہ بدر کے موقع پر جناب ابوعبیداللہؓ کا امتحان ہر قسم کے خیال وگمان سے بلند تھا۔ اور آپ کا سر چکرا جائے گا جب یہ بات آپ کے علم میں آئے گی کہ جناب ابوعبیداللہؓ کے ہاتھ سے مارا جانے والا شخص کوئی اور نہیں خود ان کا والد عبداللہ بن جراح تھا۔ انہوں نے اپنے والد کو نہیں، ان کی شخصیت میں پائے جانے والے کفر کو قتل کیا تھا۔ اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے جناب ابوعبیداللہؓ اور ان کے والد کے متعلق قرآن نازل کرتے ہوئے فرمایا: (ترجمہ):

تم کبھی یہ نہ پاؤ گے کہ جو لوگ اللہ اور آخرت پر ایمان رکھنے والے ہیں وہ ان لوگوں سے محبت کرتے ہوں جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کی ہے خواہ وہ ان کے باپ ہوں یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے اہل خاندان۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان کو ثبت کر دیا ہے اور اپنی طرف سے ایک روح عطا کر کے ان کو قوت بخشی ہے۔ وہ ان لوگوں کو ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے۔ وہ اللہ کی پارٹی کے لوگ ہیں خبردار رہو، اللہ کی پارٹی والے ہی فلاح پانے والے ہیں"۔ (مجادلہ ۵۸:۲۲)

محمد بن جعفر نے بیان کیا ہے کہ ایک بار نصاریٰ کا ایک وفد رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں باریاب ہوا اور اس نے آپ ﷺ سے درخواست کی کہ "ابوالقاسم! آپ ہمارے ساتھ اپنے اصحاب میں سے کسی ایسے شخص کو بھیجئے جس کو آپ ہمارے لیے پسند کرتے ہوں تاکہ وہ ہمارے درمیان ان جائدادوں کا فیصلہ کرے جن کے بارے میں ہمارے اندر اختلاف پیدا ہوگیا ہے"۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ "تم دن کے وقت مجھ سے ملو۔ میں تمہارے ساتھ ایک قوی امین کو روانہ کروں گا"۔ (صحیح بخاری، کتاب المغازی، حدیث ۴۳۸۰، ۴۳۸۱)

یہاں تک کہ آپ ﷺ کی متجسس نظریں ابوعبیدہؓ

بن جراح پر جا کر ٹک گئیں۔ آپ ﷺ نے ان کو اپنے پاس بلایا اور اہل وفد کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا "ان کے ساتھ جاؤ اور ان کے درمیان پیدا شدہ نزاعی معاملے کا برحق اور مبنی بر انصاف فیصلہ کردو"۔ یہ دیکھ کر میں نے اپنے دل میں کہا "ابوعبیدہ اس فضیلت کو لے اڑے"۔

ان کی قوت ایمانی کا اظہار اس وقت بھی ہوا جب غزوۂ احد کے موقع پر مسلمانوں کو شکست اور ان کے میدان چھوڑ کر بھاگ جانے کے بعد مشرکین پیہم آوازیں لگا رہے تھے "ہمیں بتاؤ! محمد (ﷺ) کہاں ہے؟ بتاؤ ہمیں کہاں ہے محمد؟ (ﷺ) تو جناب ابوعبیدہؓ ان دس افراد میں سے ایک تھے جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی حفاظت کے لیے ان کو چاروں طرف سے اپنے گھیرے میں لے رکھا تھا تاکہ آپ ﷺ کی طرف بڑھنے والے مشرکین کے نیزوں کو اپنے سینوں پر روک لیں۔

جناب ابوعبیدہؓ شروع سے آخر تک تمام غزوات میں نبی اکرم ﷺ کے ہم رکاب رہے اور جب سقیفۂ بنی ساعدہ کا موقع آیا (جس موقع پر جناب ابوبکر صدیقؓ کے دست مبارک پر خلافت کی بیعت کی گئی تھی) تو جناب عمر بن خطابؓ نے جناب ابوعبیدہؓ سے کہا کہ "اپنا ہاتھ بڑھایئے، آپ کی بیعت کروں، اس لیے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو آپ سے یہ کہتے سنا ہے کہ ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے اور ہماری امت کے امین تم ہو"۔ تو انہوں نے جواب دیا کہ "میں اس شخص سے آگے بڑھنے کی جرات کیسے کر سکتا ہوں، جس کو رسول اللہ ﷺ نے ہم مسلمانوں کا امام بنایا اور آپ ﷺ کی وفات تک وہ ہماری امامت کرتا رہا"۔ اور اس کے بعد جب جناب ابوبکرؓ کے دست مبارک پر خلافت کی بیعت ہوگئی تو جناب ابوعبیدہؓ حق و صداقت کے معاملہ میں ان کے بہترین خیرخواہ اور خیر و فلاح میں ان کے قابل اعتماد معاون ثابت ہوئے۔

پھر جب جناب ابوبکرؓ نے اپنے بعد جناب عمر بن خطابؓ کے لیے خلافت کی وصیت کی اور اس کی ذمہ داریاں ان کے سپرد کیں تو جناب ابوعبیدہؓ نے مکمل طور پر ان کی اطاعت کی اور ایک مرتبہ کے علاوہ کبھی ان کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کی۔ وہ کون سا موقع تھا جب جناب ابوعبیدہؓ نے خلیفۃ المسلمین کے حکم کی خلاف ورزی کی تھی؟۔

ہوا یہ کہ جس زمانے میں وہ شام کے علاقے میں لشکر مجاہدین کی قیادت فرما رہے تھے اور یکے بعد دیگرے فتح و کامرانی کے جھنڈے گاڑتے ہوئے پورے علاقے کو فتح کرتے ہوئے ایک طرف مشرق میں دریائے فرات اور دوسری جانب شمال میں ایشیائے کوچک تک پہنچ گئے تھے۔ شام میں اچانک طاعون کی زبردست اور غیر معمولی وبا پھوٹ پڑی جس نے بے شمار انسانوں کو اپنے بھیانک خونی پنجوں میں جکڑ لیا اور دیکھتے دیکھتے ان گنت انسان لقمۂ اجل بن گئے۔ جناب عمرؓ کو اس کا علم ہوا تو وہ سخت تشویش میں مبتلا ہو گئے اور انہوں نے ایک قاصد کو اس پیغام کے ساتھ ابوعبیدہؓ کی خدمت میں روانہ کیا کہ "اچانک مجھے ایک ضرورت پیش آ گئی ہے جس میں میرے لیے آپ سے مشورہ کرنا ناگزیر ہے۔ میں آپ کو قسم دیتا ہوں کہ اگر میرا خط آپ کے پاس رات کے وقت پہنچے تو صبح کا انتظار کیے بغیر عازم سفر ہو جایئے اور اگر دن کو ملے تو شام ہونے سے پہلے رخت سفر باندھ لیجیے"۔ جناب ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو جب جناب عمرؓ کا یہ خط ملا تو انہوں نے فرمایا:-

"مجھے معلوم ہے کہ امیر المومنین کو مجھ سے کیا ضرورت ہے۔ وہ ایک ایسے شخص کو بچانا چاہتے جو بچنے والا نہیں"۔ پھر انہوں نے ان کے جواب میں لکھا "امیر المومنین! میں سمجھ گیا کہ آپ کو مجھ سے کیا ضرورت ہے۔ میں مسلمانوں کے لشکر میں اور اپنے دل میں اس قسم کی کوئی خواہش نہیں پاتا کہ میں اپنے آپ کو اس وباء سے محفوظ کر لوں۔ جس میں یہ سب لوگ مبتلا ہیں۔ میں اس وقت تک ان سے الگ نہیں ہو سکتا جب تک کہ اللہ تعالیٰ میرے اور ان کے بارے میں اپنا فیصلہ نافذ نہیں کر دیتا۔ اس لیے جب میرا یہ خط آپ کو ملے تو آپ مجھے اپنی قسم سے بری کر دیجیے اور مجھے یہاں ٹھہرنے کی اجازت مرحمت فرما دیجیے" جناب عمرؓ نے یہ خط پڑھا تو رونے لگے اور ان کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہو گئے۔ حاضرین نے ان کی شدت گریہ کو دیکھ کر پوچھا کہ کیا ابوعبیدہؓ کا انتقال ہو گیا؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ "نہیں! ان کا انتقال نہیں ہوا مگر موت ان سے زیادہ دور نہیں ہے"۔ اور جناب عمرؓ کا یہ اندیشہ غلط نہیں تھا۔ اس لیے کہ اس کے کچھ ہی دنوں کے بعد وہ طاعون میں مبتلا ہو گئے اور جب ان کی موت کی گھڑی قریب آ گئی تو انہوں نے اپنی فوج کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا "میں تم لوگوں کو ایک وصیت کر رہا ہوں، اگر اس پر عمل کرو گے تو ہمیشہ خیر و فلاح پر قائم رہے گے۔ دیکھو! نماز قائم کرو، ماہ رمضان کے روزے رکھو، صدقہ و خیرات کرتے رہو، حج اور عمرہ ادا کرو، آپس میں ایک دوسرے کو حق کی نصیحت کیا کرو، اپنے امراء کے ساتھ خیرخواہی کرو، ان کے ساتھ خیانت اور فریب سے کام نہ لو اور دنیا تم کو دھوکے میں نہ ڈالے۔ اس لیے کہ اگر آدمی کو ہزاروں سال کی طویل زندگی بھی مل جائے تب بھی اس کے لیے اس انجام سے دوچار ہونا ضروری ہے جس سے اس وقت میں دوچار ہوں۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

چاہئے کہ اپنے دل و دماغ سے باخبر رہنے اوران برائیوں سے بچنے کی کوشش کرے جو اس کے دل و دماغ میں پنپتی ہیں۔ مکر و فریب، بد دیانتی، خیانت وعداوت، حسد و کینہ، بغض اور جھوٹ وغیرہ۔ اپنے دل کی ان خواہشات پر عمل نہ کریں جو ہمیں احکام الٰہی سے دور لے جاتی ہیں۔ جب ہم کوئی ایسا کام کرتے ہیں جو ہم جانتے ہیں کہ ہمارے لیے بہتر نہیں کیونکہ وہ ''الخبیر'' ہمارے ہر عمل سے باخبر ہے تو ہم اپنے اس روگ کا تدارک خود ہی کیوں نہیں کر لیتے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ سے کچھ چھپا نہیں، وہ غیب کی تمام خبروں کو جانتا ہے، وہ جانتا ہے کہ ہمارے دل میں کیا ہے؟ اور ہم اپنے عمل سے کیا کر دکھا رہے ہیں؟ وہ دنیا و آخرت کے ذرے ذرے کے حال سے باخبر ہے۔

قرآن پاک میں اس لفظِ خبیر کا استعمال مختلف موضوعات کے حوالے سے ہوا ہے۔ میاں بیوی کے اچھے تعلقات کے لیے، میاں بیوی کے راز و نیاز کے ضمن میں، کشادگی رزق کے حوالے سے، ہر کسی کے اعمال کے صلہ کے طور پر، نظام شمسی سے متعلق، قیامت کے بارے میں، یعنی اسے ہی دنیا و آخرت کے رموز سے آگاہی ہے۔ اب وہ چاہے کسی رشتہ کا سچ ہو یا پھر جھوٹ بول کر کسی کی جان بچا کر کسی کو سزا دلوا دی جائے، وہی دلوں کے بھید جانتا ہے۔

اَلْخَبِیْرُ

نام	الخبیر
معنی	باخبر
اعداد ابجد	۸۱۲
عنصر	آتش
طبیعت	جمالی
خاصیت	حالات وواقعات کی آگاہی

قرآن پاک میں اس صفت الٰہی کا ذکر مختلف سورتوں میں ۴۴ مرتبہ آیا ہے۔ بعض آیات میں خبیر، علیم، حکیم، لطیف اور بصیر کے ساتھ آیا ہے۔ یعنی صفت خبیر کو دوسری صفات سے ملا کر زیادہ موثر بنایا گیا ہے۔

خبیر سے مراد ہے حالات سے آگاہ ہونا، ہر چیز کی خبر رکھنے والا، غیب کا علم رکھنے والا، ہر چیز کی باریکیوں کی خبر رکھنے والا، یہ یقیناً اللہ تعالیٰ ہی کی ذات ہے اور کوئی نہیں جو ہر مخفی شے کو جان سکے۔

اللہ تعالیٰ خبیر ہے اپنے بندوں کی ہر بات کی پوری خبر رکھنے والا، وہ چھوٹی ہو یا بڑی ہر چیز کو ہر وقت جانتا ہے۔ علیم وخبیر یوں تو ہم معنی ہیں۔ دونوں ہی سے مراد ہے خبر رکھنے والا، لیکن علیم ظاہری شے کا علم رکھنے والا اور خبیر باطن کا علم رکھنے والا۔ اس اسم کی رو سے انسان کو

وظائف

کسی شخص کو کوئی مسئلہ درپیش ہے کہ اسے حل نظر نہیں آتا۔ یا اسے یہ معلوم نہیں کہ اسے کیا کرنا چاہیئے اور کیا نہیں۔ وہ دو رکعت نماز نفل استخارہ کی نیت سے پڑھے۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد تین مرتبہ قل شریف پڑھے۔ نماز پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر اسم الخبیر کو ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ پڑھے۔ سونے کے لیے اس طرح لیٹے کہ چہرہ کعبہ شریف کی طرف ہو۔ سر کے نیچے دایاں ہاتھ رکھ لے اور یا خبیر پڑھتے پڑھتے سو جائے۔ (باوضو حالت میں) چند دن یہ عمل مسلسل کرنے سے اس مسئلہ کے حل کی نشاندہی بفضل تعالیٰ ہو جائے گی۔

اگر کوئی شخص ناحق کسی جرم کی سزا کاٹ رہا ہو تو اول و آخر درود شریف کے ساتھ اس اسم پاک کو فجر اور مغرب کی نماز کے بعد روزانہ [illegible] مرتبہ پڑھے اور نیچے دیئے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ رہائی نصیب ہوگی۔

چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش

۱۶۴۸۴۲	۱۶۴۸۲۸	۱۶۴۸۳۵	۱۶۴۸۳۹
۱۶۴۸۳۴	۱۶۴۸۴۰	۱۶۴۸۴۱	۱۶۴۸۲۹
۱۶۴۸۳۷	۱۶۴۸۳۳	۱۶۴۸۳۰	۱۶۴۸۴۴
۱۶۴۸۳۱	۱۶۴۸۴۳	۱۶۴۸۳۸	۱۶۴۸۳۲

کوئی ڈاکٹر یا حکیم روزانہ اس اسم کو ۸۱۲ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو انشاء اللہ مریض کو دیکھتے ہی اسے صحیح مرض کا پتہ چل جائے گا۔

خواہشات نفسانی سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد ۳۰۰ مرتبہ اس اسم کا ورد کرنے سے خیالات پاکیزہ ہوں گے اور دل منور ہو گا۔ ذہن کو گندے خیالات سے پاک رکھنے کے لیے اس نقش کو پانی میں گھول کر وقتاً فوقتاً استعمال کریں۔

چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

۱۶۴۸۳۹	۱۶۴۸۳۵	۱۶۴۸۲۸	۱۶۴۸۴۲
۱۶۴۸۲۹	۱۶۴۸۴۱	۱۶۴۸۴۰	۱۶۴۸۳۴
۱۶۴۸۴۴	۱۶۴۸۳۰	۱۶۴۸۳۳	۱۶۴۸۳۷
۱۶۴۸۳۲	۱۶۴۸۳۸	۱۶۸۴۴۳	۱۶۴۸۳۱

اگر کسی راز سے باخبر ہونا ہے تو سونے سے پہلے صاف کپڑے پہنے، باوضو ہو جائے، اور کعبہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائے۔ اول و آخر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں ۱۲۱ مرتبہ اس اسم کو پڑھے۔ پھر اسی جگہ سو جائے۔ انشاء اللہ سات دن کے اندر اندر اس راز کا پردہ فاش ہوگا اور خواب میں حقیقت معلوم ہوگی۔

اگر کسی کے لیے رشتہ آئے اور گھر والے جاننا چاہیں کہ رشتہ ٹھیک رہے گا یا نہیں تو لڑکی یا لڑکے کی والدہ یا والد اس اسم کو سات دن تک خلوت میں بیٹھ کر روزانہ ۳۳۳۸ مرتبہ پڑھے اور بغیر بات چیت کیے سو جائے۔ خواب میں وہ جان لیں گے کہ رشتہ ٹھیک ہے یا نہیں۔

اگر کسی کو اپنے کاروبار یا کاروبار میں شراکت کے لیے معلوم کرنا ہو کہ نقصان ہو گا یا فائدہ تو وہ "یا خبیر" کو سات دن تک گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ دل کی بات کی طرف اللہ تعالیٰ اشارہ فرمائیں گے۔

اسم خبیر کا ذاکر خواب میں یا عام زندگی میں جاگتے ہوئے بھی پوشیدہ امور سے واقف ہونا چاہتا ہو تو شرف عطارد میں مربع لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو جائے تو اسرار پوشیدہ اس کو معلوم ہوں گے۔

۷۸۶

خ	ب	ی	ر
ب	ی	ر	خ
ی	ر	خ	ب
ر	خ	ب	ی

خاص نمبر

خالد روحانی جنتری 2008 ''جب وتسخیر نمبر'' کے ہمراہ شائع کی گئی ہے۔
ماہ دسمبر 2007 کا راہنمائے عملیات ''سحر وجادو نمبر'' کے ہمراہ شائع کیا گیا تھا۔
خالد ہندی جنتری 2008 ''اعمال عداوت، بغض وبربادی دشمنان نمبر'' کے ہمراہ شاع کی گئی ہے۔
اگلا خاص نمبر مارچ 2008 میں شائع کیا جائے گا۔

☆ حُب تسخیر ☆ عداوت ☆ ہمزاد ☆ رزق وکشادگی ☆ ردسحر، جادو وآسیب ☆ صحت وشفا ☆ جنتر منتر

ادارہ راہنمائے عملیات کے تحت نئی کتب کی اشاعت کے ساتھ ساتھ قدیم ونایاب کتب کی تلاش اوران کوطلبان علم تک پہنچانے کا سلسلہ جاری ہے۔ عملیات، جفر، اعداد، نجوم، ہندی، نجوم، سحر، باؤنڈ نمبر، نفس، رل، یوگا، جنتر منتر اور دیگر موضوعات پر بہت سی پرانی ونایاب اُردو، فارسی، عربی اور انگریزی کتب حاصل کی گئی ہیں۔ پرانی کتب کی تفصیلی فہرست حاصل کرنے کے لیے آج ہی جوابی لفافہ جس پر آپ کا مکمل پتہ صاف ستھرا تحریر ہو ارسال کریں۔

300 سے زائد کتب کی فہرست جو دن بدن بڑھتی جارہی ہے

علوم مخفی کی تمام شاخوں پر کتب دستیاب ہیں

قسط 21

الجواهر اللماعة جس کے مصنف الاستاذ الکبیر الشیخ علی الوحی اللہ المرزوقی ہیں کی عملیات کے موضوع پر عربی زبان کی ایک نہایت ہی قدیم کتاب ہے۔ **راھنمائے عملیات** میں ہر ماہ اس کتاب کا سلسلہ وار ترجمہ آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنتا رہے گا۔

(خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر)۔

زخموں کے ٹھیک ہونے/ علاج کے لیے

درج ذیل آیت پڑھ کر زخم کی جگہ پر پھونکو اور انگلی پر اپنی تھوک لگا کر اس کو زخم پر لگاؤ۔ انشاء اللہ زخم ٹھیک ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اِنَّا بَلَوناھُم کَمَا بَلَونَا اَصحَابَ الجَنَّۃِ اِذ اَقسَمُوا لَیَصرِمُنَّھَا مُصبِحِینَ وَلَا یَستَثنُونَ فَطَافَ عَلَیھَا طَائِفٌ مِن رَّبِّکَ وَھُم نَائِمُونَ فَاَصبَحَت کَالصَّرِیمِ فَاَصبَحَت کَالصَّرِیمِ فَاَصبَحَت کَالصَّرِیمِ (القلم ۱۷ ــ ۲۰).

عظیم فوائد اور کاموں کے لیے/ امراض شفا

اھا ھم ــــــــ ا ۱ ۱ ۹

جمعرات کے دن اول ساعت میں ذیل میں دیا نقش مشک، زعفران، اور عرق گلاب سے لکھیں:۔

بل محمد حبیب اللہ

قل	هو	الله	أحد	الله	الصمد	لم	يلد
هو	الله	أحد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم
الله	أحد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد
أحد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم
الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن
الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له
لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا
يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا	أحد

عاشق کا عشق ختم کرنے کے لیے

اصلاح عاشق مطلوب ہو تو درج ذیل آیت کو کسی برتن میں لکھو اور اس کو کنویں یا بارش کے پانی کے ساتھ گھول کر عاشق کو پلا دو۔ انشاء اللہ اس کے دل کو قرار آئے گا اور دیوانگی ختم ہو جائے گی اور معشوقہ بھول جائے گی۔

وَلَقَد عَھِدنَا اِلٰی اٰدَمَ مِن قَبلُ فَنَسِیَ وَلَم نَجِد لَہ عَزمًا کَذَالِکَ یَنسٰی فُلَانَ اَبنَ فُلَانَۃِ فُلَانَ اَبنَ فُلَانَۃِ (نام آئے گا) وَلَم یَجِد لَہ عَزمًا کَیف کَھیشُ اَقرِیشُ بَلَغَ شَانَکَ اَصبَاوَتُ یَھلُھُونَ.

اس کے بعد دو رکعت صلوۃ پڑھو اور پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ انشرح اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد النصر پڑھو۔ ۳۱۳ بار استغفار پڑھو اور درود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھو۔ پھر سورہ اخلاص ۱۰۰۲ مرتبہ پڑھو اور سو دفعہ سورہ پڑھنے کے بعد ذیل کی عبارت عمل پڑھو:-

اَجِبْ یَا رُوْقَیَائِیلُ وَ یَاجِبْرَائِیلَ وَ یَامِیْکَائِیلُ وَ یَا اِسْرَافِیْلُ وَ یَاعَنْیَائِیْلُ وَیَاسَمْسَمَائِیْلُ وَیَاکَسْفَیَائِیْل بِبُلُوْغِ مَقْصِدِیْ وَ مُنْتَهِیْ اَمَلِیْ بِحَقِّ سُوْرَةِ الْمُلْكِ الْحَقِّ الْجَلِیْلِ وَسَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ اَتَاهُ الْوَحِیُ التَّنْزِیْل.

اس عمل کے اثرات سے انشاء اللہ فرد کو عظیم فوائد کا حصول ہوگا اس کے بڑے کام ہوں گے اور اگر امراض سے شفا کے لیے اس کو کرے گا تو اس کو امراض سے شفا ہوگی۔

کشف حالت خواب میں

وہ جو اس بات کے خواہش مند ہوں کہ حالت خواب میں کسی معاملے میں کشف حاصل ہو۔ ان کو چاہیے کہ چار رکعت صلوۃ پڑھیں اور پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد والضحٰی اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد والتین اور تیسری میں القدر اور چوتھی میں زلزال پڑھیں۔ اس عمل کے بعد کسی سے بات نہیں کرنی۔ سورہ زلزلہ کو کاغذ پر لکھ کر سرھانے کے نیچے رکھ لیں اور سوتے وقت درج ذیل آیت پڑھ لیں۔ بالیقین ضروری خبر ملے گی۔

اَللّٰهُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ الْخَبَرُ فِیْ كَذَا وَ كَذَا.

محفوظ بحری سفر/ بحری جہاز کا بچاؤ

سواری کو غرق ہونے سے بچانے اور محفوظ سفر کے لیے درج ذیل آیات کو سات مرتبہ پڑھ لو:-

بسم اللہ الرحمن الرحیم وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمٰوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِيْنِهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسَاهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ.

کتے کے کاٹے کے نقصان سے محفوظ رہنے کے لیے

یَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطَانٍ.

مندرجہ بالا آیت کے پڑھنے سے کاٹنے اور نقصان پہنچانے والے کتوں سے محفوظ رہے گا اور اس کو کوئی تکلیف یا نقصان نہ ہوگا۔

حاجتوں کے پورا ہونے کے لیے

ذیل میں دیے گئے نقش کو جمعرات کے دن مشتری کی اول ساعت میں لکھو اور عود اور لوبان کی اس کو دھونی دو اور اس کے بعد نقش کے نیچے دی گئی عبارت عمل کو پڑھ کر نقش پر دم کر دو۔ نقش یہ ہے:-

۵۶۰۴	۵۶۰۷	۵۶۱۰	۵۵۰۷
۵۶۰۹	۵۵۹۸	۵۶۰۳	۵۶۰۸
۵۵۹۹	۵۶۱۲	۵۶۰۵	۵۶۰۲
۵۶۰۶	۵۶۰۱	۵۶۰۰	۵۶۱۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِيْمُ. لَا اِكْرَاهَ فِی الدِّيْنِ قَدْ تَبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ.

حصول مقصد/ خاتمہ بہتان

درج ذیل نقش تحریر کریں اور اس کے بعد اس پر نقش کے نیچے تحریر آیات کو ۱۱۷۷ بار پڑھو۔ پھر جس کے پاس جس مقصد کے لیے جاؤ گے اس کا دل تمہارے حق میں نرم ہوگا۔

۸۹	۸۲۱	۲۶۷
۴۴۵	فلاں بن فلاں	۶۳۲
۶۴۳	۳۵۶	۱۷۵

عبارت ذکر یہ ہے:-

كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ.

محبت اور تسخیر کے لیے

پہلے دو رکعت صلوۃ اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد یہ آیت سات مرتبہ پڑھیں۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ.

اور پھر سلام پھیرنے کے بعد 77 دفعہ درج ذیل آیت کو پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ لَيِّنْ لِّيْ قَلْبَ كَذَا وَكَذَا كَمَا لَيَّنْتَ الْحَدِيْدَ لِدَاؤُدَ عَلَيْهِ السَّلَام.

قضائے حاجات

درج ذیل آیت باری باری سات کھجوروں پر تحریر کریں اور پھر الگ الگ ہر کھجور پر اکیس اکیس مرتبہ اس آیت کو پڑھیں۔ جس کو کھلاؤ گے وہ تمہاری حاجت اور ضرورت پوری کرے گا۔

اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ.

آسان رزق

آسانی سے رزق کے حصول کے واسطے رات کے آخری حصے میں صلوۃ قائم کرو اور آٹھ مرتبہ سورہ طلاق پڑھو اور پھر یہ ایت سو مرتبہ پڑھو اور پھر یا اللہ ایک ہزار مرتبہ پڑھو اور پھر ایک ہزار مرتبہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو۔ بے شک تم دیکھو گے کہ تمہارے رزق میں حسب منشاء آسانی اور اضافہ ہوگا۔ آیت یہ ہے۔

سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا.

حصول دولت کا ایک عمل

بعد از فجر سورہ واقعہ ایک دفعہ پڑھو اور اس کے بعد یا کریم، یا ودود کا ذکر ایک ہزار مرتبہ کرو۔ انشاء اللہ ایک سال کا وقت ختم ہونے سے قبل اللہ تم کو مخلوق سے بے نیاز کردے گا اور حصول دولت ہوگی۔ اللہ ہی توفیق دینے والا ہے اور سب راستے اس ہی کی طرف لوٹ جاتے ہیں۔

جاری ہے……..

عبدالباسط راٹھور

صفحہ، آکڑہ اور بنڈل

کتاب ''صفحہ، آکڑہ اور بنڈل'' کو سمجھنے اور اس سے فائدہ اُٹھانے کے لیے ایک خصوصی مضمون

اس مضمون میں روزانہ کے ہونے والے ڈرا اور بانڈ کے ڈرا کی مثالوں کی وضاحت کروں گا کہ کس طرح نظرات کی مدد سے آپ صفحہ، آکڑہ اور بنڈل نکال سکتے ہیں۔

مثال نمبر1-

1 نومبر 2007 کو بانڈ کے ڈرا میں سیکنڈ نمبر پر 21 کا آکڑہ آیا اور اگر ہم کتاب ''صفحہ، آکڑہ اور بنڈل'' میں دی گئی یکم نومبر 2007 کی نظرات دیکھیں تو آپ پائیں گے کہ کتاب کہ صفحہ نمبر 110 پر یہ آکڑہ موجود ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ اس دن صرف دو نظرات بن رہی تھیں۔ ایک (قمر نیم تسدلیس زہرہ) اور دوسری (قمر نیم تربیع زہرہ) اس میں سے دوسری نظر کا نمبر لگا۔ قمر کا نمبر 2 ہوتا ہے۔ اور زہرہ کا 6 چنانچہ نظر نحس تھی اور زہرہ بھی ہبوط میں تھا لہذا ہم زہرہ کے گھر کا نمبر لیں گے زہرہ یہاں زیادہ نحس ہے لہذا ہمارے پاس 12 کا آکڑہ حاصل ہوا۔

اس کے علاوہ سیکنڈ نمبر پر 15 کا آکڑہ بھی آیا تھا وہ بھی کتاب کے 110 صفحہ پر موجود تھا۔ کتاب میں یہ بات واضح طور پر بتائی جا چکی ہے کہ بڑے ستاروں کی دو دون بعد بننے والی نظرات بھی اہمیت کی حامل ہوتی ہیں۔ تو پھر اگر ہم بڑے ستاروں کی آپسی نظرات دیکھیں گے تو ہم پائیں گے کہ اس کے قریب دو نظرات ایسی ہیں جو بڑے ستاروں کے درمیان ہے اور دونوں ہی 2 تاریخ کو بن رہی ہیں۔ پہلی (شمس تربیع چیرون) اور دوسری (عطارد نیم تسدلیس زہرہ) اس میں سے دوسری نظر کا نمبر لگا۔ عطارد کا نمبر 5 ہوتا ہے۔ اور زہرہ کا 6 مگر ہم دیکھ سکتے ہیں کہ زہرہ اس وقت سنبلہ میں تھا اور سنبلہ میں اسے ہبوط ہوتا ہے تو لہذا ہم اس کے گھر کا نمبر لیں گے جو کہ 1 ہے۔ اس طرح ہمارے پاس دو آکڑے آئے۔ 15 کا اور 51 کا اس میں سے 15 کا آکڑہ لگا۔ کیونکہ زہرہ زیادہ نحس تھا۔ اس لیے اُس کے گھر کا نمبر آیا۔

اس کے علاوہ میں نے اس دن کی نظرات کتاب میں سے اُٹھا کر نیچے بھی دی ہیں تا کہ سمجھنے میں آسانی رہے۔ نمبر لگنے والی نظرات کو ہائی لائٹ کر دیا ہے۔

کواکب بمعہ نظر	ابتداء نظر تاریخ اور وقت	تکمیل نظر تاریخ اور وقت	اختتام نظر تاریخ اور وقت	کوکب اول برج و درجات	کوکب دوم برج و درجات
قمر(2) نیم تسدلیس زحل(8)	01-11-07 20:45	01-11-07 21:41	01-11-07 21:59	06 اسد 02	06 سنبلہ 32
قمر(2) نیم تربیع زہرہ(6)	01-11-07 22:31	01-11-07 23:30	01-11-07 23:50	07 اسد 00	22 سنبلہ 30
قمر(2) تربیع شمس(1)	02-11-07 00:19	02-11-07 02:18	02-11-07 03:18	07 اسد 59	08 عقرب 59
قمر(2) مقابلہ چیرون(0/4)	02-11-07 03:13	02-11-07 05:04	02-11-07 05:59	09 اسد 33	10 دلو 33
قمر(2) نیم تسدلیس مریخ(9)	02-11-07 05:27	02-11-07 06:23	02-11-07 06:41	10 اسد 46	11 سرطان 16
شمس(1) تربیع چیرون(0/4)	02-11-07 14:16	03-11-07 14:38	04-11-07 02:49	09 عقرب 34	10 دلو 34

عطارد(5) نیم تسدیس زہرہ(6)	02-11-07 15:09	02-11-07 19:27	03-11-07 09:22	23 میزان 23	23 سنبلہ 13

اسی طرح اگر آپ کتاب میں یکم تاریخ کی دی گئی ڈبی دیکھیں گے تو آپ وہاں سے 157 کا پورا بنڈل حاصل کریں گے جو کہ سیکنڈ پر آیا تھا۔

مثال نمبر2۔

15 نومبر 2007 کو 1500 کے پرائز بانڈ کے ہونے والے ڈرا میں سیکنڈ نمبر پر 733 کا بنڈل آیا یہ بنڈل بھی کتاب میں دی گئی نظرات میں صفحہ نمبر 115 پر موجود تھا۔ اس دن (قمر نیم تسدیس مشتری) کی نظر میں سے یہ بنڈل آیا۔ قمر کا عدد 2 ہوتا ہے اور مشتری کا 3 ہوتا ہے۔ قمر اس وقت جدی میں تھا اور قمر کو وہاں وبال ہوتا ہے تو لہذا ہم قمر کے گھر کا عدد لیں گے جو کہ 7 ہے اور مشتری اس وقت قوس میں تھا جو کہ اس کا اپنا گھر ہے اور اپنے گھر میں بیٹھے ہونے کی وجہ سے مشتری طاقت میں تھا تو لہذا مشتری کے عدد کا مکرر ہوا اور 733 کا بنڈل آیا۔ اس بنڈل میں 3 کا عدد مکرر ہو رہا ہے۔ کتاب (صفحہ، آکڑہ اور بنڈل) میں مکرر عدد سے بننے والے آکڑے اور بنڈل میں الگ سے تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ کیونکہ ڈرا میں 4 آکڑوں اور بنڈلوں میں کوئی نہ کوئی ایسا نمبر ضرور ہوتا ہے جس میں کسی عدد کا مکرر ہوتا ہے اس کے علاوہ روزانہ کے ڈرا میں بھی آپ کو مکرر عددوں سے واسطہ پڑتا ہوگا۔ مگر شاید ہی اس سے پہلے آپ کو کسی کتاب میں کسی عدد کے مکرر ہونے کی وجہ ملے اور بہت سے لوگ اس جگہ آکر پھنس جاتے ہیں کہ کس طرح پتہ چلے گا کہ کون سے عدد کا مکرر ہونا ہے تو میں آپ کو مشورہ دوں گا کہ آپ کتاب کو اچھی طرح سمجھ کر پڑھیں۔ انشاءاللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

قمر(2) نیم تربیع راہو(8)	15-11-07 04:04	15-11-07 05:02	15-11-07 05:22	17 جدی 20	02 حوت 50
قمر(2) نیم تسدیس نیچون(7)	15-11-07 06:57	15-11-07 07:55	15-11-07 08:14	18 جدی 48	19 دلو 18
قمر(2) تسدیس شمس(1)	15-11-07 12:14	15-11-07 14:20	15-11-07 15:23	21 جدی 32	22 عقرب 32
زہرہ(6) نیم تسدیس زحل(8)	15-11-07 12:57	16-11-07 00:28	16-11-07 04:18	07 میزان 00	07 سنبلہ 30

قمر(2) نیم تسدیس مشتری(3)	15-11-07 13:13	15-11-07 14:12	15-11-07 14:32	22 جدی 03	22 قوس 33
قمر(2) نیم تسدیس پلوٹو(0)	15-11-07 22:45	15-11-07 23:43	16-11-07 00:02	27 جدی 00	27 قوس 30

اسی طرح اگر آپ کتاب میں دی گئی ڈبی کو دیکھیں تو وہاں آپ 7334 کا پورا پنگھوڑا پائیں گے۔

مثال نمبر3۔

یکم دسمبر 2007 کو 40000 مالیت کے پرائز بانڈ کے ڈرا میں 4 کا صفحہ آیا۔ 4 کا عدد مریخ کی وجہ سے آیا۔ مریخ اس وقت سرطان میں تھا۔ اور سرطان میں اس وقت ہبوط ہوتا ہے جو کہ ایک کافی نحس حالت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ رجعت میں تھا۔ لہذا اس کے گھر کا عدد 4 آیا۔

اس کے علاوہ 422 کا بنڈل فرسٹ پر آیا تھا۔ یہ پورا بنڈل کتاب (صفحہ، آکڑہ اور بنڈل) کے صفحہ نمبر 121 پر موجود تھا۔ اگر ہم 1 تاریخ کو بننے والی نظرات کو دیکھیں تو ہم پائیں گے کہ یکم تاریخ کو 7 نظرات بن رہی ہیں۔ اور اس ڈرا کے 4 آکڑوں اور بنڈلوں میں سے 3 آکڑے اور بنڈل ان 7 نظرات میں سے ہی آئے ہیں۔

پہلا بنڈل 422 جو فرسٹ پر آیا وہ قمر تسدیس مریخ کی نظرات سے حاصل ہوا میں یہ پہلے بتا چکا ہوں کہ مریخ چونکہ نحس تھا تو لہذا اس کے گھر کا عدد 4 لیں گے اور قمر اس وقت سنبلہ میں اور قمر کو سنبلہ میں 10 ڈگری پر اوج ہوتا ہے اور اس وقت وہ 35-9 پر تھا لہذا وہ کافی سعد تھا اس سے قمر کے عدد کا مکرر ہوا اور 422 کا بنڈل آیا۔

اس کے علاوہ میری اس مثال کے آخر میں اس دن بننے والی تمام نظرات کو کتاب میں سے اُٹھا کر رکھ دیا ہے۔ تاکہ سمجھنے میں آسانی رہے۔

اس کے علاوہ کتاب کے صفحہ نمبر 171 میں یکم دسمبر 2007 کی دی گئی ڈبی میں بھی 4226 کا پورا پنگھوڑا موجود تھا۔

اس کے علاوہ دوسرے نمبر پر 39 کا آکڑہ اور 633 کا بنڈل بھی لگا اگر ہم نظرات کو دیکھیں تو ہم پائیں گے کہ اس دن دو بڑی نظرات بن رہی تھیں اور دونوں نظرات کا نمبر لگا۔ اس کے علاوہ نیچے بھی یکم دسمبر 2007 کی

نظرات دی ہوئی ہیں۔ جو کہ کتاب سے لی گئی ہیں اور آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ان میں صرف دو ایسی نظرات ہیں جو بڑے کواکب کے درمیان ہیں۔ ایک (مشتری نیم تربیع چیرون) اور دوسری (زہرہ تسدیس مشتری) اور ان دونوں کا نمبر لگا۔ ان دونوں کو ذیل میں تفصیل سے بیان کیا جارہا ہے۔

مشتری نیم تربیع چیرون

مشتری کا نمبر 3 ہوتا ہے اور چیرون کا 0 اور 4 آپ نظرات کے دیئے گئے ٹیبل میں دیکھ سکتے ہیں کہ مشتری اس وقت قوس میں 56-25 پر تھا اور چیرون دلو میں 26-11 پر تھا یہ دونوں آپس میں نحس نظر بنا رہے ہیں تو اب ہم ان دونوں میں سے کسی ایک کے گھر کا نمبر لیں گے ہم دیکھ سکتے ہیں کہ مشتری قوس میں ہے یعنی اپنے گھر میں بیٹھا ہوا ہے تو یہ یہاں طاقتور ہوگا تو ہم اس کے گھر کا نمبر نہیں لیں گے لہذا ہم چیرون کے گھر کا عدد لیں گے جو کہ 5 اور 9 ہے۔ یوں ہمارے پاس دو آ کڑے بنے 39 اور 35۔ اس میں سے 39 کا آ کڑہ لگا۔

زہرہ تسدیس مشتری

زہرہ کا نمبر 6 ہوتا ہے اور مشتری کا 3 اور یہ دونوں آپس میں سعد نظر بنا رہے ہیں اور ہم دیکھ سکتے ہیں کہ زہرہ میزان میں ہے اور مشتری قوس میں یعنی دونوں اپنے گھروں میں ہیں۔

لہذا دونوں میں سے کسی ایک کا عدد مکرر ہو سکتا تھا مگر 633 کا بنڈل آیا اور مشتری کا عدد مکرر ہوا اس کی وجہ یہ ہے کہ مشتری کو ویسے بھی ایک سعد کوکب مانا جاتا ہے اس لیے اس کا عدد مکرر ہوا۔

اس کے علاوہ 633 کا بنڈل آپ کتاب کے صفحہ نمبر 171 میں دی گئی ڈبی میں بھی دیکھ سکتے ہیں۔

آپ نے دیکھا کہ اس دن دو بڑی نظرات بن رہی تھیں اور کیسے ان کا نمبر لگا اس کے علاوہ بھی 3 بڑی نظرات اس دن کے قریب بن رہی تھیں جس میں سے دوسری بڑی نظر کا بھی نمبر آیا اور وہ زہرہ تسدیس پلوٹو کا نمبر آیا۔ زہرہ کا نمبر 6 ہوتا ہے اور پلوٹو کا 0 اور اس دن دوسرے نمبر پر 06 کا آ کڑہ آیا۔

قمر(2) مقابلہ راہو(8)	01-12-07 02:36	01-12-07 04:29	01-12-07 05:26	00 سنبلہ 59	01 حوت 59
مشتری(3) نیم تربیع چیرون(0/4)	01-12-07 02:58	03-12-07 22:33	04-12-07 21:10	25 قوس 56	11 دلو 26

زہرہ(6) تسدیس مشتری(3)	01-12-07 11:33	02-12-07 13:15	03-12-07 02:04	25 میزان 01	26 قوس 01
قمر(2) قران زحل(8)	01-12-07 14:32	01-12-07 16:28	01-12-07 17:25	07 سنبلہ 16	08 سنبلہ 16
قمر(2) تربیع شمس(1)	01-12-07 15:39	01-12-07 17:45	01-12-07 18:48	07 سنبلہ 51	08 قوس 51
قمر(2) تسدیس مریخ(9)	01-12-07 18:59	01-12-07 20:52	01-12-07 21:49	09 سنبلہ 35	10 سرطان 35
قمر(2) نیم تربیع زہرہ(6)	01-12-07 19:37	01-12-07 20:41	01-12-07 21:02	09 سنبلہ 54	25 میزان 24
قمر(2) مقابلہ یورانس(4)	02-12-07 03:09	02-12-07 05:05	02-12-07 06:04	13 سنبلہ 48	14 حوت 48
عطارد(5) تربیع راہو(8)	02-12-07 07:28	02-12-07 22:17	03-12-07 05:41	00 قوس 55	01 حوت 55
قمر(2) تربیع مشتری(3)	03-12-07 01:51	03-12-07 03:52	03-12-07 04:52	25 سنبلہ 22	26 قوس 22
قمر(2) نیم تسدیس زہرہ(6)	03-12-07 04:01	03-12-07 05:07	03-12-07 05:29	26 سنبلہ 28	26 میزان 58
قمر(2) تربیع پلوٹو(0)	03-12-07 05:13	03-12-07 07:12	03-12-07 08:12	27 سنبلہ 05	28 قوس 05

زہرہ(6) تسدیس پلوٹو(0)	03-12-07 06:14	04-12-07 03:32	04-12-07 14:10	27 میزان 05	28 قوس 05
شمس(1) تسدیس چیرون(0/4)	03-12-07 07:44	04-12-07 08:33	04-12-07 20:58	10 قوس 32	11 دلو 32

نوٹ:

آپ یہ جانتے ہوں گے کہ آپ لاٹری یا جوئے میں ہر وقت کامیاب نہیں ہوتے، بلکہ بعض اوقات ایسا ہوتا ہوگا کہ آپ نے نمبر استخراج کر لیا مگر نہیں کھیلا اور وہ نمبر آ گیا مگر اگلی دفعہ کھیلا مگر نمبر نہیں آیا تو جب آپ دوبارہ اپنے نمبر استخراج کرنے کے طریقے کو دیکھتے ہوں گے تو آپ وہ نمبر نکال لیتے ہوں گے جو آیا تھا مگر تب آپ نے کچھ اور نکالا اور ہار گئے۔ اور ایسی صورت حال میں آپ پچھتاتے ہوں گے اور اپنے آپ پر خوب غصہ ہوتے ہوں گے کہ میں نے ایسا احمقانہ کام کیسے کیا، میں نے بازی کیسے چھوڑ دی؟

مگر دراصل تب آپ کا وقت ٹھیک نہیں ہوتا۔ ہمارے حساب سے ہر بندہ ہر وقت خوش قسمت یا بد قسمت نہیں ہوتا یا ہر وقت زیادہ خوش قسمت یا زیادہ بد قسمت بھی نہیں ہوتا۔ صورت حال ہر وقت تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ کبھی آپ زیادہ خوش قسمت ہوتے ہیں اور کبھی کم۔ اس کے علاوہ ہمارے حساب سے لاٹری کھیلنے کا یوگ اور لاٹری کا نمبر نکالنے کا یوگ دونوں الگ الگ ہوتے ہیں۔ جس کی وجہ سے بھی یہ مسئلہ ہوتا ہے۔ جیسے کہ آپ نے کبھی شاید کسی ایسے بندے سے ملاقات کی ہو جو نمبر نکالے اور نہ کھیلے تو اس کے نمبر کامیاب ہوتے ہیں مگر اگر وہ نمبر نکال کر خود کھیلے تو ناکام ہو جاتا ہے یہ اسی وجہ سے ہوتا ہے۔ راہنمائے عملیات میں ہر ماہ ''مہورت'' کے نام سے ایک مضمون دیا جاتا ہے جس میں بانڈ خرید نے خاص یوگوں کے اوقات استخراج کیے گئے ہیں۔ آپ بھی اس سہولت سے بغیر کوئی پیسہ خرچ کیے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ نمبر نکالنے کا وقت اور نمبر کھیلنے کا وقت بھی بڑی اہمیت رکھتے ہیں جیسے اگر آپ اپنے خراب وقت میں نمبر نکالتے ہیں تو اس کے نتائج بھی اچھے نہیں ہوں گے یا آپ اپنے نحس وقت میں لاٹری کھیلتے ہیں تو تب بھی آپ ہار جائیں گے۔ اس کے علاوہ اگر آپ اپنے تھوڑے سعد وقت میں چھوٹی لاٹری کھیلیں تو آپ کامیاب ہو جائیں گے مگر ایسے ہی تھوڑے سعد وقت میں بڑی لاٹری کھیلیں تو آپ ناکام ہو جائیں گے۔

اس سلسلے میں آپ ہمارے ادارے (خالد انسٹیٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز) سے رابطہ کر سکتے ہیں اور معلوم کر سکتے ہیں کہ کون سا مہینہ آپ کے لیے زیادہ خوش قسمت ہے اور پھر اس مہینے کا لکی چارٹ بنوا سکتے ہیں جس میں آپ کے روزانہ کے خوش قسمت گھنٹے دیئے ہوں گے۔ اس کے علاوہ میری کتاب ''قسمت اور چانس'' میں بھی لکی چارٹ بنانے کا طریقہ دیا ہوا ہے۔ اس سلسلے میں آپ اس سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ مگر وہ عمومی چارٹ بنانے کا طریقہ ہے مگر اگر آپ ذاتی لکی چارٹ بنانا چاہتے ہوں تو اس کا طریقہ کار مختلف ہوگا۔ اس کے لیے آپ ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے جوابی خط کے ذریعے ادارے سے رابطہ کریں۔

☆☆☆☆☆☆☆

حافظ محمد فرخ جاوید

ماہ رواں میں بننے والی کواکبی نظرات کے خاص اعمال روحانی

زہرہ تربیع زحل

زوجین کے مابین تفرقہ اور عداوت کے لیے

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	05-01-2008	06-01-2008	07-01-2008
وقت	23:26	18:39	13:51

نظر نحس ہے اور اس کا استعمال بھی نحس مقاصد کے لیے ہوگا۔ اس نظر کو استعمال میں لاتے ہوئے آپ زوجین یعنی مرد اور عورت کے درمیان تعلق کو مستقل بنیادوں پر ختم کرنے کے لیے بہت اچھے انداز میں استعمال کر سکتے ہیں۔ بسا اوقات رشتوں کو نبھانے سے بہتر یہ ہی رہتا ہے کہ اُن کو ختم کر دیا جائے۔ لیکن اس نظر کے اگر صحیح استعمال کی بات کی جائے تو یہ ایسے رشتے کو ختم کرنے کے لیے انتہائی موزوں رہے گی کہ جہاں زوجین کے درمیان تعلق شرعی نہ ہو۔ اللہ کا نام لے کر استعمال کریں اور پھر اس کے اثرات دیکھیں۔ اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ آپ نے عمل کو ابتداء نظر سے تکمیل نظر کے دوران میں ختم کر لینا ہے۔ ایسا کرنے سے ہی آپ کے عمل کی مؤثریت میں اضافہ ہوگا۔ اس وقت کے آگے پیچھے کرنے سے عمل کی طاقت میں کمی ہو گی اور آپ کو حسب منشا نتائج کا حصول نہ ہو سکے گا۔ عمل ذیل میں دیا جا رہا ہے۔

اس عمل کی تیاری کے لیے آپ پاک لیکن پرانے کپڑوں کا استعمال کریں۔ قلم آپ سرکنڈے کا بنا لیں اور سیاہی کالے رنگ کی استعمال کریں۔ دو طرح کے نقوش آپ نے تیار کرنے ہیں ایک آپ نے آتشی چال سے بنانا ہے اور دوسرا خاکی چال سے تیار کرنا ہے۔ دوران عمل آپ نے رال کا بخور جلانا ہے۔ عمل کے دوران سر کو ننگا رکھیں۔ بعد از عمل آپ آتشی نقش کو جلا دیں اور خاکی کو قبرستان کی بوسیدہ قبر میں دفنا دیں۔ اللہ نے چاہا تو آپ کو آپ کے مسئلے کا حل مل جائے گا۔ بعد از عمل حسب استطاعت صدقہ دے دیں۔

آتشی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش

یا اللہ　۷۸۶　یا اللہ

۳۷۲	۳۸۶	۳۸۳	۳۷۹
۳۸۴	۳۷۸	۳۷۳	۳۸۵
۳۷۷	۳۸۱	۳۸۸	۳۷۴
۳۸۷	۳۷۵	۳۷۶	۳۸۲

خاکی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش

یا اللہ　۷۸۶　یا اللہ

۳۷۹	۳۸۳	۳۸۶	۳۷۲
۳۸۵	۳۷۳	۳۷۸	۳۸۴
۳۷۴	۳۸۸	۳۸۱	۳۷۷
۳۸۲	۳۷۶	۳۷۵	۳۸۷

مشتری تثلیث زحل

خوش قسمتی اور کامیابی کے حصول کے لیے

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	17-01-2008	21-01-2008	25-01-2008

وقت	22:25	14:14	04:44

یہ نظر سعد ہے اور بنانے والے سیارگان سست رفتار ہیں اور عرصہ دراز کے بعد نظر بناتے ہیں۔ چند خوش قسمت لوگوں کو ہی اس نظر سے مستفید ہونے کا موقع ملتا ہے۔ لہذا اس وقت سے فائدہ اُٹھائیں۔ وہ لوگ جو اس بات سے شاکی رہتے ہیں کہ اُن کے معاملات زندگی صحیح طرح سے اور صحیح رُخ پر نہیں چل رہے ہیں۔ اس کے علاوہ جن لوگوں کو قدم قدم پر ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے کو ضرور اس وقت سے فائدہ اٹھالینا چاہیے اور دیئے گئے عمل کو تیار کر لینا چاہیے۔ وہ لوگ جنہوں نے ابھی ابھی عملی زندگی میں قدم رکھا ہے اور اپنے آپ کو ڈولتا ہوا محسوس کر رہے ہیں تو اُن کے لیے بھی اس وقت کا استعمال نہایت موزوں و مناسب ہے۔ درج ذیل عمل کو تیار کریں اور پھر اللہ کے فضل و کرم سے اس سے فائدہ اُٹھائیں۔ اللہ آپ پر اپنے رحم و کرم کی بارش کرے۔

عمل کی تیاری کے لیے سب سے پہلے پاک صاف جگہ کا بندوبست کر لیں۔ کپڑے نئے ہوں تو بہت بہتر ہے مگر اُن کا پاک ہونا تو بہت ضروری ہے۔ دوران عمل گلاب اور صندل کا بخور جلائیں۔ سیاہی زعفران سے بنائیں۔ اس کے لیے عرقِ گلاب یا آب زمزم استعمال کرنا عمل کی متوثریت میں اضافہ کرنے کا باعث بنے گا۔ عمل شروع کرنے سے پہلے بھوری مائل رنگت کا مرغا بطور صدقہ دے دیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے منہ میں کوئی میٹھی شے رکھ لیں۔ بھوک پیاس کی حالت میں عمل بالکل تیار نہ کریں۔ آپ نے دی گئی چاروں چالوں سے نقوش تیار کرنے ہیں۔ اس کے بعد آپ نے آتشی کو جلا دینا ہے' آبی کو بہتے صاف پانی میں بہا دینا ہے' خاکی کو کسی باغ یا نہر کے کنارے دفن کر دینا ہے اور بادی کو میٹھے پھلدار درخت کی شاخ سے باندھ دینا ہے۔ اگر ایسا نہ ہو سکے تو اس کو اپنے کاروبار کرنے کی جگہ یا دفتر میں بھی لٹکا سکتے ہیں۔ عمل کے بعد آپ نے کالی رنگت والی مرغی زندہ بطور صدقہ دینی ہے۔ آپ کا عمل اختتام کو پہنچا۔ اب آپ انتظار کریں کہ کیسے آپ کے معاملات پٹری پر واپس آتے ہیں؟ اللہ نے چاہا تو آپ تھوڑے عرصے میں ہی اس عمل کے نتائج دیکھیں گے۔

آتشی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش

یا اللہ ۷۸۶ یا اللہ

۱۲۶	۱۲۹	۱۳۲	۱۱۹
۱۳۱	۱۲۰	۱۲۵	۱۳۰
۱۲۱	۱۳۴	۱۲۷	۱۲۴
۱۲۸	۱۲۳	۱۲۲	۱۳۳

یا اللہ یا اللہ

خاکی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش

یا اللہ ۷۸۶ یا اللہ

۱۱۹	۱۳۲	۱۲۹	۱۲۶
۱۳۰	۱۲۵	۱۲۰	۱۳۱
۱۲۴	۱۲۷	۱۳۴	۱۲۱
۱۳۳	۱۲۲	۱۲۳	۱۲۸

یا اللہ یا اللہ

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

یا اللہ ۷۸۶ یا اللہ

۱۲۹	۱۲۶	۱۱۹	۱۳۲
۱۲۰	۱۳۱	۱۳۰	۱۲۵
۱۳۴	۱۲۱	۱۲۴	۱۲۷
۱۲۳	۱۲۸	۱۳۳	۱۲۲

یا اللہ یا اللہ

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش

یا اللہ ۷۸۶ یا اللہ

۱۳۲	۱۱۹	۱۲۶	۱۲۹
۱۲۵	۱۳۰	۱۳۱	۱۲۰
۱۲۷	۱۲۴	۱۲۱	۱۳۴
۱۲۲	۱۳۳	۱۲۸	۱۲۳

یا اللہ یا اللہ

زہرہ تثلیث زحل

زوجین کے مابین تعلقات کو مستقل کے لیے

	ابتداءِ نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	29-01-2008	30-01-2008	31-01-2008
وقت	12:49	07:19	01:49

نظر سعد ہے اور اگر آپ اس کو لوازم عمل کے ساتھ کر پائے تو آپ کو کامیابی ملنے کے امکانات بہت زیادہ ہیں۔ آج کل کے دور میں جہاں ہر طرف نفسا نفسی کا عالم ہے۔ کسی کو کسی کی خبر نہ ہے۔ رشتوں کا احترام ختم ہوتا جا رہا ہے۔ خوب سے خوب تر کی تلاش نے انسان کو کہیں کا نہیں چھوڑا ہے۔ خاوند کو بیوی کی فکر نہیں ہے اور بیوی کو خاوند کی فکر نہیں ہے۔ اس صورتحال کی

وجہ سے خاندان کی اکائی ٹوٹتی جارہی ہے۔ ایسے وقت میں اس نظر کا ملنا اور پھر اس کے ثمرات سے فائدہ اُٹھالینا بہت بڑی خوش نصیبی ہے۔

ہر اُس انسان کو جو رشتوں کی وجہ سے تکلیف اُٹھائے بیٹھا ہے کو اس وقت کے ثمرات سے فائدہ اُٹھانا چاہیے تا کہ وہ اپنی زندگی میں خوشیوں کا منہ دیکھ سکے۔ ایسے خواتین و حضرات جو اپنے شریک حیات کے رویے کی وجہ سے شاکی ہیں اور اس بات کو محسوس کرتے ہیں کہ کہ اُن کا رشتہ خدانخواستہ ٹوٹ جائے گا اور وہ مسائل کا شکار ہو جائیں گے کہ کے لیے تو یہ وقت بہت ہی اچھا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے عمل کو اپنے استعمال میں لے کر آئیں اور اپنے آپ کو ازدواجی مسائل سے مستقل بنیادوں پر چھٹکارہ دلوائیں۔

درج ذیل عمل کے دو حصے ہیں۔ ایک طرف تو آپ نے حرفی نقش تحریر کرنا ہے اور دوسری طرف آپ نے دی گئی تکسیر کو تحریر کرنا ہے۔ اس کو آپ نے پانچ کی تعداد میں بنانا ہے۔ ایک کو آپ نے خود گلے میں پہننا ہے، دوسرے کو شریک حیات کے گلے میں پہنانا ہے۔ باقی تین نقوش کو آپ نے باری باری پانی میں ڈال کر استعمال میں لانا ہے۔ ہر ایک نقش سات دن تک استعمال میں رہے گا۔ آٹھویں دن دوسرا اور پندرھویں دن تیسرا نقش استعمال کریں۔ بعد از تیاری عمل کالی مرغی زندہ اور میٹھے چاول پکا کر غریبوں میں بانٹ دیں۔ اللہ کی ذات سے اُمید کامل ہے کہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ ٹوٹتے رشتے پھر سے جڑ جائیں گے اور خاندان آباد و شاد ہو جائیں گے۔ اللہ ہم سب کے حال پر اپنا فضل و کرم کرے۔ آمین۔

حرفی نقش

یالطیف	یاباقی	یاودود	یاجامع	یاواسع
یاجامع	یاواسع	یالطیف	یاباقی	یاودود
یاباقی	یاودود	یاجامع	یاواسع	یالطیف
یاواسع	یالطیف	یاباقی	یاودود	یاجامع
یاودود	یاجامع	یاواسع	یالطیف	یاباقی

تکسیر

ج ا م ع ل ط ی ف و د س ب ق
ق ج ب ا س م د ع و ل ف ط ی
ی ق ط ج ف ب ل ا و س ع م د
د ی م ق ع ط س ج و ف ا ب ل
ل د ب ی ا م ف ق و ع ج ط س

س ل ط د ج ب ع ی و ا ق م ف
ف س م ل ق ط ا د و ج ی ب ع
ع ف ب س ی م ج ل و ق د ط ا
ا ع ط ف د ب ق س و ی ل م ج

صفحہ 65 سے آگے “آج کا دن”

28 جنوری بروز پیر

قمر تثلیث نیچون

آج کے دن میں آپ زیادہ تر روٹین کے کاموں میں اپنے آپ کو مشغول پائیں گے۔ نئے کام کو شروع کرنے کے حوالے سے آج کا دن موزوں نہیں ہے۔ خیالات کی بھرمار رہے گی۔ اب یہ آپ پر ہے کہ آپ کس طرح اُن سے کام لیتے ہیں۔

29 جنوری بروز منگل

قمر تثلیث عطارد / قمر تثلیث مریخ / قمر تسدیس پلوٹو

صبح کے وقت میں آپ اپنی ذہنی قوتوں کی مدد سے اپنے کام اور اپنے معاملات کو حل کر پائیں گے۔ لوگوں تک اپنی بات پہنچانا آسان رہے گی۔ ہمت اور حوصلے سے کام کرنا بہتر رہے گا۔ جوش اور جذبہ آپ کے کافی کام آئے گا۔ مذہبی امور کی طرف بھی دھیان رہے گا۔

30 جنوری بروز بدھ

قمر تسدیس زہرہ / قمر تسدیس زحل / زہرہ تثلیث زحل / قمر تسدیس مشتری / قمر تربیع شمس / قمر تثلیث یورانس

آج کا دن ایک متحرک دن ہے۔ عورتوں سے متعلقہ معاملات میں آپ کو آسانی رہے گی۔ شادی بیاہ اور منگنی کے حوالے سے آج کا دن موزوں رہے گا۔ روپے پیسے کے لین دین میں آسانی رہے گی مگر صاحب حیثیت لوگوں سے متعلقہ معاملات حل نہ ہوں گے۔

31 جنوری بروز جمعرات

قمر تربیع نیچون / قمر تربیع عطارد

صبح کے وقت میں اجنبی لوگوں سے ملنے میں آپ کو احتیاط برتنا ہو گی کیونکہ اُن کی وجہ سے آپ کو نقصان ہو سکتا ہے۔ خیالات کی دنیا سے باہر نکل آئیں۔ دوپہر کے وقت میں کاروباری معاملات طے کرنے میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ دستاویزات کی تیاری میں احتیاط سے کام لیں، غلطی ہونے کا احتمال ہے۔

زحل مشتری اور آپ

زحل کے اثرات کو علم نجوم میں فوقیت حاصل ہے اور کوئی بھی فرد زحل کے اثرات کی کارستانیوں (مثلاً ساڑھ ستی اور ڈھایہ وغیرہ) سے انکار نہیں کر سکتا۔ ہر فرد زحل کی نحوست سے بچنے اور مشتری کی سعادت سے فائدہ اٹھانے کا خواہش مند ہوتا ہے۔

اگر آپ یہ جاننے کے خواہش مند ہوں کہ زحل اور مشتری آنے والے دنوں میں آپ کو مالی، مادی، شادی، اولاد، صحت، کاروبار، نوکری، سحر، سفر، دشمنی، مقدمہ، وراثت، گھریلو حالات، بہن بھائیوں، دوستوں اور عزیز و اقارب سے تعلقات، خفیہ دشمنوں وغیرہ وغیرہ جیسے معاملات میں سے کن سے اور کیسے متاثر کریں گے تو آج ہی رابطہ کریں۔ ہم آپ کے لیے ایک جامع ترین رپورٹ تیار کریں گے۔ جو زیر بحث موضوع یعنی زحل و مشتری کے تحت متفرق معاملات کے بیان کے علاوہ دفع نحوست کے لیے عمومی مشاورت، صدقات، جواہرات، عملیات اور وظائف کا بیان بھی لیے ہوئے ہوگی۔

ایک ایسی نجومی رپورٹ جسے پڑھ کر آپ محسوس کریں گے کہ واقعی ایک صاحب علم کے محبت بھرے دل نے پوری سچائی کھول کر آپ کے سامنے رکھ دی ہے۔

مندرجہ بالا رپورٹ کے لیے اپنا مکمل نام، نام والدہ، اگر درست تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور مقام پیدائش معلوم ہو تو وہ بھی تحریر کریں۔ اگر پیدائشی کوائف درست نہ ہوں یا کچھ شبہ ہو تو بھی پوری بات لکھیں کہ یہ کوائف کس حد تک درست ہیں۔ اگر پیدائش کے کوائف درست نہ ہوں یا کچھ شبہ ہو تو پھر اندازاً عمر اور خط تحریر کرنے کا درست وقت، تاریخ اور مقام لازم تحریر کریں۔

آنے والا کل

(ٹرانزٹ سسٹم)

جانیے آنے والا کل آپ کے لیے کیا لے کر آ رہا ہے؟

ٹرانزٹ سسٹم کے تحت کسی بھی مخصوص عرصے کے لیے کواکب کی فطری حرکت کو پیدائشی زائچہ کے حوالے سے بیان کیا جاتا ہے۔ اس رپورٹ کے تحت کواکب جیسے کہ شمس، زہرہ، عطارد، مشتری اور زحل وغیرہ کی پیدائشی زائچہ کے مختلف گھر میں داخلے کے زیر تحت پیدا ہونے والے اثرات و احکامات کو بیان کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کواکب کی جاری حرکات کی وجہ سے پیدائشی زائچہ میں موجود کواکب سے بننے والی اہم سعد اور نحس نظرات کی وجہ سے انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں مثلاً شادی، روزگار، دولت، گھر، بچے، صحت، امراض وغیرہ پر جو اثرات مرتب ہوتے ہیں ان کو بھی بیان کیا جائے گا۔

اس رپورٹ کی مدد سے آپ آنے والے کل کے حوالے سے فطرت کی وہ کارفرمائیاں جان سکیں گے کہ جو صرف آپ کے لیے ہیں۔ یوں فطرت کے رموز واوقاف سے واقف ہو کر آپ آنے والے کل کو بہتر سے بہتر بنا سکتے ہیں۔ وقت چونکہ بذات خود بہت بڑی دولت ہے اور اگر انسان کو اسے استعمال کرنے کا طریقہ آ جائے تو اس سے نفع بخش بات کیا ہو سکتی ہے۔

اس رپورٹ کو حاصل کرنے کے لیے اپنا نام، والدہ کا نام، تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور جگہ پیدائش ہمراہ مقررہ فیس کے ارسال کریں۔

ماہ جنوری 2008

کون سی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟

خالد اسحاق راٹھور

مختصراً سمجھ لیں کہ علمی لحاظ سے زہرہ و مشتری جو سعد ترین کواکب ہیں ان کی باہمی سعد نظر ہمیشہ اچھے اثرات کی حامل نہیں ہوتی۔ لیکن بہت سے لوگ بلا علم ہر نظر کی سعادت و نحوست پر اعمال تحریر کر دیتے ہیں اور ضرورت مند کر بھی لیتے ہیں جو کہ فائدہ مند نہیں رہتے۔ سو راہنمائے عملیات کے قارئین کی خصوصی راہنمائی کے لیے ہر ماہ یہ مضمون تحریر کیا جاتا ہے۔ تا کہ کوئی بھی کواکبی نظر ہو آپ اس مضمون کو مدنظر رکھ کر ایسے وقت عمل کریں جب کامیابی کا زیادہ سے زیادہ امکان ہو۔

نظرات کواکب

ماہ جنوری

01	07:12	قمر تربیع عطارد
01	10:54	قمر تثلیث نپچون
02	04:53	قمر تسدیس پلوٹو
02	05:34	قمر تثلیث مریخ
02	07:07	قمر تثلیث راہو
02	13:17	قمر تسدیس مشتری
02	23:32	قمر تسدیس زحل
03	02:34	مریخ مقابلہ پلوٹو
03	06:58	قمر تسدیس شمس
03	09:38	قمر تربیع چیرون
03	13:50	قمر تثلیث یورانس
03	23:46	قمر تربیع نپچون
04	05:31	قمر تسدیس عطارد
04	19:32	قمر تربیع راہو
05	08:20	قمر قران زہرہ
05	11:54	قمر تربیع زحل
05	22:18	قمر تسدیس چیرون
06	02:15	قمر تربیع یورانس
06	11:56	قمر تسدیس نپچون
06	17:19	شمس تسدیس یورانس
06	18:39	زہرہ تربیع زحل
07	02:35	قمر مقابلہ مریخ

اس مضمون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نقوش اور روحانی اعمال تیار کرنے والے عامل یا عام لوگوں کو جن کو نجوم و عملیات کی معمولی سمجھ ہے یا بالکل نہیں ہے اس مضمون کی مدد سے صرف ایسے وقت میں نقش یا اعمال تیار کریں جو موثر ثابت ہوں اور ان کا وقت، رقم اور محنت ضائع نہ ہو۔ باقی اللہ مالک ہے۔ یہ مضمون عملیاتی اور روحانی حوالے سے ہر عامل کامل کا راہنما ثابت ہو گا۔ اپنی آراء ضرور ارسال کریں کہ اس کو کس طرح مزید بہتر اور قارئین کے لیے مفید بنایا جا سکتا ہے؟

کواکبی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر......یعنی نقش، تعویذ و عمل تیار کریں یا نہ کریں؟
زہرہ تربیع زحل	05-01-2008 23:26	06-01-2008 18:39	07-01-2008 13:51	نظر کو نحس ہے اور اعمال نحس کے لیے مجرب خیال کی جاتی ہے۔ لیکن جاری زائچہ کے مطابق اعمال نحس میں کامیابی کا تناسب 60فی صد سے زیادہ نہ ہو گا۔
مشتری تثلیث زحل	17-01-2008 22:55	21-01-2008 14:14	25-01-2008 04:44	بنیادی طور پر بری نظر نہیں ہے لیکن جاری کواکبی صورت حال میں اس نظر کے تحت تیار کردہ اعمال روحانی موثر نہ ہوں گے۔ نتائج 40فی صد سے زیادہ نہ ہوں گے۔
زہرہ مقابلہ مریخ	19-01-2008 14:42	20-01-2008 08:11	21-01-2008 01:46	نظری اعتبار سے یہ اعمال نحس کے لیے مجرب وقت ہے۔ جاری کواکبی حالات کے تحت تیار کردہ اعمال نحس 70/60فی صد تک کامیاب رہیں گے۔
عطارد تثلیث مریخ	26-01-2008 09:06		31-01-2008 23:18	بنیادی طور پر بری نظر نہیں ہے لیکن جاری کواکبی صورت حال میں اس نظر کے تحت تیار کردہ اعمال روحانی موثر نہ ہوں گے۔ نتائج 40فی صد سے زیادہ نہ ہوں گے۔
زہرہ تثلیث زحل	29-01-2008 12:49	30-01-2008 07:19	31-01-2008 01:49	سعد وقت ہے جو بھی سعد عمل و لوح تیار کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ کامیابی 70فی صد کے قریب ہے۔

نظرات کواکب برائے ماہ جنوری

تاریخ	وقت	نظر
07	05:28	قمر قران پلوٹو
07	06:45	قمر تسدیس راہو
07	15:27	قمر قران مشتری
07	22:42	قمر تثلیث زحل
08	12:54	قمر تسدیس یورانس
08	16:37	قمر قران شمس
09	20:39	قمر قران عطارد
10	16:35	قمر تسدیس زہرہ
10	18:09	قمر قران چیرون
11	06:31	قمر قران نپچون
11	10:04	زہرہ تسدیس چیرون
11	17:29	قمر تثلیث مریخ
11	22:52	قمر تسدیس پلوٹو
11	23:19	قمر قران راہو
12	09:50	قمر تسدیس مشتری
12	14:20	قمر مقابلہ زحل
12	22:23	زہرہ تربیع یورانس
13	04:12	قمر قران یورانس
13	04:46	قمر تربیع زہرہ
13	16:25	قمر تسدیس شمس
13	22:24	قمر تربیع مریخ
14	04:41	قمر تربیع پلوٹو
14	16:02	قمر تربیع مشتری
14	19:28	پلوٹو تسدیس راہو
14	23:34	قمر تسدیس عطارد
15	06:10	قمر تسدیس چیرون
15	14:30	قمر تثلیث زہرہ
15	17:24	قمر تسدیس نپچون
16	00:46	قمر تربیع شمس
16	01:41	قمر تسدیس مریخ
16	08:26	قمر تسدیس راہو
16	08:40	قمر تثلیث پلوٹو
16	20:20	قمر تثلیث مشتری
16	22:31	قمر تثلیث زحل
17	00:36	زہرہ تسدیس نپچون
17	08:40	قمر تربیع عطارد
17	09:27	قمر تربیع چیرون
17	12:08	قمر تسدیس یورانس
17	17:05	عطارد قران چیرون
17	20:14	قمر تربیع نپچون
18	07:06	قمر تثلیث شمس
18	10:33	قمر تربیع راہو
19	00:20	قمر تربیع زحل
19	11:31	قمر تثلیث چیرون
19	14:03	قمر تربیع یورانس
19	15:35	قمر تثلیث عطارد
19	22:02	قمر تثلیث نپچون
20	04:14	قمر مقابلہ زہرہ
20	04:36	قمر قران مریخ
20	08:11	زہرہ مقابلہ مریخ
20	11:58	قمر تثلیث راہو
20	12:47	قمر مقابلہ پلوٹو
21	01:32	قمر مقابلہ مشتری
21	01:46	قمر تسدیس زحل
21	14:14	مشتری تثلیث زحل
21	15:57	قمر تثلیث یورانس
22	18:36	قمر مقابلہ شمس
23	06:15	عطارد قران نپچون
23	16:56	قمر مقابلہ چیرون
23	20:18	زہرہ تسدیس راہو
24	03:50	قمر مقابلہ نپچون
24	05:14	قمر مقابلہ عطارد
24	09:45	قمر تسدیس مریخ
24	11:56	زہرہ قران پلوٹو
24	18:11	قمر مقابلہ راہو
24	19:44	قمر تثلیث پلوٹو
24	20:30	قمر تثلیث زہرہ
25	09:14	قمر قران زحل
25	11:12	قمر تثلیث مشتری
26	01:45	قمر مقابلہ یورانس
26	16:33	قمر تربیع مریخ
27	03:39	قمر تربیع پلوٹو
27	10:26	قمر تربیع زہرہ
27	16:57	قمر تثلیث شمس
27	20:58	قمر تربیع مشتری
28	09:08	قمر تثلیث چیرون
28	21:03	قمر تثلیث نپچون
29	02:21	قمر تثلیث عطارد
29	02:48	قمر تثلیث مریخ
29	12:16	قمر تثلیث راہو
29	14:47	قمر تسدیس پلوٹو
30	04:32	قمر تسدیس زہرہ
30	04:50	قمر تسدیس زحل
30	07:19	زہرہ تثلیث زحل
30	09:46	قمر تسدیس مشتری
30	10:03	قمر تربیع شمس
30	21:35	قمر تربیع چیرون
30	24:00	قمر تثلیث یورانس
31	09:34	قمر تربیع نپچون
31	13:35	قمر تربیع عطارد

کواکب داخلہ' رجعت و استقامت' شرف وہبوط'

داخلہ کواکب فی البروج

عطارد در دلو: 8 جنوری صبح 9-47

شمس در دلو: 20 جنوری رات 9-45

زہرہ در جدی: 24 جنوری دوپہر 1-07

پلوٹو در جدی: 26 جنوری صبح 8-45

رجعت و استقامت کواکب

عطارد: رجعت 29 جنوری صبح 1-25

مریخ: استقامت: 31 جنوری صبح 3-33

شرف و ہبوط کواکب

ہبوط قمر:

2 جنوری صبح 10-36 تا دوپہر 12-38

حضیض شمس:

10 جنوری صبح 2-34 تا 11 جنوری صبح 2-07

حضیض قمر:

12 جنوری دوپہر 3-59 تا دوپہر 5-47

شرف قمر:

16 جنوری دوپہر 12-35 تا دوپہر 2-16

اوج قمر:

25 جنوری دوپہر 12-15 تا دوپہر 2-05

ہبوط قمر:

29 جنوری رات 6-38 تا رات 8-39

حضیض زہرہ:

17 جنوری صبح 4-56 تا 18 جنوری صبح 00-32

ماہانہ قمری حالتیں

نیا چاند: 8 جنوری دوپہر 4-38

نصف چاند: 16 جنوری صبح 00-47

مکمل چاند: 22 جنوری رات 6-36

نصف چاند: 30 جنوری صبح 10-04

کواکبی تقویم برائے ماہ جنوری 2008

صبح 5 بجے پاکستان کے وقت کے مطابق
غ سے مراد ''رجعت'' ہے

تاریخ	کواکبی وقت	قمر	شمس	عطارد	زہرہ	مریخ	مشتری	زحل	یورانس	نپچون	پلوٹو	راس
01	06-40	19 میزان 17	56 جدی 09	16 جدی 18	31 قوس 01	ع53 جوزا 29	01 جدی 03	ع25 سنبلہ 08	22 حوت 15	15 دلو 20	08 قوس 29	ع20 حوت 00
02	06-44	14 میزان 29	57 جدی 10	54 جدی 19	43 قوس 02	ع31 جوزا 29	15 جدی 03	ع24 سنبلہ 08	24 حوت 15	17 دلو 20	10 قوس 29	ع17 حوت 00
03	06-48	05 عقرب 11	5ہ جدی 11	32 جدی 21	56 قوس 03	ع10 جوزا 29	28 جدی 03	ع23 سنبلہ 08	26 حوت 15	19 دلو 20	12 قوس 29	ع14 حوت 00
04	06-51	56 عقرب 22	59 جدی 12	10 جدی 23	09 قوس 05	ع50 جوزا 28	42 جدی 03	ع21 سنبلہ 08	28 حوت 15	21 دلو 20	15 قوس 29	ع11 حوت 00
05	06-55	52 قوس 04	00 جدی 14	47 جدی 24	22 قوس 06	ع29 جوزا 28	56 جدی 03	ع19 سنبلہ 08	30 حوت 15	23 دلو 20	17 قوس 29	ع08 حوت 00
06	06-59	55 قوس 16	01 جدی 15	25 جدی 26	35 قوس 07	ع10 جوزا 28	09 جدی 04	ع17 سنبلہ 08	32 حوت 15	25 دلو 20	19 قوس 29	ع04 حوت 00
07	07-03	07 قوس 29	03 جدی 16	03 جدی 28	48 قوس 08	ع51 جوزا 27	23 جدی 04	ع15 سنبلہ 08	34 حوت 15	27 دلو 20	21 قوس 29	ع01 حوت 00
08	07-07	30 جدی 11	04 جدی 17	41 جدی 29	01 قوس 10	ع33 جوزا 27	37 جدی 04	ع13 سنبلہ 08	36 حوت 15	29 دلو 20	23 قوس 29	ع58 دلو 29
09	07-11	04 جدی 24	05 جدی 18	18 دلو 01	14 قوس 11	ع15 جوزا 27	50 جدی 04	ع11 سنبلہ 08	38 حوت 15	31 دلو 20	25 قوس 29	ع55 دلو 29
10	07-15	49 دلو 06	06 جدی 19	55 دلو 02	27 قوس 12	ع58 جوزا 26	04 جدی 05	ع09 سنبلہ 08	40 حوت 15	33 دلو 20	28 قوس 29	ع52 دلو 29
11	07-19	45 دلو 19	07 جدی 20	31 دلو 04	40 قوس 13	ع42 جوزا 26	18 جدی 05	ع07 سنبلہ 08	43 حوت 15	35 دلو 20	30 قوس 29	ع49 دلو 29
12	07-23	54 حوت 02	09 جدی 21	06 دلو 06	54 قوس 14	ع27 جوزا 26	31 جدی 05	ع04 سنبلہ 08	45 حوت 15	37 دلو 20	32 قوس 29	ع45 دلو 29
13	07-27	14 حوت 16	10 جدی 22	40 دلو 07	07 قوس 16	ع12 جوزا 26	45 جدی 05	ع02 سنبلہ 08	47 حوت 15	39 دلو 20	34 قوس 29	ع42 دلو 29
14	07-31	47 حوت 29	11 جدی 23	13 دلو 09	20 قوس 17	ع58 جوزا 25	58 جدی 05	ع59 سنبلہ 07	50 حوت 15	41 دلو 20	36 قوس 29	ع39 دلو 29
15	07-35	32 حمل 13	12 جدی 24	45 دلو 10	33 قوس 18	ع45 جوزا 25	12 جدی 06	ع56 سنبلہ 07	52 حوت 15	43 دلو 20	38 قوس 29	ع36 دلو 29
16	07-39	31 حمل 27	13 جدی 25	14 دلو 12	47 قوس 19	ع33 جوزا 25	25 جدی 06	ع54 سنبلہ 07	54 حوت 15	45 دلو 20	40 قوس 29	ع33 دلو 29
17	07-43	43 ثور 11	14 جدی 26	41 دلو 13	00 قوس 21	ع21 جوزا 25	38 جدی 06	ع51 سنبلہ 07	57 حوت 15	47 دلو 20	42 قوس 29	ع29 دلو 29
18	07-47	05 ثور 26	15 جدی 27	05 دلو 15	14 قوس 22	ع11 جوزا 25	52 جدی 06	ع48 سنبلہ 07	59 حوت 15	49 دلو 20	44 قوس 29	ع26 دلو 29
19	07-51	34 جوزا 10	16 جدی 28	25 دلو 16	27 قوس 23	ع01 جوزا 25	05 جدی 07	ع44 سنبلہ 07	02 حوت 16	51 دلو 20	46 قوس 29	ع23 دلو 29
20	07-55	06 جوزا 25	17 جدی 29	41 دلو 17	41 قوس 24	ع52 جوزا 24	18 جدی 07	ع41 سنبلہ 07	05 حوت 16	54 دلو 20	48 قوس 29	ع20 دلو 29
21	07-58	35 سرطان 09	18 دلو 00	52 دلو 18	54 قوس 25	ع43 جوزا 24	32 جدی 07	ع38 سنبلہ 07	07 حوت 16	56 دلو 20	50 قوس 29	ع17 دلو 29
22	08-02	54 سرطان 23	20 دلو 01	58 دلو 19	08 قوس 27	ع36 جوزا 24	45 جدی 07	ع35 سنبلہ 07	10 حوت 16	58 دلو 20	52 قوس 29	ع14 دلو 29
23	08-06	58 اسد 07	21 دلو 02	57 دلو 20	21 قوس 28	ع29 جوزا 24	58 جدی 07	ع31 سنبلہ 07	12 حوت 16	00 دلو 21	54 قوس 29	ع10 دلو 29
24	08-10	42 اسد 21	22 دلو 03	49 دلو 21	35 قوس 29	ع23 جوزا 24	11 جدی 08	ع28 سنبلہ 07	15 حوت 16	02 دلو 21	56 قوس 29	ع07 دلو 29
25	08-14	04 سنبلہ 05	23 دلو 04	33 دلو 22	49 جدی 00	ع18 جوزا 24	24 جدی 08	ع24 سنبلہ 07	18 حوت 16	04 دلو 21	58 قوس 29	ع04 دلو 29
26	08-18	05 سنبلہ 18	24 دلو 05	08 دلو 23	03 جدی 02	ع14 جوزا 24	37 جدی 08	ع21 سنبلہ 07	21 حوت 16	07 دلو 21	00 قوس 30	ع01 دلو 29
27	08-22	44 میزان 00	25 دلو 06	34 دلو 23	16 جدی 03	ع11 جوزا 24	50 جدی 08	ع17 سنبلہ 07	23 حوت 16	09 دلو 21	02 جدی 00	ع58 دلو 28
28	08-26	05 میزان 13	26 دلو 07	49 دلو 23	30 جدی 04	ع08 جوزا 24	03 جدی 09	ع13 سنبلہ 07	26 حوت 16	11 دلو 21	03 جدی 00	ع55 دلو 28
29	08-30	12 میزان 25	27 دلو 08	ع53 دلو 23	44 جدی 05	ع06 جوزا 24	16 جدی 09	ع09 سنبلہ 07	29 حوت 16	13 دلو 21	05 جدی 00	ع51 دلو 28
30	08-34	10 عقرب 07	27 دلو 09	ع45 دلو 23	58 جدی 06	ع05 جوزا 24	29 جدی 09	ع05 سنبلہ 07	32 حوت 16	16 دلو 21	07 جدی 00	ع48 دلو 28
31	08-38	03 عقرب 19	28 دلو 10	ع27 دلو 23	11 جدی 08	05 جوزا 24	42 جدی 09	ع01 سنبلہ 07	35 حوت 16	18 دلو 21	09 جدی 00	ع45 دلو 28

خالد روحانی جنتری

خالد روحانی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے۔ یہ سال بھر کے لیے آپ کی تمام نجومی و عملیاتی ضرورتوں کو پورا کرے گی۔ مختلف موضوعات پر بہترین مضامین اس کو مقابلے کی تمام تقویموں اور جنتریوں سے ممتاز کر دیتے ہیں۔ تمام بروج کے سالانہ حالات، ملکی حالات، تمام سال کی تقویم و تاریخوں کا حساب، کواکب کے شرف وہبوط و داخلہ بروج کا بیان، گرہن، سحری و افطاری کے اوقات، نظرات کواکب، عملیات، نجوم اور دیگر علوم مخفی پر مضامین اس کا لازمی حصہ ہیں۔ مکمل تفصیل آپ خالد روحانی جنتری دیکھ کر ہی جان سکتے ہیں۔ بس یوں سمجھ لیں یہ جنتری پیشہ ور نجومی، عامل سے لیکر علوم مخفی کے طلباء اور عام لوگوں کے لیے بھی مفید ہے۔ عملیات اور مختلف موضوعات پر مضمون اس کی خاص صفت ہیں۔ سال 2008 کی جنتری عملیات محبت و تسخیر کے موضوع پر مشتمل خاص نمبر سمیت شائع کی گئی ہے۔

خالد ہندی جنتری

ہندی حساب سے پاکستان میں شائع ہونے والی پہلی اور واحد جنتری ہے۔ اس میں ہندی حساب سے سالانہ حالات کے علاوہ تمام حسابات پاکستانی وقت کے مطابق دیئے گئے ہیں۔ تتھی، نچھتر، یوگ، لگن سارنی، ہندی کواکبی رفتاریں اور بہت ساری دیگر معلومات جو تمام تر ہندی حساب سے ہیں۔ پاکستان کے وہ نجومی حضرات جو انڈیا سے آئی جنتریاں جو کہ انڈیا کے وقت کے مطابق تیار کی جاتی ہیں استعمال کرتے تھے ان کے لیے یہ ایک نعمت سے کم نہیں۔ کسی بھی حساب کو پاکستان کے وقت کے مطابق کرنے یا تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ آپ کی سہولت کے لیے ہم نے یہ سب محنت کر دی ہے۔ پاکستان کے تمام اہم شہروں کی لگن سارنی بھی اس میں شامل ہے۔ ہندی حاسب سے کواکبی تقویم بھی سال بھر کی تمام ضروریات کے مطابق شامل کر دی گئی ہے۔

قمر در بزوج و منازل تتھی، یوگ وغیرہ

تاریخ	تتھی	ابتداء	یوگ	ابتدا	منزل	ابتداء	برج	ابتدا	کواکبی پوزیشن وغیرہ
1	نومی	01-57	گنڈ	10-06	اکلیل	21-53	میزان		
2	دشمی	04-22	بریدھی	10-53	قلب	23-54	عقرب	6-32	ہبوط قمر
3	ایکادشی	06-57	دھرو	11-45					
4	دوادشی	09-30	ویاگھات	12-33	شولہ	01-55	قوس	19-11	
5	ترودشی	11-50	برشن	13-12	لغائم	03-48			
6	چودش	13-49	وبحر	13-35	بلدہ	05-25			
7	اماوس	15-25	سدھی	13-40	ذابح	06-41	جدی	06-41	
8	ماگھ بدی	16-35	ویتی پات	13-26	بلعہ	07-35			عطارد در دلو/نیا چاند
9	دوج	17-20	دریان	12-53	سعود	08-06	دلو	16-11	
10	تیج	17-40	پریکھ	12-01	اخبیہ	08-15			حضیض شمس
11	چوتھ	17-37	شو	10-51	مقدم	08-03	حوت	23-41	
12	پنچمی	17-11	سدہ	09-24	موخر	07-29			حضیض قمر
13	چھشٹی	16-22	سادہ	07-39	رشا	06-35			
14	سپتمی	15-11	شبھ	05-37	شرطین	05-21	حمل	05-21	
15	اشٹمی	13-38	شکل	03-16	بطین	03-46			
16	نومی	11-44	برھم ایندر	00-37 21-43	ثریا دبران	01-52 23-40	ثور	09-12	شرف قمر/نصف چاند
17	دشمی	09-33	ویدھرتی	18-36	ھقعہ	21-13			حضیض زہرہ
18	ایکادشی	07-06	وشکمبھ	15-19	ھنعہ	18-34	جوزا	11-29	
19	دوادشی	04-28	پریتی	11-55	ذراعہ	15-50			
20	ترودشی چودش	01-46 23-09	آیوشمان	08-31	نثرہ	13-05	سرطان	13-05	شمس در دلو
21	پورنماں	20-44	سوبھاگ	05-10	طرفہ	10-26			
22	ماگھ بدی	18-39	شوبھن اتیگنڈ	02-02 23-12	جبہ	08-04	اسد	15-22	مکمل چاند
23	دوج	17-02	سکرماں	20-46	زہرہ	06-04			
24	تیج	15-59	دھریتی	18-48	صرفہ	04-33	سنبلہ	19-53	زہرہ در جدی
25	چوتھ	15-37	شول	17-21	عوا	03-37			اوج قمر
26	پنچمی	15-58	گنڈ	16-28	سماک	03-18			پلوٹو در جدی
27	چھشٹی	17-01	بریدھی	16-07	غفرہ	03-38	میزان	03-38	
28	سپتمی	18-42	دھرو	16-15	زبانہ	04-34			
29	اشٹمی	20-53	ویاگھات	16-45	اکلیل	06-01	عقرب	14-35	عطارد رجعت/ہبوط قمر
30	نومی	23-19	برشن	17-30	قلب	07-50			نصف چاند
31			وبحر	18-19	شولہ	09-49			مریخ استقامت

صائمہ راٹھور قسط 6

مسائل کا روحانی علاج

خوف سے چھٹکارا

درج ذیل دعا کو بکثرت پڑھنا خوف وڈر کے لئے بہت مفید ہے۔ دعا یہ ہے۔

فالله خير حافظاً وهوارحم الراحمين

برائے بدہضمی

اگر کسی کو بدہضمی ہو جائے تو اُسے سات مرتبہ یہ آیت نمک پر دم کر کے کھلائیں۔ بدہضمی سے جلد نجات ملے گی۔

وبالحق انزلناهو بالحق نزل وما ارسلنلك الامبشرا ونذيرا

السر سے نجات

یاشافی یاشافی

۱۷	۳۲	۲۱	۱	۱۶	۵
۲۳	۱۸	۲۳	۲۶	۲	۸
۲۲	۲۳	۱۹	۲۹	۷	۱۰
۲۵	۲۷	۳۰	۲۰	۹	۴
۲۸	۳۱	۳۴	۳۵	۱۱	۱۳

یاشافی یاشافی

یہ نقش السر کے مریض کے لیے ہے۔ یہ نقش روزانہ صبح وشام اور رات کو زعفران سے پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پینے سے السر کی شکایت بتدریج ختم ہو جائے گی لیکن اس کے ساتھ یہ بھی یاد رکھیں کہ مرچ مصالحہ اور تلی ہوئی اشیاء سے پرہیز بہت ضروری ہے کیونکہ پرہیز خود ایک مکمل علاج ہے۔

برائے نا اتفاقی

اگر میاں بیوی کا ہر وقت جھگڑا رہتا ہو تو اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ درمیان میں ۱۰۰۱ مرتبہ ''یاددود'' پڑھیں اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دونوں کو کھلا دیں۔ انشاءاللہ پیار محبت پیدا ہو گا۔

دانت پیسنے کی عادت

بچہ کی دانت پیسنے کی عادت کو ختم کرنے کے لیے جب مریض سو جائے تو اس کے سرہانے کھڑے ہو کر سورۂ مریم کی پہلی آیت (کھیٰعص) ۷ مرتبہ پڑھا کریں۔ انشاءاللہ دانت پیسنے کی عادت سے چھٹکارا مل جائے گا۔

احتلام

جو کوئی سورۂ یٰسین پڑھ کر سوئے تو اسے ہرگز احتلام نہ ہو اور نہ ہی کوئی برا خواب آئے گا۔

دشمن زیر ہو

نماز عصر کے بعد اسم الٰہی ''یاخافض'' کو ۵۰۰ مرتبہ دشمن کا تصور کر کے پڑھیں۔ انشاءاللہ دشمن زیر ہو گا۔

خوب پھل لگے

کوئی شخص الرحمن الرحیم کے درج ذیل نقش کو لکھ کر پانی سے دھو کر اس کا پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈال دے تو اس درخت کو خوب پھل لگے گا۔

چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲

۹	۶	۳	۱۲
۴	۱۵	۱۰	۵

اوپر دی گئی چال سے یہ نقش اس طرح لکھنا ہے۔

نقش

۷۰	۵۷	۶۴	۶۷
۶۳	۶۸	۶۹	۵۸
۶۵	۶۲	۵۹	۷۲
۶۰	۷۱	۶۶	۶۱

سفر میں حفاظت

سفر میں حفاظت کے لئے اسم مبارک سلام کو نیچے دیئے گئے طریقے سے لکھ کر جو مسافر اپنے پاس رکھے۔ سفر میں بخیریت رہے اور سلامت لوٹے۔

م	ا	ل	س
س	م	ا	ل
ل	س	م	ا
س	ل	س	م

دفع آسیب

جو بھی سورۃ جن کے اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا، وہ جن و آسیب سے محفوظ رہے گا۔

۲۴۰۰	۲۳۹۷	۲۳۹۰	۲۳۴
۲۳۹۱	۲۳۳	۲۴۱	۲۳۹۶
۲۳۶	۲۳۹۲	۲۳۹۵	۲۳۹۸
۲۳۹۴	۲۳۹۹	۲۳۵	۲۳۹۳

برائے وصولی

اگر کسی مزدور کی مزدوری کسی کی طرف نکلتی ہو یا کسی کی تنخواہ اس کے مالک کی طرف رہتی ہو اور دیتا نہ ہو تو وہ تین دن عشاء کی نماز کے بعد سات ہزار مرتبہ اس آیت کو پڑھے۔ انشا اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔ اگر تین دن میں مراد پوری نہ ہو تو سات دن تک بھی پڑھ سکتے ہیں۔

نصیب برحمتنا من نشاء ولا نفیع اجر المحسنین

برائے احتلام

کسی کو سوتے میں احتلام ہو جانے کا ڈر ہو تو سوتے وقت بستر پر لیٹے تو یہ دعا پڑھے۔ باوضو ہو کر پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔

اللھم انی اعوذبک من الاحتلام و من سوء الاحتلام و من ان یتلا عب لی ایشطان فی یققتہ و المنام.

حل المشکلات

کسی بھی مشکل کے حل کے لئے ایک تسبیح روزانہ بعد از نماز عشاء یا جو وقت بھی ملے اس وقت پڑھ لے۔

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرحیم

رَبِّ لَا تَذَرنی فرداً و اَنتَ خَیرُ الْوَارِثِینُ

برائے شفا

کسی بھی مریض کے گلے میں سورۃ فاتحہ کا یہ نقش زعفران سے لکھ کر ڈال دیں تو وہ شفا پائے۔ اس نقش کے اندر شفاء کی خوبیاں بھری ہیں۔

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۲۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۴۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۴۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

مقصد پورا ہو

نیچے دیئے گئے نقش کو ۲۴ دن تک ہر روز ۲۴ نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔ جس مقصد کے لیے لکھے گا اللہ تعالیٰ وہ پورا کرے گا۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

برج جدی

سمعیہ راٹھور

عرصہ	21 دسمبر تا 20 جنوری
حروف	ج، خ، گ
حاکم کوکب	زحل
عنصر	خاکی
ماہیت	منقلب
حصہ جسم	گھٹنے
موافق نگینہ	موتی، یاقوت، حجر القمر
موافق دن	ہفتہ
موافق نمبر	8
موافق رنگ	ارغوانی، بنفشی، سبز
موافق پھول	کارنیشن
موافق شریک کار	سرطان
موافق افراد	عقرب، حوت
ناموافق افراد	حمل، میزان
بائیوکیمک نمک	کلکیر یا فاس

ظاہری شخصیت

برج جدی سے تعلق رکھنے والے افراد اکثر اوقات لمبی قدرے پتلی گردن کے مالک ہوتے ہیں۔ غزالی آنکھوں اور خوبصورت چہرے کے مالک ہونے کے ساتھ ساتھ متناسب چھاتی کے مالک ہوتے ہیں۔ دلکش و پتلا چہرہ اور لمبی ناک، واضح ابرو اور کچھ حد تک جھکے ہوئے کندھے۔

جدی لوگ شرمیلے واقع ہوئے ہیں۔ کم از کم پہلی ملاقات میں وہ کسی کو متاثر نہیں کر سکتے۔ بلکہ پہل کی توقع ہمیشہ دوسرے سے رکھتے ہیں۔ اکثر جدی نو عمری ہی سے اپنی شخصیت کو جدا رنگ دینے کی عادت ڈال لیتے ہیں۔ اردگرد کا ماحول، اس کی تبدیلیوں کو جلد سمجھ لینے کی صلاحیت رکھتے ہوئے، بہتر شعوری آگاہی کا ثبوت دیتے ہیں۔ اکثر جدی افراد متجسس قسم کی طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ لوگوں میں اگر وہ اس شخص کی طرف زیادہ راغب رہتے ہیں۔ جس نے محنت و ہمت سے بلند مقام حاصل کیا ہو۔ کبھی اپنے مقصد سے نہیں ہٹتے چاہے جو بھی ہو جائے کیونکہ جدی کے مطابق یہ جو کرتے ہیں بس کرتے ہیں، ضروری نہیں کہ وہ اپنی ہر بات اور عمل کی وضاحت یا نسبت بیان کریں۔ وہ کامیابی کے اعلیٰ ترین مقام کو پانا چاہتے ہیں ورنہ اپنا وجود بے سود سمجھتے ہیں۔ ان کی کوشش یہ بھی ہوتی ہے کہ چاہے نچلے درجے پر ہوں یا اعلیٰ مقام پر ایسے کام کرتے رہیں جن سے شہرت ملے اور یہ لوگوں میں پہچانے جائیں۔ سب سے بات کرتے وقت مکمل ہمدردی و تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔ ان کی باتوں سے مضبوط قوت ارادی جھلکتی ہے۔ اور ساتھ ہی ساتھ ان کے سینے میں چھپے توہمات اور ان دیکھے خوف بھی ان کی کامیابیوں کی راہ میں حائل ہونے کا اشارہ دیتے ہیں۔ جدی لوگ ہمیشہ بن سنور کر رہتے ہیں کیونکہ نازک اور جوان نظر آنا چاہتے ہیں۔ انہیں سب سے زیادہ اپنے بالوں کی فکر کرنی چاہیے۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

جدی افراد کا علامتی نشان بکری ہے۔ روایتاً یہ بکری انسان کی تہذیب و تمدن کی تعلیم کی علم بردار ہے۔ یوں تو ہر سیارہ کے تحت آنے والے افراد کو ہم دو اقسام میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ سعد اور نحس حالات انہیں اچھا یا برا، کامیاب یا ناکام کی فہرست میں لا کھڑا کرتے ہیں۔ جدی افراد عموماً ہر کام سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ انہیں کسی کام کی جلدی نہیں ہوتی۔ حالات کا خاموشی سے جائزہ لیتے ہوئے عملی اقدام کرتے ہیں۔ چاہے وہ رشتہ داری ہو، روزگار یا محبت،

جذباتی نہیں ہوتے بلکہ ہر ممکن طریقے سے سوچ بچار، افہام وتفہیم اور متحمل مزاجی کا ثبوت دیتے ہیں۔ برج جدی میں زحل کا اثر باعث رکاوٹ ہے جس میں انسان کو اس کی محنت کا پھل صبر کرنے پر ملتا ہے۔ لیکن اگر محنت لگن سے اور سچے جذبے سے کی گئی ہو تب۔ جدی افراد کسی حد تک تنگ نظری، جبر اور نکتہ چینی کا شکار بھی ہوتے ہیں۔ روایت کو پلو سے باندھ کر زمانہ جدید سے گزرنے کا خواب انہیں منتشر کر سکتا ہے۔ منزل نظر آنے کی صورت میں وہ ہم سفر کو سر راہ چھوڑ کر جا سکتے ہیں۔ احساس ذمہ داری انہیں مصروف رکھتا ہے۔ بعض اوقات اپنی مصروفیات دفتر سے گھر تک منتقل کر سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ گھر کو ایک مکمل آرام گاہ اور پُر تحفظ مقام سمجھتے ہوئے جو بھی چاہیں، کرنا چاہتے ہیں۔ بہتر ہے کہ استاد، سیاستدان یا سرکاری افسر بننے کی کوشش کریں۔ لیکن جیسا کہ آپ جانتے ہیں انسان کو اتنا ہی ملتا ہے جتنی وہ کوشش کرے۔ جدی سعد حالت میں سیاسی معاملات میں کامیاب رہتا ہے اور ذمہ دار ثابت ہوتا ہے۔ نحس حالات میں جدی افراد مقصد حیات میں مشکلات، تشویش اور رکاوٹ کا شکار ہوتے ہیں۔

دانشمند طاقتور

جدی کی ڈرامائی تبدیلیاں وحادثات اکثر دیکھنے میں آتے ہیں۔ خاص طور پر خواتین ہر شعبہ ہائے زندگی میں اپنی مہارت چاہتی ہیں۔ اور اپنی ذہانت سے کام لیتے ہوئے کامیابی کی ہر سیڑھی عبور کرتی جاتی ہیں۔ قریبی دوست بعض اوقات انہیں ان کی بے وقعتی کا احساس دلاتے رہتے ہیں۔ اگر یہ بے بنیاد خوفوں سے نجات حاصل کر لیں تو عظیم قوت برداشت میں روحانی پاکیزگی انہیں کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے۔

ہوس زر

جدی کا مادہ خاکی ہے جو مادہ پرستی کا نمائندہ ہے۔ احساس غربت آپ کی تمام خوبیوں پر پانی پھیر دیتا ہے۔ خود کو ہر لمحہ غریب، بے سہارا، غمزدہ سمجھنا چھوڑ دیں۔ اس کے علاوہ انا پرستی چھوڑ دیں کیونکہ ہر ایک اپنا نقطہ نظر رکھتا ہے اسے اپنے تابع کرنے کا خیال اور دوسروں کو حقیر سمجھنا چھوڑ دیں۔

فولادی قوت ارادی

جدی اپنا ساتھی خود ہوتا ہے۔ جس کا نعرہ ہے میں ہر فن مولا ہوں، انتہا پسند اور کفایت شعاری کا مظاہرہ کرتا ہے۔ کم پیسوں میں بھی خاموشی سے سختی جھیلنا اور اس کے ساتھ دوسری پریشانیوں کو پوشیدہ رکھنا بھی اس کی صفت ہے۔

فکر انگیز پہلو

جدی افراد کے لیے سب سے پہلی بات یہ کہ آپ جہاں بھی ہوں جس فیلڈ میں بھی ہوں ہمیشہ دوسروں کو ڈکٹیٹ کرنا چاہتے ہیں۔ تکمیل خواہش نہ ہونا دوسروں کے لیے آپ کو خود غرض بنا دیتا ہے۔ اس رویے کو کنٹرول کریں کیونکہ اپنی خواہشات پوری کرنا ہر مخلوق خدا کا حق ہے آپ کسی پر حکومت کر کے اسے اپنی مرضی پر نہیں چلا سکتے۔ دوست اور دشمن کی پہچان کریں۔ ہر ایک پر خواہ مخواہ اعتبار بھی نہ کر بیٹھیں بہت نقصان ہو سکتا ہے۔ آپ کی عادت ہے کہ اپنی کمزوریاں، پریشانیاں مالی یا معاشی مشکلات فوراً دوسروں سے ڈسکس کرنے لگتے ہیں۔ یہ کوئی اچھی عادت نہیں ممکن ہے سامنے والا آپ کو بظاہر ہمدرد دکھائی دے لیکن مشورہ ایسا دے کہ جس میں اس کا اپنا زیادہ فائدہ ہو۔ سمارٹ رہنے اور اپنی حیثیت سے بڑھ کر نظر آنے کی کوشش تو آپ کرتے ہی ہیں۔ اپنے اندر ایسے اوصاف پیدا کریں جو پہلی ملاقات کے بعد موثر اثرات چھوڑ کر جائیں۔ ہر معاملے میں دوسروں سے پہل کی توقع کرنا چھوڑ دیں اگر آپ اپنا ہاتھ نہیں بڑھانا چاہتے اور اگر چاہتے بھی ہیں لیکن عملی اقدام نہیں کرتے تو پھر کوئی اور بھی آپ کو نہیں پوچھتا۔ ایک اور خاص بات اپنے اندر کے بے جا خوف نکال دینا بہتر ہے۔ مثلاً آپ کے پاس اچھا خاصہ پیسہ ہے لیکن دل میں احساس غربت یا احساس کمتری ہے۔ اپنے آپ کو اور اپنی دولت کو پوشیدہ رکھنے کا خیال ہے تو وہ دولت آپ کے کسی کام کی نہ رہے گی۔ اس برج کے لوگوں میں زیادہ تر جلدی امراض اور بدہضمی وگھٹنوں وغیرہ کا درد ہوتا ہے۔ اس لیے انہیں احتیاط کرنی چاہیے۔

جدی خواتین

جدی خواتین کی شخصیت اس لحاظ سے منفرد ہوتی ہے کہ وہ صرف بحیثیت انسان سب کچھ کر گزرنا چاہتی ہے۔ عورت کے نام پر دی گئی رعایت اسکی بھرپور، فعال اور بامعنی زندگی میں کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ جدی دلکش اور متوازن شخصیت ہونے کے ناطے کبھی بھی اپنے آپ کو کمزور یا ناتواں یا دوسرے نمبر کی مخلوق تصور نہیں کرتی۔ وہ جو ہے ہمیشہ اس سے بڑھ کر نظر آنا چاہتی ہے۔ بحیثیت بیوی بھی کامیاب اور متحرک خاوند کو پسند کرتی ہے۔ ضرورت پڑنے پر گھر سے نکل کر کمانا اس کے لئے معیوب نہیں ہوتا۔ لیکن پھر بھی وہ ہمیشہ اپنے گھر اور خاندان کو اولیت دیتی ہے۔ ہر ایک کے دکھ درد کو اپنے دکھ کی طرح محسوس کرتی ہے۔ کسی حاجت مند کی مدد کر کے روحانی خوشی

حاصل کرتی ہے۔ اکثر اوقات انہیں یہ احساس ستاتا رہتا ہے کہ شاید وہ عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ اسی لیے دوسروں پر اعتماد مشکل سے کرتی ہیں۔ ہر لمحہ اپنے لئے ایک سادی سی بات کو بھی مسئلہ بنائے رکھتی ہیں۔ کہیں ایسا نہ ہو جائے کہیں ویسا نہ ہو جائے۔ ذہنی پریشانی انہیں مزاح سے مکمل طور پر لطف اندوز نہیں ہونے دیتی۔ اپنے خطرات و واہمے تو بچوں کو منتقل کر دیتی ہے لیکن جذبات و احساسات کی منتقلی میں ناکام رہتی ہے۔ اپنے اوپر سنجیدگی کا غلبہ رکھنے کی کوشش نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ مجموعی طور پر اچھی مائیں اور ازدواجی زندگی میں الجھنیں پیدا کرتی رہتی ہیں۔

جدی مرد

جدی مرد ایک حصار میں قید ہوتا ہے جس کے اندر گھسنے اور باہر جانے کی اجازت وہ کسی کسی کو دیتا ہے۔ جدی بظاہر پُرسکون اور بے پرواہ نظر آئے گا۔ لیکن ہمیشہ اپنی مردانہ وجاہت اور ذہانت کی تعریف کا منتظر رہتا ہے۔ اپنے جذبات پر حد درجہ کنٹرول اس کی خاص صفت ہے۔ کسی کے ساتھ ناانصافی یا زیادتی نہیں کرنا چاہتا۔ چاہے امیر ہو یا غریب کفایت شعار ہوتے ہیں۔ اپنے ماضی پر ہمیشہ فخر کرتے ہیں ہر لمحہ ہر قدم قدیم روایات کی روشنی میں اٹھانا چاہتے ہیں۔ عام طور پر جدی مرد محبت کے جذبے سے یکدم مغلوب ہونے کی بجائے سوچ سمجھ کر قدم بڑھاتے ہیں اور مکمل وفادار ہوتے ہیں لیکن اگر کبھی بھی انہیں محسوس ہو کہ ان سے بے رخی برتی جا رہی ہے تو خاموشی سے تعلق ختم کر لیتے ہیں۔ جدی افراد صحت کے اعتبار سے بھی خوش قسمت ہوتے ہیں۔ اپنی عمر سے زیادہ پختہ نظر آتے ہیں۔ جو بھی کام کرتے ہیں یہ سوچ کر کہ آمدن ٹھیک ٹھاک ہو اور وہ اپنی خوبیوں و مہارتوں کا احساس دوسروں کو بھی دلوا سکیں۔ جدی سیر و تفریح اور خاص طور پر پہاڑی مقام بہت پسند کرتے ہیں۔ ان کی ملکیت میں سے کوئی چیز شیئر کرنے کی خواہش انہیں کچھ خاص خوش نہیں کرتی۔ گھریلو ماحول میں بہتری یا خوشگواری کی بات ہو تو بھی یہ سامنے آنے کی زیادہ کوشش نہیں کرتے۔ لیکن گھر ان کے نزدیک مکمل آرام گاہ اور پُرتحفظ مقام ہے۔ اپنی جان سے بہت محبت کرتے ہیں۔ بہترین شوہر اور محبت کرنے والے باپ ثابت ہوتے ہیں۔

جدی بچہ

عموماً اپنی عادات، ذہانت اور بول چال سے دوسرے بچوں کی نسبت عمر سے بڑے محسوس ہوتے ہیں اسی لیے والدین کے لئے باعث پریشانی بن جاتے ہیں۔ ان کی قوت ارادی اور خارجی و داخلی ماحول کو جانچنے کی صلاحیت دوسروں کو حیران کر دیتی ہے۔ اور وہ خود بھی ہم عمروں کی بجائے بڑوں میں وقت گزارنا چاہتے ہیں۔ انہیں اگر ایک مرتبہ روزمرہ معمولات سمجھا دیے جائیں تو والدین بے فکر ہو جاتے ہیں۔ سکول سے بالکل نہیں گھبراتے۔ اساتذہ سے نت نئے سوال کرتے ہیں کہ انہیں لاجواب کر دیں۔ تجسس کا مادہ انہیں کہیں ٹکنے نہیں دیتا۔ دوسرے بچے ان سے متاثر ہوتے ہوئے ان کی تقلید بھی کرتے ہیں۔ ذہنی طور پر جلد ہی پختہ ہو جاتے ہیں۔ مجموعی طور پر ایسے بچے ہوتے ہیں جن پر تھوڑی سی محنت کر کے والدین بہت فخر کر سکتے ہیں۔ ان کے اساتذہ بھی ہمیشہ ان سے خوش رہتے ہیں کیونکہ یہ کبھی کسی کو کہنی مار کر آگے نہیں نکلتے بلکہ ایسا جال پھیلا کر مکمل منصوبہ بندی کے تحت منزل مقصود تک پہنچتے ہیں کہ دوسرا حیران رہ جائے۔ کبھی کبھار حسد اور رقابت کے جذبات سے مغلوب ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات سوچتے زیادہ اور عمل کم کر کے سستی اور غیر ذمہ دارانہ رویے کا بھی ثبوت دیتے ہیں۔

برج جدی کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج جدی برج حمل کے ساتھ

جدی عورت حمل مرد

حمل صاحب ذرا احتیاط کریں۔ آپ کی زوجہ آپ کو ایک لمحہ آزاد نہیں چھوڑنا چاہتی جبکہ آپ اپنی علمی پیاس بجھانے کے لئے کوئی کنواں تلاش کئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ لہذا ٹکراؤ ہو سکتا ہے۔ جدی کو چاہیے کہ حمل کے گلے کا ہار بننے کی بجائے بوقت ضرورت اسے مفید مشورے دے اور گھریلو سکون فراہم کرے۔

جدی مرد حمل عورت

حمل کے ساتھ شادی کر کے جدی کو صبر کا دامن تھامنا نہیں بلکہ سدا کیلئے اس سے جڑ جانا ہوگا کیونکہ آپ کی سست روی اور کاہلی کے مقابلے میں حمل پھرتیلی اور تیز رفتار ہے جو آپ کی اس عادت کو پسند نہیں کرتی۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ ناکامی پر آپ کا دلاسہ اسے تقویت بخشتا ہے۔ اس کی ذہانت و عملی زندگی کی تعریف اور احساس محبت دلاتے رہیں لیکن حاکمیت جھاڑنے کی کوشش نہ کریں۔ حمل آپ کے آرام و آسائش کا مکمل خیال رکھتی ہے۔

برج جدی برج ثور کے ساتھ

جدی عورت ثور مرد

جدی خوش نصیب ہے کہ اسے ثور جیسا مکمل تحفظ دینے والا خاوند ملا۔ ثور کے دل کو پیٹ کے راستے جیتا جا سکتا ہے۔ وہ صاف دل ہے منافق نہیں اور جدی کی ہر طرح سے ہر خواہش پوری کرنے اور پر امن زندگی گزارنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے۔

جدی مرد ثور عورت

برج ثور کی بیوی گھر کو پرسکون اور آرام دہ رکھتی ہے۔ محبت کے بارے میں سنجیدہ اور بعض اوقات نہایت جذباتی ہو جاتی ہے۔ جدی مرد کی کوشش ثور کو اچھی لگتی ہیں۔ ناکامی کی صورت میں وہ جدی کا حوصلہ بڑھاتی ہے اور اچھا مشورہ، آرام دہ گھر اور صاف ستھرے بچے ثور کی اولین کوشش ہوتے ہیں۔ جدی کو خوش و خرم رکھتی ہے۔

برج جدی برج جوزا کے ساتھ

جدی عورت جوزا مرد

جوزا مرد ایک آزاد پنچھی ہے جو پرکشش اور خوب صورت شخصیت کا مالک ہے لیکن اس کے باوجود جدی کے لیے ایک بات باعث پریشانی ہے اور وہ ہے جوزا کا کام ادھورا چھوڑ دینا۔ جوزا نئی تکنیک استعمال کر کے آگے بڑھنا چاہتا ہے جبکہ جدی کا اصرار روایت پر ہے۔ اگر جدی اپنے مشوروں کو کچھ کنٹرول کرتے ہوئے بہتر حکمت عملی اختیار کریں تو ماحول خوشگوار ہو سکتا ہے۔

جدی مرد جوزا عورت

جوزا سے شادی کے بعد آپ اس کے اندر جھانکنے کی کوشش کریں گے بھی تو ضروری نہیں کہ کامیاب ہو سکیں۔ وہ ہر لمحہ بدلتی ہے اور ہر لمحہ شخصیت کا نیا رنگ نظر آتا ہے۔ جبکہ جدی مستقل مزاجی اور آہستگی سے ہر کام کرنے کا عادی ہے۔ اگر بچوں پر جدی خود زیادہ توجہ دے تو بہتر ہے۔

برج جدی برج سرطان کے ساتھ

جدی عورت سرطان مرد

سرطان کے اندر وہ خوبیاں موجود ہیں جن کی آپ کو تلاش تھی۔ سرطان کی ہر بات منطق پر مبنی ہوتی ہے۔ جدی کسی بھی مسئلہ کے فیصلے اور روپے پیسے کے معاملے میں بھی سرطان پر بھرپور اعتماد کر سکتی ہے۔

جدی مرد سرطان عورت

سرطان سنجیدہ و جدی کی طرح باعمل ہے۔ اسے گھر سے شدید محبت ہے۔ اور جدی کی خوشی کے لیے وہ ہر وقت کچھ بھی کرنے کو تیار رہتی ہے۔ آپ دونوں ایک دوسرے کو سمجھ کر پرسکون و متوازن زندگی گزارنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

برج جدی برج اسد کے ساتھ

جدی عورت اسد مرد

اسد شیر ہے جو ہر حال میں حکومت چاہتا ہے کم کچھ جدی بھی نہیں۔ لیکن اگر جدی کی خواہش ہے کہ اسد اس پر محبت کے پھول نچھاور کرے تو اسے اپنی محبت کا یقین اسد کو دلانا ہوگا۔ اور پھر دیکھیں اس کی نوازشات، آپ تصور بھی نہ کر سکیں گے۔

جدی مرد اسد عورت

اسد زندگی کی رنگینیوں میں جینا چاہتی ہے لیکن مشکل اس وقت پیدا ہوتی ہے جب جدی اسے نظم و ضبط سے زندگی گزارنے پر زور دے۔ اور زور پر چلنا اسد کی لغت میں نہیں۔ جدی اسد سے محبت بہت کرتا ہے۔ اسی لیے وہ بعض اوقات اسد کی ناپسندیدہ خواہشات کی بھی تکمیل کر دیتا ہے۔ لہذا اسد کو بھی جدی کی خواہشات کا احترام کرنا چاہیے۔

برج جدی برج سنبلہ کے ساتھ

جدی عورت سنبلہ مرد

بظاہر تو سنبلہ کو آپ کم گو سمجھیں گی لیکن وہ ہر ایک سے یونہی ہر بات کہہ نہیں دیتے، ہاں اگر سنبلہ نے جدی پر مکمل اعتماد کر لیا ہے تو وہ زندگی کے کسی بھی مرحلے پر جدی کو چھوڑے گا نہیں۔ جدی کو چاہیے کہ بچوں اور گھر کو صاف ستھرا رکھے کیونکہ سنبلہ یہی چاہتا ہے۔

جدی مرد سنبلہ عورت

سنبلہ کے ذہن میں ایک آئیڈیل موجود ہے۔ اسے توجہ اور بھرپور

محبت کا احساس دلانا آپ کے لئے اس کی محبت کی پختگی کا سبب ہے۔ اسے دھوکہ دینے کی کوشش نہ کریں کیونکہ بحث اس کا شوق اور دوٹوک فیصلہ اس کی عادت ہے۔ ممکن ہے اسی طرح وہ آپ کی آسائشوں کا خیال رکھتے ہوئے گھر کو اچھا بنالے۔

برج جدی برج میزان کے ساتھ

جدی عورت میزان مرد

میزان حسن و توازن کو پسند کرتے ہیں لیکن زیادہ وقت تصورات کی دنیا میں گزارتے ہیں۔ جدی کو الجھن تو محسوس ہوتی ہے لیکن میزان کی بے یقینی کو تھوڑی سی کوشش سے دنیائے حقیقت میں لایا جاسکتا ہے۔ گھریلو خرچ جدی کو اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہیے۔

جدی مرد میزان عورت

میزان محبت وخلوص سے ناواقف تو نہیں لیکن پھر بھی ہر لمحہ رخ بدلتی ہوا کی مانند رہتی ہے۔ جب مقصد پورا ہوا رخ موڑ لیا۔ یہاں پر جدی کو صبر اور برداشت سے کام لینا ہے۔ کیونکہ شادی اکٹھے رہنے کے لئے ہوتی ہے۔ میزان عمدہ کھانے پکا کر اور گھر کو ڈیکوریٹ کر کے جدی کی خواہشات پوری کرسکتا ہے۔

برج جدی برج عقرب کے ساتھ

جدی عورت عقرب مرد

برج عقرب سے تعلق رکھنے والے مرد ذہین و سمجھدار اور ہمیشہ کامیابی کے خواہشمند رہتے ہیں۔ صاف گو اور بے باک عقرب کے راستے میں آ کر جدی غلطی کرے گی۔ اسے گھر سے دلچسپی لینے پر مجبور نہ کریں انہیں باہر بہت کام ہیں لیکن اپنے بچوں کو کبھی نظر انداز نہیں کرتے بلکہ ہمیشہ خوبصورت و صاف ستھرا اور مہذب دیکھنا چاہتے ہیں۔

جدی مرد عقرب عورت

عقرب غصیلی اور تند مزاج زوجہ ہے۔ تاہم محبت کرنے والی بھی ہے۔ جدی اگر اسے ناراض نہ کرے تو بہتر ورنہ وہ پھٹ جائے گی لیکن محال ہے جو گھر کا راز باہر نکال کر خاوند یا گھر کے نام پر انگلی اٹھنے دے۔ جدی کی خیر خواہ اور اسے دوسروں سے برتر دیکھنا چاہتی ہے۔

برج جدی برج قوس کے ساتھ

جدی عورت قوس مرد

قوس کسی مشورے وغیرہ کو قبول نہیں کرتے کیونکہ اسے اپنے آپ پر بے حد اعتماد ہوتا ہے۔ جدی کو گھماتے پھراتے اور شاپنگ وغیرہ بھی کرواتے رہیں لیکن جدی کا یہ مطالبہ پورا نہیں ہوسکتا کہ وہ زیادہ وقت گھر پر گزاریں۔ بچوں پر وہ کم عمری کی بجائے لڑکپن کی عمر میں زیادہ توجہ دیتے ہیں۔

جدی مرد قوس عورت

قوس جدی کی باعمل فطرت میں کشش محسوس کرتی ہے۔ کینہ و بغض کی عادت جدی کو ہے نہ قوس سچی بات کہے بنا رہ سکتی ہے۔ جدی سے گھومنے پھرنے کی توقع کرتی ہے۔ دونوں ایک دوسرے کی ضروریات کو سمجھتے ہیں۔ گھر کا خرچ جدی کو اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہیے کیونکہ قوس کی ہتھیلی پر پیسہ زیادہ دیر نہیں رکتا۔

برج جدی برج جدی کے ساتھ

جدی عورت جدی مرد

جدی مرد بظاہر تو سنجیدہ اور غیر جذباتی ہیں لیکن آئیڈیل ملنے کی صورت میں کسی اور چہرے کو نہیں تکتے۔ جدی شریک حیات جدی زوجہ کے لیے آسائش زندگی فراہم کرنے کی مکمل و بھرپور کوشش کرتا ہے۔ باوفا شوہر اور محبت کرنے والے باپ ہوتے ہیں لیکن ظاہر نہیں کرتے۔ آپ دونوں کی جوڑی مثالی ہے۔

جدی مرد جدی عورت

آپ کی زوجہ قابل اعتماد اور مخلص ہے۔ جدی عورت کامیاب و مالی لحاظ سے مستحکم مرد کو پسند کرتی ہے اس لئے جدی خاوند کو کوشش جاری رکھنا چاہیے۔ مجموعی طور پر دونوں میں کافی ہم آہنگی ہے۔ زوجہ محترمہ گھریلو کاموں میں کافی سگھڑ ہیں اور بچوں کو بھی نظم و نسق کے آداب سے آراستہ رکھتی ہیں۔

برج جدی برج دلو کے ساتھ

جدی عورت دلو مرد

جدی کی عمل پسندی کے مقابلے میں دلو اتنے باعمل نہیں بلکہ خوابوں کے مسافر ہیں۔ لیکن سب سے بڑی خصوصیت ان کی فراخدلی ہے۔ جب دلو جوش میں ہوں تو ان کے لیے کہا جاتا ہے کہ وہ 50 سال آگے کا سوچتے ہیں۔ اور مستقبل کی منصوبہ بندی بڑی ٹھیک ٹھاک کرتے ہیں۔ ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

جدی مرد دلو عورت

دھنک رنگ دلو سے شادی کے بعد ہر لحظہ کسی نئے طوفان سے مقابلے کے لئے تیار رہیں۔ وہ حسد نہیں کرتی اور جدی کی طرف سے بھی حسد و شک کو برداشت نہیں کرتی۔ افہام و تفہیم پیدا کر کے آپ اچھی زندگی استوار کرسکتے ہیں۔

بقیہ صفحہ نمبر 44 پر

الواح رفع رجعت/نحوست سیارگان

مشاورت
مفت

سیارگان سیدھی اور الٹی دونوں چالیں چلتے ہیں۔ جس فرد کے زائچہ میں یہ سیدھی چال چل رہے ہوتے ہیں اُس کے معاملات زندگی مثبت شکل اختیار کرتے ہیں۔ لیکن جس کے زائچہ میں یہ اُلٹی چال (یعنی حالت رجعت میں ہوں) تو مختلف معاملات زندگی مثلاً مال و دولت، روزگار، شادی، اولاد اور محبت وغیرہ جیسے اُمور میں رکاوٹ، التواء اور پریشانیاں لاتے ہیں۔

قارئین کے زائچے کے مسائل و نحوست کو نظر میں رکھتے ہوئے خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے پرنسپل جناب خالد اسحاق راٹھور نے خصوصی الواح رفع رجعت/نحوست سیارگان تیار کی ہیں۔ جن کا زائچہ میں سیارگان کی حالت رجعت سے پیدا ہونے والے منفی اثرات اور اصلاح کے لیے استعمال نہایت مفید ہے۔

اگر آپ خود زائچہ نہیں بنا سکتے یا نہیں جان سکتے کہ آپ کے زائچہ میں کون کون سے کوا کب حالت رجعت/نحوست میں آ کر مختلف معاملاتِ زندگی میں آپ کو ناکام و پریشان کر رہے ہیں تو ذیل میں دیا گیا کوپن ارسال کر کے اس حوالے سے بلا معاوضہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ سہولت محدود مدت کے لیے ہے۔

مفت ٹوکن

الواح رفع رجعت/نحوست سیارگان کے لیے دیکھیں

خالد روحانی جنتری 2008　**یا**　خالد ہندی جنتری 2008

یوں اس نجومی خدمت کی فیس 500 روپے ہے۔ تاہم خالد روحانی جنتری 2008 یا خالد ہندی جنتری 2008 میں دیا ٹوکن ارسال کر کے آپ بلا معاوضہ یہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں

حافظ محمد فرخ جاوید

علم نجوم کی روشنی میں آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی، ص

خوش قسمت اعداد	9'7'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8

اس عرصہ میں آپ اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ معاملات طے کرتے وقت اُن سے اچھی طرح پیش نہ آئیں گے۔ آپ زور زبردستی سے اپنی بات منوائیں گے۔ بات نہ مانے جانے کی صورت میں جھگڑا ہو جائے گا۔ آپ مذہبی معاملات کو ظاہری طور پر اس طرح سے نبھائیں گے کہ دوسروں کو لگے کہ آپ کو مذہب سے بڑا لگاؤ ہے۔ آپ اپنے کاروبار اور معاشرتی پوزیشن کو بہتر بنانے کے بارے میں سوچیں گے۔ مختلف قسم کے پلان آپ کے دماغ میں آئیں گے۔

9 تا 16

اس عرصہ میں آپ کا دھیان اس طرف لگا رہے گا کہ آپ کس طرح سے اپنی سوچوں اور خواہشات کو پورا کر سکتے ہیں؟ دوسروں سے اس سلسلے میں بات کریں گے۔ خاص طور پر دوستوں کو بھی اس گفتگو اور اپنی سوچوں میں شریک کریں گے۔ آپ کو اپنے کام کو اہمیت دینا چاہیے کیونکہ اس وقت ایسا کرنا ہی وقت کا تقاضا ہے۔ معاملات کو کل پر ڈالنے کی بجائے موقع پر ہی حل کرنے کی کوشش کریں۔ آپ کو اپنے سے رتبے میں بڑے لوگوں کا آشیرباد حاصل کرنا آسان نہ رہے گا۔ آپ کو اُن پر یہ ثابت کرنا ہوگا کہ آپ اُن کو بڑا مانتے ہیں۔

17 تا 24

اس عرصہ میں آپ اپنے سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ اوپر سے بہت پیار سے پیش آئیں گے۔ اب اندر سے آپ اُن کو کتنا پسند کرتے ہیں' یہ الگ بات ہے۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول میں آپ کو آسانی نہ رہے گی مگر آپ کی لاپرواہی کا عنصر نمایاں رہے گا۔

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَۃِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِہٖ وَ وَبَالِہٖ وَ سُوْءِ نَظْرِہٖ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

عددی جدول

حروف	عدد
ا' ی' ق' غ	۱
ب' پ' ک' گ' ر' ڑ	۲
ج' چ' ل' ش	۳
د' ڈ' م' ت' ٹ	۴
ہ' ن' ث	۵
و' س' خ	۶
ز' ژ' ع' ذ	۷
ح' ف' ض	۸
ط' ص' ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر	
	۱	۲	۲	۲	=۷

اپنی ذمہ داریوں کو پہچانیے اور اُن کو وقت پر پورا کرنے کی کوشش کریں۔ملازمین آپ کے لیے مسائل کھڑا کریں گے۔ اُن کے معمولات پر کڑی نظر رکھیں۔آپ اپنے دوستوں کے ساتھ اس طرح کا برتاؤ کریں گے کہ جیسے وہ آپ سے کمتر حیثیت کے ہوں۔یوں دوستی خراب ہو جائے گی۔

25تا31

اس عرصہ میں آپ کو ڈرائیونگ کے دوران احتیاط سے کام لینا چاہیے کیونکہ تیز رفتاری حادثے کو جنم دے سکتی ہے۔دوسرے شہروں کا سفر کرنا بھی آپ کے لیے مسائل لے کر آئے گا۔دوران سفر لوگوں کے ساتھ جھگڑا ہو جائے گا۔آپ کے دوستوں میں ایسے لوگ بھی شامل ہوں گے کہ جو معاشرے میں اُتنا اچھا اور بہتر مقام نہ رکھتے ہوں گے کہ جس کا اظہار وہ آپ کے سامنے کریں گے۔اُن سے معاملات طے کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔آپ کے افسران آپ کے ساتھ نرم رویہ رکھیں گے لیکن وہ آپ سے کام کے پورا ہونے کی توقع بھی کریں گے۔

خواتین

اس ماہ میں آپ کی توجہ اس طرف ہی لگی رہے گی کہ آپ کس طرح سے دوسروں سے اپنی بات منوا سکتی ہیں؟ اس کے لیے آپ زبردستی سے کام لیں گی اور جھگڑا کرنے سے بھی گریز نہ کریں گی۔آپ کے تعلقات اپنے سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ ظاہری طور پر ٹھیک رہیں گے۔وہ بھی آپ سے پیار جتائیں گے مذہبی اُمور کو دوسروں کے سامنے پورا کرنے میں آپ کافی دلچسپی سے کام لیں گی۔آپ کے بڑے اس عرصہ میں آپ کی زندگی میں مسائل پیدا کرنے کی وجہ بنیں گے۔بات بات پر وہ اپنے آپ کو بڑا ثابت کرنے کی کوشش کریں گے۔آپ بھی دوسروں کے سامنے اپنے معیار زندگی کے حوالے سے ایسی تصویر پیش کریں گے کہ جس سے دوسرے یہ سمجھیں کہ آپ کوئی توپ چیز ہیں۔

سعد تاریخیں	نحس تاریخیں	لکی نمبرز
2-11-16-29	7-13-26	2-6

عرصہ حکومت	21اپریل تا20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	3'6'9
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8

اس عرصہ میں آپ کی توجہ دوسروں کے مال کی طرف رہے گی۔آپ کو دوسروں سے روپیہ لینے میں ظاہری طور پر آسانی نظر آ رہی ہوگی۔مگر جب دینے کی بات آئے گی تو وعدہ وفا نہ کیا جائے گا۔آپ کے اخراجات آپ کی بچت کو کسی بھی صورت میں بڑھنے نہ دیں گے۔آپ کو اپنی محنت کا معاوضہ وصول کرنے میں دشواریاں پیش آئیں گی۔اس کے لیے اگر آپ کو دوسروں سے لڑائی بھی مول لینا پڑی تو آپ پیچھے نہ ہٹیں گے۔وراثتی معاملات کو حل کرنے کے لیے آپ ظاہری طور پر اچھے رویے کا مظاہرہ کریں گے۔آپ کو جتنا آسان لگے گا کہ آپ معاملات کو حل کر پائیں گے تو اُتنا آسان نہ ہوگا۔

9تا16

اس عرصہ میں بھی اخراجات آپ کی بچت کا کباڑہ کرنے پر تلے ہوں گے۔ آپ اگر اپنے اخراجات پر کنٹرول نہ کر پائے تو پھر آپ اپنے بینک بیلنس کا گراف نیچے جاتا دیکھیں گے۔ابھی تو آپ کو اس لیے محسوس نہیں ہوگا کیونکہ آپ کو اُدھار مل رہا ہے لیکن بعد میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔آپ کو بیرون ملک جانے کے معاملات پر توجہ دینا ہوگی کیونکہ آپ کام کو جتنا آسان سمجھ رہے ہیں کام اُتنا آسان نہیں ہے۔اس سلسلے میں آپ جن لوگوں سے بھی کام لے رہے ہیں، اُن پر اندھا اعتبار کرنا آپ کے لیے مسائل پیدا کرے گا۔

17تا24

اس عرصہ میں بھی آپ کو دوسروں سے روپیہ مل تو جائے گا مگر اُتنی آسانی کے ساتھ نہیں کہ جتنا آپ سمجھ رہے ہیں۔اگر اس معاملے میں کسی طرح خواتین کا ہاتھ ہے تو پھر مشکلات زیادہ ہوں گی۔آپ کے ساتھ کام کرنے والے لوگ اپنی لاپرواہی کی وجہ سے آپ کو نقصان پہنچانے کا باعث بنیں گے۔آپ کو اپنے کام کے حوالے سے اپنے سے رتبے میں بڑے لوگوں کی باتیں سننی پڑیں گی۔ترقی اور کامیابی کا سفر آپ کو آسانی کے ساتھ طے نہیں کرنے دیا جائے گا۔

25تا31

اس عرصہ میں آپ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے پیروں فقیروں کا سہارا لیں گے۔ لیکن جعلی اور ڈھونگی لوگوں کے قابو میں آجائیں گے۔ کاروباری معاملات میں آپ کو کاروباری حریفوں کی طرف سے مسائل کا سامنا رہے گا۔آپ کی گھریلو زندگی بھی آپ کے آگے بڑھنے میں رکاوٹ بنے گی۔

خواتین

اس ماہ میں آپ کی زبان آگ اُگلے گی۔ آپ سے بات کر کے دوسروں کو لگے گا کہ آپ خود نہیں بول رہیں بلکہ کسی کے بہکاوے میں آ کر اس انداز میں بات کر رہی ہیں۔آپ کے تعلقات اپنے سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ دکھاوے کی حد تک تو بہت اچھے رہیں گے مگر حقیقی معنوں میں دونوں پارٹیاں ایک دوسرے کو اچھا نہ سمجھیں گی۔اپنے کاموں کی طرف سے لاپرواہی آپ کو مسائل کا شکار بنا سکتی ہے۔ اس مسئلہ سے آپ کو خود ہی نمٹنا ہے۔آپ کی ساس آپ سے مشورہ کریں گی۔

سعد تاریخیں	نحس تاریخیں	لکی نمبرز
10-15-24-30	13-20-27	3-4

جوزا

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8

اس عرصہ میں آپ اپنے آپ کو ذاتی طور پر کمزور محسوس کریں گے۔ آپ کی خواہشات کا آپ کے اوپر غلبہ ہوگا اور آپ اُن کو پورا کرنے کے لیے کسی بھی حد تک چلے جائیں گے۔ ملازمین اور چھوٹے لوگوں کے ساتھ آپ کا جھگڑا ہوگا۔ آپ کے شریک کار آپ کے ساتھ تعاون پر آمادہ ہوں گے مگر حقیقت میں وہ صرف میٹھی میٹھی باتیں کریں گے اور کچھ نہیں۔ دوستوں کے بھیس میں چھپے ہوئے دشمنوں کو پہچاننے کی کوشش کریں۔

9 تا 16

اس عرصہ میں آپ کو دوسروں کے ساتھ تعلقات بنانے میں آسانی رہے گی۔ آپ کی شادی اگر نہ ہوئی ہے تو اس عرصہ میں آپ کے رشتہ ازدواج میں بندھ جانے کے امکانات کافی روشن ہیں۔ لیکن اس کے لیے صرف وعدوں کو کافی نہ سمجھیں بلکہ حقیقی صورتحال کو اپنے سامنے رکھیں۔ مشترکہ مالی معاملات کے حوالے سے آپ نے جو پلان بنائے ہوئے ہیں وہ انا کی نظر ہو جائیں گے۔ پارٹنر کو اپنی مالی حیثیت کا غرور ہوگا۔

17 تا 24

اس عرصہ میں آپ کو اپنے معاملات کو بہتر بنانے کے کئی مواقع ملیں گے۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کی کوششوں میں آپ کو کامیابی ملے گی۔ آپ کو اپنا پورا دھیان دینا ہوگا تبھی جا کر آپ بہتر نتائج کی توقع کر سکتے ہیں۔ بیرون ملک سفر پر جانے کے دستاویزات کی تیاری کے حوالے سے یہ مناسب وقت ہے۔ اپنے مزاج کی درشتی پر قابو پانے کی کوشش کریں۔ آپ کو نقصان ہو سکتا ہے۔

25 تا 31

اس عرصہ میں آپ کی توجہ دوسروں سے مال نکالنے کی طرف لگ جائے گی۔ اس سلسلے میں آپ کو زیادہ محنت بھی نہ کرنا پڑے گی۔ آپ کو روپیہ انویسٹ کرنے کے حوالے سے مختلف اسکیمیں ملیں گی اور آپ اُن میں سے آسان کی طرف چھلانگ بھی ماریں گے مگر ایسا کرنا آپ کے لیے زیادہ سودمند نہ ہوگا۔ کیونکہ یہ آسانی آپ کو بعد میں تکلیف دے گی۔ ویسے آپ کا دھیان اس طرف بھی ہوگا کہ آپ کسی نہ کسی طرح اپنی علمی قابلیت میں اضافہ کریں۔ اس کے لیے آپ کام بھی کریں گے اور آپ کو اس کے اچھے نتائج مل جائیں گے۔

خواتین

اس ماہ میں آپ کا مزاج گرم رہے گا اور آپ دوسروں سے بات بہ بات الجھیں گی۔ ایسا کرنا آپ کے مسائل میں اضافے کا باعث بنے گا۔ آپ کو اپنے ٹیکس اور اُدھار کے معاملات کو طے کرنے میں دشواریاں پیش تو آئیں گی مگر اس وقت سے بہتر وقت بھی کوئی نہیں ہے کہ جس میں آپ اپنے معاملات کو بہتر سے بہتر بنا سکتی ہیں۔ سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات میں بہتری اسی صورت میں آ سکتی ہے کہ آپ اُن سے بہتر انداز میں بات کریں۔ ایسے لوگوں سے نہ بگاڑیں۔ جو آپ سے رتبے اور طاقت میں بڑے ہیں۔

سعد تاریخیں	نحس تاریخیں	لکی نمبرز
4-14-19-29	1-17-24	5-9

سرطان

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8

اس عرصہ میں آپ کے اخراجات بڑھ جائیں گے۔ اس کی وجہ آپ کی فضول خرچیاں ہوں گی۔ دوسروں کی وجہ سے زیادہ آپ خود اس بات کی وجہ بنیں گے۔ آپ کا دوسروں پر انحصار بڑھ جائے گا۔ آپ دوسروں سے بات چیت کرنا اور اُن تک اپنی بات پہنچانا چاہیں گے۔ صاحب حیثیت لوگوں کے ساتھ بھی تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ کیونکہ یہ موقع دوبارہ اتنی جلدی نہ آئے گا۔ آپ کو اپنے کام کرنے میں آسانی رہے گی اور آپ کے تعلقات آپ کے ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ بہتر رہیں گے۔

9 تا 16

اس عرصہ میں آپ کی دنیاوی زندگی بہتر ہونا شروع ہو جائے گی۔ کیونکہ ایسے لوگ آپ کی طرف آئیں گے کہ جن کا معاشرے میں اثر و رسوخ ہوگا اور آپ کو اُن کی وجہ سے روپیہ کمانے کا موقع ملے گا۔ اس عرصہ میں آپ کی شادی شدہ زندگی آپ کے لیے بہت اہمیت اختیار کر جائے گی۔ آپ کی کوشش ہوگی کہ آپ کسی نہ کسی طرح اس کو بہتر سے بہتر بنائیں۔ لوگوں سے بنا کر رکھنے میں ہی آپ کا فائدہ ہے کیونکہ اس وقت بگاڑ آپ کو مہنگا پڑے گا۔

17 تا 24

عرصہ حکومت 23	جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت' مرجان
خوش قسمت دن	اتوار' منگل' بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا' سبز' سرخ

یکم تا 8

اس عرصہ میں آپ کی توجہ آپ کے کام کی طرف رہے گی۔ آپ اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں گے اور دوسروں سے بھی اس بات کی توقع کریں گے کہ وہ بھی ذمہ داریوں کو سمجھیں۔ آپ کے پاس کام تو زیادہ نہ ہوگا مگر لاپرواہی کی وجہ سے بڑھ جائے گا۔ آپ اپنے مسائل کے حوالے سے سوچیں گے اور اُس کو حل کرنے کا کوئی نہ کوئی پلان بنائیں گے۔ آپ تفریح کا بھی کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں گے۔ بچے آپ کے سامنے اچھا بننے کا مظاہرہ کریں گے اور آپ سے اپنی بات منوانا چاہیں گے۔

9تا16

اس عرصہ میں آپ کو ملنے والی ذمہ داریاں کم تو نہ ہوں گی مگر آپ اب اُن کے بارے میں زیادہ نہ سوچیں گے۔ دوسروں پر آپ کا انحصار مال و دولت کے حصول کے لیے بڑھ جائے گا۔ فائدہ تو ملے گا مگر اُس میں دیر لگے گی۔ آپ کو زیادہ ذمہ داریاں ملیں گی اور اُن کو صحیح طریقے سے پورا کرنا ہی آپ کی کامیابی کا باعث بنے گا۔ آج کے کام کو کل پر مت چھوڑیں۔

17تا24

اس عرصہ میں آپ اپنی خواہشات کو لے کر کافی سرگرم ہوں گے اور اُن کو پورا کرنے کے لیے کافی جتن بھی کریں گے۔ اپنے دوستوں کے ساتھ آپ کے تعلقات ٹھیک نہ رہیں گے۔ اس کی وجہ مذہبی معاملات پر اختلاف ہوگا۔ آپ کے گھر والے آپ کی خواہشات کے حصول کی راہ میں رکاوٹ بنیں گے۔ آپ لوگوں سے ملنے ملانے اور اُن سے بات چیت کرنے میں خوشی محسوس کریں گے۔ اس سے آپ کا حلقہ احباب بڑھ جائے گا۔ شریک حیات بھی آپ سے اپنے معاملات پر گفتگو کرنا چاہے گا۔

25تا31

اس عرصہ میں آپ آسان ذرائع سے روپیہ کمانے کی اسکیموں پر دھیان دیں گے۔ اس سلسلے میں آپ کی یہ کوشش ہوگی آپ کوئی نہ کوئی آسان راستہ تلاش کر لیں۔ ایسا کرنے سے باز رہیں' نقصان ہو جائے گا۔ آپ سے رتبے میں بڑے لوگ آپ کے ساتھ اہل کر کام کرنا پسند کریں گے۔ مگر اُن کی انا آپ سے اس بات کی توقع کرے گی کہ آپ اُن کی جی حضوری کریں۔ اس حوالے سے زیادہ دکھاوا کرنا آپ کے لیے نقصان دہ ہوگا۔ کام کی زیادتی رہے گی مگر آپ کو کام کرنے میں لطف آئے گا۔ ساتھ کام کرنے والوں کا مزاج آپ کے ساتھ خوشگوار ہو جائے گا۔

خواتین

اس ماہ میں آپ کو اپنے کاموں کے حوالے سے زیادہ آسانی نہ رہے گی کیونکہ ذمہ داریاں زیادہ ہوں گی اور اس قسم کی ہوں گی کہ آپ اُن سے منہ نہ موڑ سکیں گی۔ آپ کے لیے کام کرنے والے لوگ آپ کے ساتھ اچھے طریقے سے پیش آئیں گے۔ آپ کو اپنے خاوند سے اپنی بات منوانا کسی طور بھی آسان نہ رہے گا کیونکہ وہ آپ سے دلیل مانگیں گے اور آپ دلیل سے زیادہ کہہ دینے کو ہی کافی سمجھتی ہیں۔ آپ اپنی خواہشات کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کریں گی۔

سعد تاریخیں	نحس تاریخیں	لکی نمبرز
3-13-18-27	16-22-30	3-7

اس عرصہ میں آپ اپنے ٹیکس، وراثت اور اُدھار کے معاملات کو نمٹانے کی طرف توجہ دیں گے۔ اس حوالے سے آپ کے دماغ میں مختلف اسکیمیں چلتی رہیں گی۔ اس سلسلے میں دوسروں سے رابطے کرنا آپ کے لیے مفید ہوگا۔ مالی دستاویزات کو سوچ سمجھ کر فائنل کریں۔ اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی جلد بازی سے کام نہ لیں۔ آپ کو اپنی خواہشات کو پورا کرنے میں خاص طور پر آپ کے ساتھ کام کرنے والے اور ملازمین آپ کے لیے مددگار ثابت ہوں گے۔

25تا31

اس عرصہ میں آپ کو کام کرنے کے حوالے سے جو آسانیاں مل رہی تھیں وہ کم ہو جائیں گی۔ اس ضمن میں جس لاپرواہی سے آپ کام لے رہے تھے وہ آپ کو چھوڑنا پڑے گی۔ اجنبی لوگ آپ سے ملاقات میں آئیں گے۔ آپ کے لیے اُن سے تعلقات بنانا اور اُن سے فوائد حاصل کرنا مشکل رہے گا۔ مشترکہ مالی معاملات کے حوالے سے آپ کو اب دھیان سے کام لینا پڑے گا۔ اس حوالے سے کوئی ایسا کام نہ کریں جس سے عزت پر حرف آتا ہو۔

خواتین

اس ماہ میں آپ کے اخراجات بڑھ جائیں گے۔ اس تیزی کے ساتھ اخراجات ہوں گے کہ آپ کو کافی دیر تک اس بات کی سمجھ نہ آئے گی کہ آپ کے پاس سے روپیہ جا کہاں رہا ہے؟ آپ کو اپنے کاموں کو کرنے میں سہولت رہے گی۔ آپ کے لیے کام کرنے والے لوگ بھی آپ کے ساتھ پیار سے پیش آئیں گے۔ اپنی ازدواجی زندگی پر دھیان دیں کیونکہ وہ آپ سے وقت مانگ رہی ہے۔ توجہ نہ دینے کی صورت میں آپ کو مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس عرصہ میں آپ کو خاوند کی مان کر چلنا ہوگی۔ تبھی جا کر ہی آپ اس وقت کو بہتر انداز میں گزار پائیں گی۔

سعد تاریخیں	نحس تاریخیں	لکی نمبرز
2-11-24-29	7-13-26	1-4

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8

اس عرصہ میں آپ کو اپنے کاروبار اور روزگار کے حوالے سے اچھی خاصی محنت کرنا پڑے گی۔ اس ضمن میں اس بات کو اپنے ذہن میں رکھیں کہ افسران اور حکام بالا سے آپ کو کسی بھی طرح کا تعاون نہ ملے گا۔ آپ کے گھر کا ماحول بہت خوشگوار ہوگا۔ والدہ کا مزاج اچھا رہے گا۔ مگر یہ صرف تب تک ہوگا کہ جب تک آپ اُن کی بات مانیں گے۔ بچوں کے معاملات بھی آپ کی توجہ چاہیں گے۔ آپ خود بھی اُن سے بات کرنے اور اُن کے معاملات میں دلچسپی لینا پسند کریں گے۔

9 تا 16

اس عرصہ میں آپ کا دھیان آپ کے کاموں اور آپ کو درپیش مسائل کی طرف چلا جائے گا۔ آپ اس حوالے سے سوچیں گے اور مختلف اسکیمیں بھی بنائیں گے۔ دماغی کام کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی خوراک کا بھی خیال رکھیں تا کہ آپ کی صحت بگڑنے نہ پائے۔ آپ کو آسان ذرائع سے روپیہ کمانے کے بہت سے مواقع ملیں گے۔ لیکن آپ اپنی لاپرواہی کی وجہ سے ضائع کر دیں گے۔ عزت و آبرو کو آپ دوسروں سے لڑائی جھگڑے کی وجہ بنالیں گے۔

17 تا 24

اس عرصہ میں بھی آپ کو اپنے کاروبار کے حوالے سے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر آپ خاندانی کام کو چلا رہے ہیں تو پھر آپ کے بہن بھائی آپ کے لیے مسائل پیدا کرنے کا باعث بنیں گے۔ آپ کی محنت کو آسانی کے ساتھ تسلیم نہ کیا جائے گا۔ آپ کو زیادہ تر وقت حالت جنگ میں رہنا پڑے گا۔ مسائل اور پریشانیوں کے حوالے سے زیادہ سوچنے کی وجہ سے آپ کی صحت بھی خراب ہو سکتی ہے۔ آپ کے خفیہ دشمن بھی اس عرصے میں آپ کے مسائل میں اضافہ کرنے کی وجہ بنیں گے۔

25 تا 31

اس عرصہ میں آپ کو آسان ذرائع سے روپیہ کمانے کے مواقع ملیں گے اور آپ کو اس وقت سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ لیکن اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ زیادہ لاپرواہ انداز نہ اپنائیں کیونکہ ایسا کرنے سے بنتی بات بگڑ سکتی ہے۔ بچوں کو آپ کے پیار کی ضرورت ہوگی اور آپ کو اُن کے ساتھ گزارا گیا وقت بھی اچھا محسوس ہوگا۔ اس سلسلے میں آپ کو شریک حیات کا تعاون بھی ملے گا۔ اپنے کاموں کا احساس ذمہ داری کے ساتھ پورا کریں کیونکہ یہ بعد میں آپ کے ہی کام آئے گا۔

خواتین

اس ماہ میں آپ زیادہ تر خشک مزاجی کا مظاہرہ کریں گی۔ ساس کے ساتھ آپ کے تعلقات کسی بھی طرح سے خوشگوار نہ رہیں گے۔ وہ کوئی نہ کوئی بہانہ ڈھونڈ کر آپ کے لیے مسائل کھڑا کرتی رہیں گی۔ اس حوالے سے زیادہ مناسب تو یہ رہے گا کہ آپ ماننے والی بات کو مان لیں اور نہ ماننے والی بات پر صاف انکار کر دیں۔ گھر میں رہنا اور گھر کے بارے میں سوچنا اچھا لگے گا۔ بچوں کے معمولات پر اپنی نگاہ رکھیں تا کہ بعد میں آپ کو مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ بچے آپ سے اس بات کا تقاضا کریں گے کہ آپ اُن کے معاملات کو اہمیت دیں۔

سعد تاریخیں	نحس تاریخیں	لکی نمبرز
4-14-19-29	1-17-24	2-5

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ظ
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8

اس عرصہ میں آپ کے تعلقات اپنے رشتہ داروں اور بہن بھائیوں کے ساتھ خوشگوار رہیں گے۔ لیکن یہ دکھاوے کے لیے ہوگا۔ آپ کا اُن کی طرف زیادہ جھکاؤ رہے گا۔ دوسروں تک اپنی بات آپ پیار سے پہنچائیں گے۔ آپ کے خاندانی اور گھریلو معاملات آپ کے لیے اہم رہیں گے اور آپ کو کسی اور طرف نہ دیکھنے دیں گے۔ آپ گھر والوں سے بات چیت بھی کریں گے۔ والدہ کا مزاج بار بار بدلے گا۔ مسائل کے حل کے حوالے سے اُن پر زیادہ انحصار آپ کو پریشانی میں ڈال دے گا۔ سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ جھگڑا ہو جائے گا۔ اس کی ایک بڑی وجہ آپ کا شریک حیات ہوگا۔ مذہبی معمولات کو سر انجام دینے کے لیے آپ سختی کا مظاہرہ کریں گے۔

9 تا 16

اس عرصہ میں آپ کو بیرون ملک سفر کے حوالے سے مسائل پیش آئیں گے۔ آپ کا سفر کسی بھی طرح خوشگوار نہ گزرے گا۔ اس لیے یہ مناسب رہے گا کہ آپ اس حوالے سے زیادہ اُمیدیں نہ لگائیں۔ جن لوگوں کا کاروبار بیرون ملک سے ہے تو

اُن کو مالی مشکلات پیش آئیں گی۔ آپ نے اگر جائیداد کرایہ پر دی ہوئی ہے تو کرایہ دار اس عرصہ میں آپ کو تنگ کریں گے۔ اعلیٰ تعلیم کے خواہشمندوں کو کسی طریقے سے بھی اپنے اساتذہ کا تعاون نہ ملے گا۔ اساتذہ ناجائز سختی کے ساتھ پیش آئیں گے۔

17 تا 24

اس عرصہ میں بھی آپ کو ایسے مسائل گھیرے رہیں گے کہ جن سے منہ موڑنا آپ کے لیے مشکل رہے گا۔ اولاد کی وجہ سے بھی آپ ذہنی طور پر پریشانی کا شکار رہیں گے۔ یہ مسائل ایسے نہ ہوں گے کہ جو آج کل میں حل ہو جائیں۔ اِن کے لیے آپ کو کافی انتظار کرنا پڑے گا۔ گھر کی تبدیلی کے حوالے سے آپ کو کافی سنجیدگی کے ساتھ فیصلہ لینا پڑے گا کیونکہ اس سے زیادہ مناسب وقت آپ کو مستقبل قریب میں نہ ملے گا۔ قریبی رشتہ داروں سے ملنا ملانا لگا رہے گا اور آپ اُن سے مل کر اچھا محسوس کریں گے۔

25 تا 31

اس عرصہ میں آپ کو اپنی توجہ ایسے معاملات کی طرف دینا ہوگی کہ جو بظاہر تو اہم نہیں ہوتے ہیں مگر اُن کے بغیر زندگی کا لطف بھی نہیں آتا ہے۔ وہ ہے آپ کی تفریح۔ آپ کافی عرصہ سے اس طرف سے منہ موڑ رہے تھے۔ اب وقت ہے کہ آپ اپنے آپ کو سکون دینے کے لیے بھی کچھ وقت نکالیں۔ بچے بھی آپ کی توجہ چاہیں گے۔ جن لوگوں کے ہاں اولاد کی نعمت نہیں ہے وہ بھی اس وقت میں اس حوالے سے کافی سنجیدہ ہو جائیں گے۔ معاملات کو لٹکانا بند کر دیں گے۔ اللہ بھی اپنا فضل و کرم کرے گا۔

خواتین

اس ماہ میں آپ زیادہ تر توجہ اس بات پر دیں گی کہ کس طرح سے اپنے مفادات کے حصول کے لیے آپ اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہتر بنا سکتی ہیں؟ آپ اُن سے پیار سے پیش آئیں گی۔ گھریلو مسائل ایسے ہوں گے کہ جو آپ کی توجہ چاہیں گے۔ آپ کو اس حوالے سے اہم فیصلے لینا ہوں گے کیونکہ وہ وقت کی ضرورت ہیں۔ سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ آپ کے تعلقات خوشگوار نہ رہیں گے۔ زیادہ تر لڑائی رہے گی۔ اس میں کافی حد تک قصور آپ کے خاوند کا ہوگا۔ تفریح کرنے کے معاملے میں بھی آپ کا دماغ خوب چلے گا اور آپ نت نئے طریقے تفریح کرنے کے لیے نکالیں گی۔

سعد تاریخیں	نحس تاریخیں	لکی نمبرز
10-15-24-30	13-20-27	0-4

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8

اس عرصہ میں آپ کو مشترکہ مالی معاملات کے حوالے سے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ٹیکس اور اُدھار کے معاملات آپ کی جان کو آجائیں گے۔ آپ کے ساتھ کام کرنے والے لوگ آپ کے لیے مسائل پیدا کرنے کی وجہ بنیں گے۔ اُن پر نظر رکھیں تاکہ اُن کی طرف سے پہنچنے والے نقصان میں کمی آجائے۔ آپ کی فضول خرچی بڑھ جائے گی۔ آپ کو ذاتی محنت کا معاوضہ آسانی کے ساتھ مل جائے گا۔ لیکن جتنی آسانی کے ساتھ آپ کو روپیہ ملے گا ویسے ہی آپ اُس کو خرچ کر ڈالیں گے۔ آپ دوسروں سے اس بات کی توقع کریں گے کہ وہ آپ کی بات مانیں اور اُس پر عمل بھی کریں۔

9 تا 16

اس عرصہ میں آپ کے لیے آپ کے اردگرد کے لوگوں سے تعلقات اہم ہو جائیں گے۔ قرب و جوار کے علاقوں میں آپ سفر کریں گے اور اس سے آپ کو فائدہ حاصل ہوگا۔ ایسا کرنے سے آپ کی عزت میں بھی اضافہ ہوگا۔ آپ کے لیے آپ کی کہی ہوئی بات بہت اہم ہو جائے گی اور آپ کی توقع دوسروں سے یہ ہو گی کہ وہ آپ کی بات کو مان لیں۔ آپ اپنے گھریلو معاملات کے حوالے سے گھر والوں سے بات چیت کرنا پسند کریں گے۔ والدہ سے بھی اس سلسلے میں بات چیت رہے گی۔

17 تا 24

اس عرصہ میں بھی آپ کو روپیہ کمانے کے حوالے سے زیادہ مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔ وراثتی معاملات میں آپ کو اب بھی مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس حوالے سے آپ کے لیے زیادہ مناسب یہ رہے گا کہ آپ فوراً فیصلہ کریں اور پھر اُس پر عمل بھی کر ڈالیں۔ ایسا کرنا ہی معاملات کے نتائج کو آپ کے حق میں کر سکتا ہے۔ لیکن کہیں آپ یہ سوچ رہے ہیں کہ معاملات آسانی کے ساتھ حل ہو جائیں گے تو یہ آپ کی خام خیالی ہے۔

25 تا 31

اس عرصہ میں بھی آپ اپنے آپ کو مسائل میں گھرا ہوا پائیں گے۔ روپیہ کمانے کے معاملے میں جو آپ کو آسانی تھی وہ اب نہ رہے گی۔ مگر اس کے ساتھ ایسا بھی ہوگا کہ آپ کے اخراجات میں بھی کمی آجائے گی۔ آپ اس بات کی خواہش کریں گے کہ گھر والوں پر آپ کا رعب رہے اور وہ آپ کی بات کو مانیں۔ لیکن اب اس بات کا یہ مطلب نہیں کہ آپ اپنے بڑوں کے بھی بڑے بن جائیں۔ گھریلو معاملات آپ کے ذہن پر سوار رہیں گے۔

خواتین

اس ماہ میں جہاں آپ کی زبان سے دوسروں کے لیے پھول جھڑیں گے وہاں دوسرے آپ کے

لیے ایسے نہ ہوں گے۔ اُن کی زبان آپ کے لیے انگارے برسائے گی۔ آپ کے تعلقات اپنے رشتہ داروں کے ساتھ بہتر ہو جائیں گے۔ ویسے اس میں بھی آپ کے ذاتی مفادات ہوں گے۔ آپ کی زیادہ تر توجہ اس بات پر رہے گی کہ آپ کسی نہ کسی طرح سے دوسروں سے مال نکلوائیں۔ اس کے لیے اگر آپ کو دوسروں سے لڑائی بھی لینا پڑی تو آپ اُس سے دریغ نہ کریں گی۔ آپ لکھنے پڑھنے کے معاملات پر بہت زور دیں گی۔ آپ کی خواہشات آسانی کے ساتھ پوری نہ ہوں گی۔ آپ کو اُن کے لیے محنت کرنا پڑے گی۔

سعد تاریخیں	نحس تاریخیں	لکی نمبرز
2-11-16-24-29	14-20-27	1-6

قوس

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8

اس عرصہ میں آپ کا مزاج خوشگوار رہے گا۔ آپ اپنی ذات پر توجہ دیں گے۔ روپیہ کمانے کی طرف آپ کا دھیان جائے گا اور آپ کو اس حوالے سے بہت سارے مواقع بھی ملیں گے۔ ذاتی سیارہ کے ناقص حالت کی وجہ سے طبیعت میں لاپرواہی آجائے گی جو کہ مالی معاملات کے حوالے سے مسائل کو جنم دے سکتی ہے۔ آپ کے افسران آپ کے لیے آسانیاں نہیں پیدا کریں گے۔ اس حوالے سے آپ کو اپنی مدد آپ کے تحت کام کرنے پڑیں گے۔

9 تا 16

اس عرصہ میں آپ کو اُن تمام لوگوں سے جن کا سامنا آپ کو روزمرہ زندگی میں ہوتا ہے کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ وہ آپ کی بے جا مخالفت کریں گے اور آپ کے لیے مسائل کھڑے کر دیں گے۔ مناسب یہ ہی رہے گا کہ آپ اُن سے لڑائی نہ مول لیں مگر اگر بات بڑھ جاتی ہے تو پھر آپ بھی راست اقدام پر اُتر آئیں۔ ایسا کرنا ہی وقت کی ضرورت ہے۔ حالانکہ آپ کی یہ کوشش ہوگی کہ آپ کسی نہ کسی طرح سے اُن کو پیار کی زبان میں سمجھائیں مگر آپ کی یہ کوشش بے کار چلی جائے گی۔

17 تا 24

اس عرصہ میں آپ کے تعلقات اپنے گرد ونواح کے لوگوں سے بنیں گے۔ اب اُن سے بات چیت کریں گے۔ اُن کے بارے میں جاننے کی کوشش کریں گے۔ وہ لوگ جن کا کام ارد گرد کے شہروں میں پھیلا ہوا ہے کو بھی اپنا کاروبار بڑھانے کے مواقع ملیں گے۔ روپیہ کمانے میں آپ کو مسائل کا سامنا نہیں ہو گا۔ آپ آسانی کے ساتھ روپیہ کما لیں گے۔ آپ کی توجہ اپنے بہن بھائیوں کی طرف رہے گی۔ اُن کے معاملات آپ کے لیے اہم ہو جائیں گے لیکن اس طرف اپنے آپ کو زیادہ نہ الجھائیں کیونکہ پھر آپ اپنے ذاتی مسائل کو وقت نہ دے پائیں گے۔

25 تا 31

اس عرصہ میں بھی آپ کو اپنے مد مقابل لوگوں کی مخالفت جھیلنی پڑے گی۔ کسی کے ساتھ بھی جھگڑا ہونے کی صورت میں سامنے والا آپ کو چین سے بیٹھنے نہیں دے گا۔ لہٰذا دوسروں سے معاملہ داری کرتے وقت تمام باتوں کا خیال رکھیں تا کہ آپ کے لیے مسائل کم سے کم ہوں۔ اپنے رابطے بحال کرنا آپ کے لیے بہت اہم ہو جائے گا۔ آپ کی یہ خواہش ہوگی کہ لوگ آپ کی بات کو بلا کسی بحث کے مان لیں۔ آپ کے چھوٹے بہن بھائی آپ کے بڑے بننے کی کوشش کریں گے۔

خواتین

اس ماہ میں زیادہ تر آپ خوش مزاجی کا مظاہرہ کریں گی۔ دوسروں سے پیار سے پیش آنا آپ کو اچھا لگے گا۔ اپنی خوبصورتی کو برقرار رکھنے کے حوالے سے بھی آپ کوشش کریں گی۔ آپ کی خواہشات آسانی کے ساتھ پوری ہوں گی۔ ازدواجی زندگی مسائل سے بھرپور ہوگی۔ آپ ایک مسئلہ طے کریں گی اور دوسرا آپ کے سامنے کھڑا کر دیا جائے گا۔ خاوند کا مزاج بھی آتشی رہے گا۔ کوشش کریں کہ تصادم کم سے کم ہو۔ آپ کا زیادہ دھیان شاپنگ کی طرف لگا رہے گا۔ اس حوالے سے آپ کسی کی بھی بات سننے کے لیے تیار نہ ہوں گی اور اپنی مرضی سے سب کچھ کریں گی۔

سعد تاریخیں	نحس تاریخیں	لکی نمبرز
2-12-16-25-30	14-21-27	3-7

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8

اس عرصہ میں آپ کے اخراجات بڑھ جائیں گے۔ ان میں سے زیادہ تر آپ معاشرے میں اپنی عزت کو برقرار رکھنے کے لیے کریں گے۔ اس کے علاوہ اس میں سے کافی مقدار فضول خرچی کے زمرے میں بھی آتی ہے۔ ذاتی حیثیت میں آپ اپنے آپ کو طاقتور محسوس کریں گے۔ اس بات کی خواہش

بھی دل میں پیدا ہوگی کہ آپ کسی نہ کسی طرح دوسروں پر حکم چلائیں۔لوگ بھی آپ کو اہمیت دیں گے۔آپ کی گفتگو اور سوچ مدلل ہوگی۔دوسروں کو قائل کرنا آپ کو اچھا لگے گا۔آپ کے ساتھ کام کرنے والے لوگ کسی بھی طرح آپ کے لیے بہتر ثابت نہ ہوں گے۔

9تا16

اس عرصہ میں آپ پر کام کا دباؤ کافی سے زیادہ رہے گا۔آپ سے اس بات کی توقع کی جائے گی کہ آپ کسی نہ کسی طرح صرف کام کرتے رہیں اور دوسری طرف بالکل بھی توجہ نہ دیں۔وہ لوگ جو ہاتھ سے کام کرتے ہیں اُن کو احتیاط سے کام لینا چاہیے تاکہ وہ حادثے سے محفوظ رہ سکیں۔آپ اپنے کاموں کو چھوڑ کر ایسے کاموں میں مشغول ہوں گے کہ جن کی وجہ سے آپ کو مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے۔اپنے کھانے پینے پر کنٹرول کریں تاکہ آپ خرابی صحت کا شکار نہ ہو جائیں۔

17تا24

اس عرصہ میں بھی آپ کی فضول خرچیاں جاری رہیں گے۔آپ آسان ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی کو بھی اُسی راہ میں اڑانے کی طرف مائل رہیں گے۔آپ کا دماغ کمانے کے حوالے سے بھی مختلف تراکیب سوچے گا۔لیکن اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ آپ کو کام کرنا ہوگا۔کام کیے بغیر آپ کو اپنی منزل نہ ملے گی۔آپ کو اچھے انداز میں روپیہ کمانے کا موقع ملے گا۔دوسروں کا روپیہ بھی آسانی سے آپ کی طرف آنا شروع ہو جائے گا۔اس کے لیے زیادہ محنت کی ضرورت نہ رہے گی۔

25تا31

اس عرصہ میں آپ کی طبیعت آرام اور سکون کی طرف مائل ہو جائے گی۔آپ کوشش کریں گے کہ آپ کو زیادہ محنت نہ کرنا پڑے اور اُس کے بغیر ہی آپ کے کام ہو جائیں۔آپ کے افسران اور حکام بالا کا رجحان آپ کی طرف ہو جائے گا۔آپ کے کافی سے زیادہ کام اس وجہ سے آسان ہو جائیں گے۔مزاج کے اندر تساہل پسندی کا رجحان بڑھ جائے گا۔یہ بات الگ ہے کہ آپ کے کام آسانی کے ساتھ ہونے لگ جائیں گے۔

خواتین

اس ماہ میں آپ مرکز نگاہ بنی رہیں گی۔آپ اس بات سے اچھا محسوس کریں گی۔دوسروں پر رعب ڈالنا آپ کو اچھا لگے گا۔شخصیت میں ایک وقار آ جائے گا۔دوسروں سے مالی معاملات طے کرنے میں آپ کو آسانی رہے گی۔آپ کے اخراجات بڑھ جائیں گے۔یہ اخراجات آپ کی من پسند جگہ پر ہوں گے۔آپ کو بچوں کی وجہ سے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔آپ کا دماغ کسی نہ کسی طرح روپیہ کمانے کی طرف مائل رہے گا۔اس کے لیے آپ خوب پلاننگ بھی کریں گی۔کام کے حوالے سے آپ مسائل کا شکار رہیں گی۔ملازمین بھی آپ کے لیے مسائل پیدا کریں گی۔

سعد تاریخیں	نحس تاریخیں	لکی نمبرز
2-7-16-30	5-12-19	0-5

دلو

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ٹ، ڈ
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8

اس عرصہ میں آپ کو اپنی خواہشات کے حوالے سے زیادہ مسائل کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔وہ آسانی کے ساتھ پوری ہو جائیں گی۔اس میں کافی ہاتھ آپ کے گھر والوں کا بھی ہوگا۔آپ کے اخراجات بڑھ جائیں گے۔یہ مختلف نوعیت کے ہوں گے۔اس کے علاوہ آپ کے خفیہ دشمن بھی طاقت پکڑے ہوں گے۔آپ ایسے لوگوں سے کسی بھی طرح لڑائی مول نہ لیں جو کہ طاقت میں آپ سے زیادہ ہیں۔ویسے اکیلے میں آپ اپنے آپ کو زیادہ طاقتور محسوس کریں گے اور اپنے معاملات کے حوالے سے بہتر پلاننگ بھی بنا پائیں گے۔

9تا16

اس عرصہ میں آپ کو اپنے بچوں کی وجہ سے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔وہ بدتمیزی کا مظاہرہ کریں گے۔آپ کے لیے اُن کو سنبھالنا مشکل رہے گا۔اُن کو خراب کرنے میں قریبی رشتہ داروں کا ہاتھ رہے گا۔آپ خود اگر کسی جسمانی تفریح میں حصہ لے رہے ہیں تو پھر احتیاط سے کام لیں تاکہ آپ کو چوٹ لگنے کا امکان کم سے کم ہو۔ذہنی طور پر جس بے بسی کا شکار تھے، اب اُس کیفیت سے آپ نکل آئیں گے۔آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں بھی اضافہ ہو جائے گا۔

17تا24

اس عرصہ میں بھی آپ کے مسائل کم نہ ہوں گے مگر اب آپ کے پاس اپنے آپ کو مسائل سے آزاد کروانے کے لیے کافی تراکیب ہوں گی۔اس بات کی احتیاط کریں کہ آپ اکیلے کہیں نہ جائیں۔نقصان ہو سکتا ہے۔اخراجات کی زیادتی آپ کو تنگ کرتی رہے گی۔آپ جو کچھ کمائیں گے وہ خرچ ہو جائے گا اور آپ کو روپیہ بچانے میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔اس حوالے سے بہتر رہے گا کہ ایسے اخراجات کریں جو کہ آپ کو بعد میں کسی نہ کسی انداز میں فائدہ دے سکیں۔

25تا31

اس عرصہ میں آپ کے مسائل میں کمی بھی آئے گی اور ساتھ ہی ساتھ اُن کی نوعیت بھی بدل جائے گی۔صاحب حیثیت لوگوں کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل اب آپ کو تنگ نہیں کریں

گے۔آپ اپنا کھویا ہوا اعتماد بحال ہوتا محسوس کریں گے۔دوسرے بھی آپ کی شخصیت کو ماننے پر مجبور ہو جائیں گے۔اپنے کام اور تفریح کو ملانے کی کوشش نہ کریں کیونکہ ایسا کرنا آپ کے لیے مسائل کھڑا کرنے کے مترادف ہوگا۔جعلی پیر فقیر پر روپیہ پیسہ خرچ کرنے سے باز رہیں۔

خواتین

اس ماہ میں آپ کچھ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ نہ کر پائیں گی۔کیونکہ آپ کو چاروں طرف سے بندش کا ماحول ملے گا اور آپ کے لیے چھٹکارہ پانا اتنا آسان نہ ہوگا۔ازدواجی زندگی بھی آپ کے لیے مسائل کھڑا کرے گی۔خاوند کی طرف سے آپ کو ساتھ نہیں ملے گا۔بڑے بہن بھائیوں سے آپ کو پیار ملے گا۔لیکن اُس میں بھی اُن کا مطلب چھپا ہو گا۔صاحب اولاد ہونے کی صورت میں بچوں کی بد تمیزی اور نافرمانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔اگر اللہ اولاد کی خوشی دکھانے والا ہے تو اس حوالے سے آپ کو پیچیدگیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔اس بات کا قوی امکان ہے کہ آپریشن کی نوبت بھی آجائے۔تمام احتیاطی تدابیر پر عمل پیرا ہوں۔

سعد تاریخیں	نحس تاریخیں	لکی نمبرز
3-8-17-21-30	6-19-26	1-8

حوت

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نیپچون
منسوبی حروف	چ، د
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8

اس عرصہ میں آپ کی خواہشات بڑھی ہوں گی۔آپ کے اندر کچھ نہ کچھ کرنے کا جذبہ رہے گا۔اس حوالے سے آپ عملی اقدامات بھی کریں گے۔آپ کے ساتھ کام کرنے والے لوگ آپ کے لیے مددگار ثابت ہوں گے۔آپ کا حلقہ احباب بڑھ جائے گا۔ایسے لوگ اُس میں شامل ہوں گے کہ جو صاحب الرائے ہوں گے۔آپ اُن کی وجہ سے اپنے آپ کو طاقتور محسوس کریں گے۔آپ کے بڑے بہن بھائی آپ کے کافی کام آئیں گے۔

9 تا 16

اس عرصہ میں آپ کے گھر کا ماحول آپ کے لیے مسائل پیدا کرے گا۔کیونکہ گھر والے ایک دوسرے سے برسر پیکار ہوں گے۔کوئی بھی ایک دوسرے کو برداشت کرنے پر تیار نہ ہوگا۔لڑائی کا ماحول بنا رہے گا۔اس میں آپ کے سسرالی رشتہ داروں کا بھی کافی ہاتھ ہوگا۔والدہ کا مزاج بھی آپ کے لیے کچھ بہتر نہ ہوگا۔آپ کو اُن لوگوں سے ہوشیار رہنا چاہیے جن سے آپ کی روزمرہ زندگی میں ملاقات ہوتی ہے۔ازدواجی زندگی بھی اس عرصہ میں مسائل کی زد میں آجائے گی۔آپ کے افسران اور صاحب حیثیت لوگ آپ سے پیار کے ساتھ پیش آئیں گے۔

17 تا 24

اس عرصہ میں جہاں آپ کو اپنے کام اور روزگار سے سکون مل رہا ہوگا وہاں ہی آپ کو گھریلو مسائل چین سے نہ بیٹھنے دیں گے۔والد کے ساتھ بات کرنا آپ کو خوشی دے گا جبکہ والدہ مسائل پیدا کرنے کا باعث بنیں گی۔اس صورتحال سے آپ کافی حد تک پریشان رہیں گے۔اس کا بہتر حل یہ ہے کہ آپ اپنے کام پر توجہ دیں اور گھر پر کم سے کم وقت گزاریں۔آپ کے بڑے بہن بھائی اور آپ کے دوست آپ کے کافی کام آئیں گے۔اس کے لیے آپ کو اپنے انداز میں التجا کو لانا پڑے گا۔

25 تا 31

اس عرصہ میں آپ کے خفیہ دشمن طاقت پکڑ لیں گے۔اس بات کا بہت امکان ہے کہ صاحب حیثیت لوگ آپ کے خلاف ہو جائیں۔اس کے لیے زیادہ مناسب یہ رہے گا کہ آپ ہاتھ پیر بچا کر کام کرنے کی کوشش کریں۔ایسا کرنا ہی مسائل کی شدت کو کم کرنے کا باعث بنے گا۔آپ کے گھر والے آپ کے لیے کسی بھی طور اچھے ثابت نہ ہوں گے۔آپ کے خلاف سازشوں میں شریک ہوں گے۔اس لیے ایسے لوگوں سے بچیں جن کا کام ادھر کی بات اُدھر لگانا ہے۔

خواتین

اس ماہ میں آپ کو گھریلو مسائل کافی تنگ کریں گے۔ساس کا رویہ آپ کے حق میں ہوگا اور وہ آپ کے ساتھ پیار سے پیش آئیں گی۔ایسا صرف تھوڑے عرصے کے لیے ہوگا۔اس لیے اگر آپ نے اُن سے کوئی بات منوانی ہو تو اس موقع کا فائدہ اُٹھا لیں۔آپ کے بڑے بہن بھائی آپ کے کافی کام آئیں گے۔لیکن آپ کو اُن کو بڑا مان کر ہی چلنا پڑے گا تب ہی جا کر آپ کے کام آپ کی مرضی کے مطابق ہوں گے۔اس حوالے سے آپ اس بات کو ذہن میں رکھ لیں کہ اپنے پاؤں کو ضرورت سے زیادہ نہ پھیلائیں تاکہ بعد میں آپ کو شرمندگی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

سعد تاریخیں	نحس تاریخیں	لکی نمبرز
1-6-15-19-28	3-17-24-31	0-7

☆☆☆☆☆

سید رشید الدین احمد

غذا اور ورزش سے بلڈ پریشر کا علاج

کیا آپ بلڈ پریشر کے مریض ہیں؟ اگر ہیں تو اپنے معالج کی تجویز کردہ دوائیں ہدایات کے مطابق استعمال کرتے رہیے، لیکن اگر آپ چاہیں تو اس مرض پر غذائی پرہیز اور باقاعدہ ورزش کے ذریعے سے بھی قابو پا سکتے ہیں، کیوں کہ یورپ اور امریکا میں بے شمار افراد ان تدابیر کے ذریعے سے اپنا بلڈ پریشر قابو میں لا چکے ہیں۔ ان میں یونیورسٹیوں کے پروفیسر اور نامی گرامی معالجین بھی شامل ہیں۔ یہ حضرات تسلیم کرتے ہیں کہ باقاعدہ ورزش، صحت بخش غذا اور ذہنی دباؤ کم کرنے کی مشقوں مثلاً یوگا، چینی ورزشوں (تائی چی) اور مراقبے کی مشقوں کے ذریعے سے وہ اپنا بلڈ پریشر کم کرنے میں اس حد تک کامیاب رہے ہیں کہ ان میں سے اکثر نے دواؤں کا استعمال ترک کر دیا ہے یا پھر ان کی مقدار بہت کم رہ گئی ہے۔

لاس اینجلس کے ماہر نفسیات ڈیوڈ شپرو

ایک مثبت، موثر اور مجرب لائحہ عمل

78 سال کے ہیں۔ وہ بلڈ پریشر کی دوائیں استعمال کرتے تھے۔ پھر انہوں نے ایک قریبی یوگا مرکز میں ورزشوں اور مراقبے کے علاوہ مناسب اور متوازن غذا کے پروگرام کے ذریعے سے بالآخر اپنا بلڈ پریشر نارمل کر کے دواؤں کا استعمال ترک کر دیا۔ اب وہ یہ بات پورے وثوق سے کہتے ہیں کہ

باقاعدگی سے اس انداز کی زندگی گزار کر بلڈ پریشر کے مریض اس مرض کی دواؤں اور ان کے مضر پہلوئی اثرات سے خود کو محفوظ کر سکتے ہیں۔ ان کا اصرار ہے کہ اس پروگرام پر عمل کر کے وہ لوگ بھی جو اس کے مریض نہیں ہیں، خود کو اس مرض سے محفوظ رکھ سکتے ہیں جب کہ ۹۰ فی صد افراد کا بڑی عمر میں اس کے شکار ہونے کا خطرہ لاحق رہتا ہے۔ مرض کی حیثیت سے یہ ایک خاموش قاتل ہے جو برسوں کسی ظاہری علامت کے بغیر انسان کو اندر اندر کھوکھلا کرتا رہتا ہے اور وہ بالآخر ایک دن حملہ قلب کا شکار ہو جاتا ہے یا پھر فالج اسے اپاہج کر دیتا ہے، گردے جواب دے جاتے ہیں اور پھر اس کے بچنے کی کوئی اُمید نہیں کی جا سکتی۔

ڈاکٹر ڈیوڈ شپرو کے مشورے کے مطابق ایسے افراد کو جو اس وقت خود کو بالکل صحت مند پاتے ہیں، یہ ضرور غور کرنا چاہیے کہ ان کے بزرگوں کی اموات کس تکلیف سے واقع ہوئیں۔ اگر وہ بلڈ پریشر سے ہلاک ہوئے ہیں تو ایسی صورت میں انہیں ضروری ٹیسٹ وغیرہ کے بعد غذائی اور ورزشی طریقے اختیار کر کے خود کو محفوظ رکھنے کی کوشش شروع کر دینی چاہیے۔

ایسے افراد کو یہ ضرور دیکھنا چاہیے کہ ان کا وزن معمول کے مطابق ہے یا وہ زیادہ وزنی ہیں۔

وزن کم کرنا ان کے لیے پہلا قدم ہونا چاہیے۔ جس کے لیے ضروری ہے کہ وہ ورزش کریں، صحیح غذا کھائیں اور ذہنی دباؤ سے نجات کے لیے مراقبے سے مدد لیں۔ اگر آپ کا بلڈ پریشر نارمل ہے تو ایسی صورت میں بھی اس پروگرام پر عمل درآمد کر کے اسے مزید کم کر کے خود کو اس کی گوناگوں پیچیدگیوں سے محفوظ کیا جا سکتا ہے۔ اور اگر یہ زیادہ ہو تب بھی اس کے ذریعے سے اسے نارمل کیا جا سکتا ہے۔

زیادہ سے زیادہ آپ کو کچھ عرصے تک اس کی دوائیں کھانی پڑ سکتی ہیں جن کا آگے چل کر استعمال غیر ضروری بھی ہو سکتا ہے۔

سب سے پہلے

اپنا وزن کم کرنے کی مخلصانہ کوشش کیجیے۔

بوسٹن یونیورسٹی اسکول آف میڈیسن کے ڈاکٹر کرٹس ایلی سن کے مطابق وزن میں اضافے کی وجہ سے جسم

میں گلوکوس کا توازن بگڑنے کے علاوہ کیلشیم اور استحالے (غذا کا ہضم و جذب) کا نظام بگڑ جاتا ہے اور بعض ہارمونی تبدیلیوں کی وجہ سے بلڈ پریشر آ گھیرتا ہے۔

ورزش کیجیے

وزن میں کمی ہر شخص کے لیے مفید ثابت ہوتی ہے۔ چند پونڈ کی کمی سے بلڈ پریشر خود بہ خود کم ہو جاتا ہے۔ اس سلسلے میں ہونے والے ایک مطالعے سے یہ بات سامنے آئی کہ وزن کم کرنے والے بلڈ پریشر سے پچاس فی صد زیادہ محفوظ ہو گئے۔ وزن کم کرنے کی بہترین تدبیر زیادہ ورزش اور کم کھانا ہے۔

ورزش کئی لحاظ سے بلڈ پریشر کم کرتی ہے۔ ورزش سے زائد وزن کم ہونے کی وجہ سے ذہنی دباؤ کم ہو جاتا ہے۔ باقاعدگی سے کی جانے والی ائروبک ورزش سے قلب مضبوط ہوتا ہے اور وہ خون زیادہ بہتر طور پر پمپ کرتا ہے جس کے نتیجے میں قلب کے آرام کرنے کا درمیانی وقفہ بڑھ جاتا ہے اور بلڈ پریشر گھٹ جاتا ہے۔ ورزش سے خون کی رگیں زیادہ لچک دار ہو جاتی ہیں اور اس طرح ان میں خون کی سپلائی بڑھنے کی وجہ سے بھی بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے۔

ماہرین ہفتے میں پانچ دن روزانہ 30 منٹ تک سخت، لیکن معتدل ورزش کی سفارش کرتے ہیں۔ اس قسم کی ورزش یعنی واک، جاگنگ یا سائیکلنگ سے بلڈ پریشر میں اتنی ہی کمی آ جاتی ہے کہ جتنی سخت ورزش سے آتی ہے۔

پرہیزی غذا کھائیے

پرہیزی غذا سے مراد زیادہ گھی، تیل، چربی اور نمک سے پرہیز ہے۔ ایسی نمکین اور تر تراتی روغنی اور شکر سے لدی غذاؤں کی جگہ زیادہ پھل اور سبزیوں والی غذاؤں کے استعمال سے بلڈ پریشر کم ہونے لگتا ہے۔ یہ اثرات دو ہفتوں کے اندر ہی ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ سبزیوں اور پھلوں پر مشتمل غذاؤں سے جسم کو زیادہ مقدار میں حیاتین اور معدنی نمک ملتے ہیں۔ کئی تجربات اور مشاہدات نے ثابت کر دیا ہے کہ اس غذا سے بلڈ پریشر میں کمی آ جاتی ہے۔

ماضی کے برخلاف اب یہ بھی ثابت ہو گیا ہے کہ سبزیوں، پھلوں، دلیوں، بے چھنے آٹے کی روٹیوں پر مشتمل غذا کا ملا جلا استعمال زیادہ موثر ثابت ہوتا ہے۔ اس کے باوجود کہ اس قسم کی غذا کا مقصد وزن میں کمی نہیں ہوتا، لیکن چونکہ اس غذا میں حرارے کم ہوتے ہیں اور ورزش بھی کی جاتی ہے، اس لیے جسم فاضل حراروں کی کمی کی وجہ سے ہلکا ہونے لگتا ہے۔

نمک کم کر دیجیے

نیشنل ہارٹ، لنگ اینڈ بلڈ انسٹی ٹیوٹ کی ایوا او بازانیک پی ایچ ڈی کے مطابق غذا میں سوڈیم (نمک) کی مقدار کم کر دینے سے پرہیزی غذا کے مقابلے میں وزن بہت کم ہو جاتا ہے اور ظاہر ہے کہ اس طرح بلڈ پریشر میں بھی کمی آ جاتی ہے۔ مشاہدہ یہ بھی ہے کہ بعض لوگ ضرورت سے زیادہ نمک کھاتے ہیں۔ مغربی اقوام چونکہ مرچ مسالے اور دوسری چرپری اشیاء استعمال نہیں کرتیں، وہ غذا کو ذائقے دار بنانے کے لیے نمک زیادہ کھاتی ہیں۔ دن بھر میں صرف آدھا چائے کا چمچہ نمک کھانا بہت کافی ہوتا ہے۔

نمک کم کرنے کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ دستر خوان پر نمک دانی نہ رکھی جائے۔ لوگ اس طرح 15 فی صد زیادہ نمک استعمال کرنے لگتے ہیں۔ اس کے علاوہ اچار، پاپڑ، چپس، ساس، کیچپ اور ڈبا بند کھانوں، خشک گوشت اور مچھلی میں بھی نمک بہت زیادہ ہوتا ہے۔

کیفین سے بچئے

یہ بحث ایک عرصے سے جاری ہے کہ کیفین آمیز مشروبات مثلاً کوفی، چائے، کولا مشروبات سے بلڈ پریشر بڑھتا ہے یا نہیں۔ عام رائے یہ تھی کہ کیفین سے بلڈ پریشر نہیں بڑھتا، لیکن ڈیوک یونی ورسٹی میڈیکل سنٹر کے ایک حالیہ مطالعے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ 500 ملی گرام یعنی اندازاً 8 اونس کی 3 پیالی کوفی کے پینے سے بلڈ پریشر میں 4 ڈگری اضافہ ہو جاتا ہے جو سونے کے وقت تک برقرار رہتا ہے۔

آٹھ اونس کی تین پیالی کوفی میں کیفین کی مقدار 100 سے 125 ملی گرام، تین پیالی چائے میں 50 ملی گرام یعنی اندازاً 8 اونس کی تین پیالی چائے میں 50 گرام اور اتنی ہی مقدار میں کولا مشروب میں کوئی 40 ملی گرام ہوتی ہے۔

اس مطالعے کے نگران جم لین پی ایچ ڈی کے مطابق کیفین کے استعمال سے رگیں تن جاتی ہیں اور اس طرح ذہنی دباؤ میں اضافہ ہو جاتا ہے اور ذہنی دباؤ کی کیفیت میں قلب کے پمپ کرنے کی رفتار بڑھنے کی وجہ سے بلڈ پریشر میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ کوفی کا استعمال آپ کے لیے ناگزیر ہو تو بغیر کیفین کی کوفی پیا کیجیے۔

پُرسکون ہونا سیکھیے

مراقبے کا اصل مقصد یہی ہوتا ہے کہ آرام دہ پوزیشن میں بیٹھنے سے پہلے ایک دو گلاس صاف اور ٹھنڈا پانی پینے کے بعد گہرے سانس لیے جائیں

بقیہ صفحہ 53 پر........

اکثر افراد کے لیے بڑھاپے کا تصور رونگٹے کھڑے کر دینے والا ہوتا ہے۔ وہ اسے بیماری، مفلسی، جنسی سرد مہری، حواس باختگی اور موت کے انتظار کا دور سمجھتے ہیں۔ اگرچہ صحیح اور مادی لحاظ سے خوش حال بوڑھے بھی نظر آتے ہیں، لیکن بڑھاپے کی اس منفی تصویر کی وجہ سے ہم ایسے بوڑھوں کو ایک استثنا خیال کرتے ہیں۔

معمر افراد پر کی گئی تحقیقات سے ظاہر ہوتا ہے کہ بوڑھوں کی اکثریت ۷۰ اور ۸۰ کی دہائیوں میں بھی صحت مند اور خوش و خرم رہتی ہے۔ اگر بڑھاپے کے بارے میں بعض غلط فہمیاں ذہنوں سے نکل جائیں تو لوگوں کی اس سے بھی بڑی تعداد بڑھاپے سے لطف انداز ہو سکتی ہے۔ بڑھاپے سے متعلق عموماً چھ غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں۔

(۱) ۶۵ برس کی عمر میں انسان کی ٹانگیں قبر میں لٹک چکی ہوتی ہیں

اس عمر میں ایسا معاملہ انہی لوگوں کا ہوتا ہے کہ جو پہلے سے ہی اس کی توقع لیے ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ بڑھاپے میں مستعد رہنے کے بجائے خود کو زندگی کی خوشیوں سے الگ کر لیتے ہیں اور امراض کا تدارک کرنے کے بجائے انہیں بڑھاپے کے تحائف سمجھ کر سینے سے لگا لیتے ہیں۔ ہارورڈ میڈیکل اسکول کے ایک ماہر نے متنبہ کیا ہے کہ عام طور سے بڑھاپے سے متعلق سمجھے جانے والے مسائل مثلاً حافظے کی خرابی، چکر، مثانے کی کمزوری، بھوک کی کمی وغیرہ دراصل کسی جسمانی خرابی کو ظاہر کرتے ہیں نہ کہ بڑھاپے کو۔ یاد رکھنا چاہیے کہ ۶۵ کا عدد زندگی کے عروج کا دور ہے، اسے اس کے برعکس سمجھ لینا ایک غلطی ہے۔

(۲) اکثر بوڑھے افراد مفلس ہوتے ہیں

یہ غلط ہے۔ بوڑھوں کی اکثریت غریب نہیں ہوتی۔ ایک جائزے میں ۶۵ سال سے زائد عمر کے افراد سے پوچھا گیا کہ آیا دولت کی کمی ان کے لیے کوئی مسئلہ ہے۔ صرف ۱۷ فی صد بوڑھوں نے اسے ایک سنگین مسئلہ قرار دیا۔

(۳) بوڑھے افراد میں جنسی خواہش دم توڑ جاتی ہے

یہ خیال بھی محل نظر ہے۔ بوڑھوں کے اُمور پر تحقیق کرنے والے امریکا کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ اور جنس کے متعلق معلومات فراہم کرنے والے ایک ادارے کی رپورٹوں کے مطابق اکثر بوڑھے افراد اپنی زندگی میں جنس سے لطف اندوز ہوتے رہے ہیں۔ اس سے محروم صرف وہ بوڑھے رہتے ہیں جو کسی جسمانی معذوری کا شکار ہوتے ہیں یا اس عمر میں جنسی سرگرمیوں کو مناسب (یا ممکن) خیال نہیں کرتے یا شریکِ حیات کا ساتھ کھو بیٹھتے ہیں۔

بوڑھوں میں امراض قلب اور فالج کا عارضہ شاذ ہی جنسی معذوری کا سبب بنتے ہیں۔ ذیابیطس کا مرض بھی اگر قابو میں ہو تو جنسی قوت عموماً بحال رہتی ہے۔ بوڑھوں میں جنسی خوشیوں کو غارت کرنے والے عوامل صرف لاعلمی، شراب نوشی اور بعض دواؤں کے ضمنی اثرات ہیں۔ دواؤں کے پیدا کردہ جنسی مسئلے کی صورت میں معالج سے بات کرنی چاہیے۔

> **اگر بڑھاپے کے بارے میں بعض غلط فہمیاں ذہنوں سے نکل جائیں تو لوگوں کی بہت بڑی تعداد بڑھاپے سے لطف انداز ہو سکتی ہے۔**

بڑھاپے میں اگرچہ جنسی خواہش برقرار رہتی ہے، تاہم جنسی افعال کی ادائیگی کے طریقوں میں تبدیلیاں ضرور واقع ہوتی ہیں۔ بوڑھے مرد وزن رد عمل ظاہر کرنے میں سست ہوتے ہیں اور انہیں جوانوں کی بہ نسبت زیادہ تحریک کی بھی ضرورت ہوا کرتی ہے۔ بڑھاپے میں اگر یہ صلاحیت ختم بھی ہو جائے تو جنسی نشاط اور جسمانی قرب و محبت کی ضرورت بہرحال باقی رہتی ہے۔

(۴) بوڑھے افراد اکثر بیمار رہتے ہیں

حقیقت یہ ہے کہ ۶۵ برس سے زائد عمر کے افراد کو لاحق ہونے والے حاد امراض کی نصف تعداد وہی ہوتی ہے جس میں ۱۷ سے ۴۴ برس کے افراد مبتلا

ہوتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ جو لوگ طویل عمر پاتے ہیں ان میں بعض امراض مزمن صورت اختیار کر سکتے ہیں۔ تاہم نیشنل انسٹی ٹیوٹ آن ایجنگ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر رابرٹ این بٹلر کا کہنا ہے کہ ایسے مسائل معمر افراد کی اکثریت کو فعال اور آزاد زندگی گزارنے سے نہیں روکتے۔ ۶۵ برس سے زائد عمر کے ۸۱ فی صد افراد کسی سہارے کے بغیر چل پھر سکتے ہیں۔

یہ بات معالجین کو بھی بتانے کی ضرورت ہے کہ بڑھاپا امراض کا سبب نہیں ہوتا۔ ایک بوڑھی خاتون نے اپنے معالج سے کندھے میں درد کی شکایت کی۔ اس پر معالج نے طنزیہ انداز میں کہا ''خاتون! یہ کندھا بھی تو اب ۸۳ برس پرانا ہو چکا ہے۔'' بوڑھی عورت نے فوراً جواب دیا ''ہاں، مگر دوسرے کندھے کی بھی یہی عمر ہے، لیکن یہ مجھے تکلیف نہیں دیتا۔'' طبی معائنے پر پتا چلا کہ اس عورت کے متاثرہ کندھے میں دراصل شدید قسم کی موچ آ چکی تھی۔

(۵) بڑھاپے میں انسان سٹھیا جاتا ہے

یہ غلط فہمی بھی بے بنیاد ہے۔ لاعلمی کی وجہ سے بوڑھوں کے رویوں اور سمجھ بوجھ میں آنے والی بعض تبدیلیوں پر ''سٹھیا'' جانے کا فتویٰ صادر کر دیا جاتا ہے۔ حالانکہ ان تبدیلیوں کی ٹھوس طبعی وجوہ ہوتی ہیں۔ بعض امراض مثلاً الزائمر دماغی بافتوں کو نقصان پہنچاتے ہیں، لیکن بوڑھوں میں ان امراض کی شرح ۲ فی صد سے بھی کم ہے۔ یہ بات بھی سمجھنی چاہیے کہ بوڑھے بعض دواؤں کے استعمال سے مختلف ردعمل ظاہر کر سکتے ہیں، لہٰذا جب بھی بوڑھے افراد کے جذباتی کردار میں کوئی تبدیلی واقع ہو تو انہیں دی جانے والی دواؤں کے پہلوی اثرات کا جائزہ لیا جانا چاہیے۔ اس حوالے سے بوڑھوں میں بعض دیگر مسائل مثلاً افسردگی، استحالے کی خرابیاں، نقص تغذیہ، حواس کی کمزوری وغیرہ بھی نظر میں رہنے چاہئیں۔ سماعت و بصارت کی خرابی کے باعث بوڑھے جب اپنی بات صحیح طور پر دوسروں تک نہیں پہنچا پاتے تو بھی جھنجلا کر نامناسب رویوں کا اظہار کرنے لگتے ہیں۔ ایک ماہر نفسیات کو ہسپتال میں داخل ایک بوڑھے مریض کے علاج کے لیے بلایا گیا جو کھانے پینے سے انکار کر رہا تھا اور سنبھالا نہیں جا رہا تھا۔ چھان بین کے بعد اس ماہر نفسیات نے مسئلے کا ''سبب'' یہ دریافت کیا کہ اس بوڑھے مریض کے آلہ سماعت کی بیٹری میں کوئی خرابی تھی جس کی وجہ سے اسے صحیح طرح سے سنائی نہ دیتا تھا کہ اس سے کیا کہا جا رہا ہے۔

(۶) اکثر بوڑھے اپنی آخری سانسیں ہسپتال کے بستر پر ہی لیتے ہیں

اس معاملے میں بھی حقیقت یہ ہے کہ شدید طور پر بیمار پانچ بوڑھوں میں سے چار کی دیکھ بھال ان کے رشتے دار بھی بہ خوبی کر سکتے ہیں۔ پانچ فی صد سے کم بیمار بوڑھوں کو معالجوں اور نرسوں کی نگرانی کی ضرورت پڑتی ہے اور ایسے بوڑھوں کی عمریں بھی عموماً ۸۵ برس سے اوپر ہوتی ہیں۔ بوڑھوں کی دیکھ بھال کرنے والی ایک تنظیم کے سربراہ برنارڈ وارِاچ کا کہنا ہے کہ نرسنگ ہوم زندگی کے اختتام کا کوئی لازمی مرحلہ نہیں ہے۔ موثر علاج اور اچھی نگہداشت کے نتیجے میں بوڑھے مریضوں کی حالت اتنی بہتر ہو جاتی ہے کہ وہ بحالی صحت کے باقی مراحل گھر پر ہی طے کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ ایک معالج کے مطابق بوڑھے مریضوں کی نصف تعداد نرسنگ ہوم میں تین ماہ گزارنے کے بعد گھر چلی جاتی ہے۔

بڑھاپے کے بارے میں ان غلط فہمیوں کو اپنے ذہنوں سے نکال کر ہم نہ صرف اپنے بوڑھے عزیزوں کی بہتر طور پر مدد کر سکتے ہیں، بلکہ خود اپنا بڑھاپا بھی صحت مند، فعال اور تخلیقی انداز میں گزارنے کی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔

بقیہ ''آپ کا برج'' صفحہ 30 سے آگے

برج جدی برج حوت کے ساتھ

جدی عورت حوت مرد

جدی کے لیے حوت بہترین ہے۔ جدی کو چونکہ مالی طور پر مستحکم مرد پسند ہے تو حوت بھی محنتی اور کامیاب حکمت عملی کی ذریعے مسلسل جدوجہد کرنے والا ہے۔ جدی کو تحفے تحائف دیتا اور خوش رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ اردگرد کے لوگوں کو خوش رکھنا بھی اس کی خواہش ہوتی ہے۔ آپ دونوں پرسکون گھر پسند کرتے ہیں۔ جدی بچوں کی تربیت بہت اچھی کرتی ہے۔ اور بچے حوت کے ساتھ رہ کر بہت خوش رہتے ہیں۔

جدی مرد حوت عورت

حوت محبت اور شادی کو بہت اہمیت دیتی ہے اور آئیڈیل کی تلاش میں رہتی ہے۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ جدی اور حوت کی جوڑی کامیاب ہے۔ حوت اپنے اوپر کوئی بات آنے سے پہلے مچھلی کی طرح ہاتھ سے پھسل جاتی ہے لیکن جدی کو تنہا نہیں چھوڑتی۔ اس کی موجودگی یا غیر موجودگی میں اس کے متعلق نازیبا الفاظ ناپسند کرتی ہے۔ جدی کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ بعض اوقات جدی کی ڈانٹ اسے دلبرداشتہ کر دیتی ہے لیکن ذرا سا دلاسہ اسے حیات نو بخشتا ہے۔ آپ دونوں اچھی زندگی گزارتے ہیں۔

انعامی بانڈ، کرکٹ میچ، فٹ بال، گھڑ دوڑ، PDF سکیم، ہیرو پاکستانی، بین الاقوامی لاٹری سکیمیں

زیرِ نظر مضمون میں خوش قسمتی کے خواہش مند اُن افراد کی بہتر سے بہتر راہنمائی کی کوشش کی گئی ہے جو مختلف قسم کے انعامی سکیموں یا مقابلوں میں شریک ہوتے ہیں۔ اس مضمون کے پہلے حصے میں انعامی بانڈوں کی قرعہ اندازی میں نکلنے والے ممکنہ نمبروں کا استخراج کیا گیا ہے۔ جبکہ دوسرے حصے میں روزانہ یا مختلف دنوں میں ہونے والی متفرق انعامی سکیموں میں استعمال کرنے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر خوش قسمت نمبر استخراج کر دیئے گئے ہیں۔

خیال رہے مختلف انعامی سکیمیں ہر ملک کے مطابق قانونی یا غیر قانونی ہوتی ہیں۔ مثلاً انعامی بانڈ سکیم اور PDF وغیرہ سکیمیں جو بالترتیب حکومت پاکستان اور حکومت پنجاب کی ہیں قانونی ہیں تاہم پرچی غیر قانونی ہے۔ اسی طرح بعض ملکوں میں کرکٹ، فٹ بال اور رگبی میچ، گھڑ دوڑ وغیرہ پر یہ انعامی سکیم یا جوا قانونی ہے لیکن پاکستان میں غیر قانونی ہے۔ سو ہر قاری اپنے ملک کے قانون کے مطابق کام کرے۔ اس طرح ہدایت کی جاتی ہے کہ اس کام میں رقم اپنی جیب سے بڑھ کر نہ لگائیں اور بلاوجہ قرضے اور پریشانی میں نہ پڑیں۔

متوقع بانڈ نمبرز برائے ماہ جنوری 2008

ماہ جنوری میں واقع ہونے والے 15000 روپے مالیت کے بانڈ نمبروں کی قرعہ اندازی کے لیے متوقع انعامی بانڈ نمبروں کا استخراج۔

کل پیک درج ذیل ہے:-

334	459	549
679	790	631
770	991	575
	391	

ماہ جنوری میں واقع ہونے والے 750 روپے کے بانڈ نمبروں کی قرعہ اندازی کے لیے متوقع انعامی بانڈ نمبروں کا استخراج۔

	5	
9	0	3
	4	

کل پیک درج ذیل ہے:-

571	661	961
761	539	537
901	992	579
	321	

ماہ جنوری 2008 روزانہ بنیاد پر استخراج کردہ نمبر

دن	جنوری	ممکنہ انعامی نمبر			سعد نحس دن	فلکی نمبر
منگل	1	3	6	4	ن	7
بدھ	2	8	9	0	س	8
جمعرات	3	9	6	7	س	9
جمعہ	4	0	4	1	س	1
ہفتہ	5	3	9	2	ن	2

لوح استخارہ

یہ لوح کسی بھی کام یا بانڈ نمبر وغیرہ کے لیے استخارہ کرنے کے لیے مفید ہے۔ بعض دفعہ انسان دوراہے پر کھڑا ہوتا ہے کہ وہ اِدھر جائے یا اُدھر جائے۔ جب فیصلہ کرنا بہت مشکل اور ضروری بھی ہو تو ایسے حالات میں اس لوح کا بنوانا مفید رہتا ہے۔ استخارہ سے فیصلہ کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ بہت سے قارئین سوال کرتے ہیں کہ کیا اس کا استعمال ہر کام میں استخارہ کے لیے کیا جاسکتا ہے تو اس کا جواب ہاں میں ہے۔ آپ حسب منشاء کسی بھی سوال کے جواب کے لیے اطمینانِ قلب سے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کو درست جواب حاصل کرنے میں حد درجہ معاون ثابت ہوگی۔

اتوار	6	6	1	7	س	3
پیر	7	2	5	0	س	4
منگل	8	3	8	4	ن	5
بدھ	9	0	3	2	س	6
جمعرات	10	7	2	6	س	7
جمعہ	11	4	9	1	س	8
ہفتہ	12	3	0	8	ن	9
اتوار	13	5	4	2	س	1
پیر	14	1	3	9	ن	2
منگل	15	3	5	0	س	3
بدھ	16	9	1	7	س	4
جمعرات	17	0	8	2	س	5
جمعہ	18	9	4	7	س	6
ہفتہ	19	1	2	3	س	7
اتوار	20	8	5	0	س	8
پیر	21	6	3	5	س	9
منگل	22	0	9	1	ن	1
بدھ	23	2	5	7	س	2
جمعرات	24	7	6	0	س	3
جمعہ	25	1	7	2	ن	4
ہفتہ	26	5	8	4	س	5
اتوار	27	6	2	1	س	6
پیر	28	0	2	8	س	7
منگل	29	3	4	7	س	8
بدھ	30	8	5	0	ن	9
جمعرات	31	2	9	4	س	1

لوح مشتری/لوح رزق

دولت، استحکام، خوش حالی، تجارت میں اضافہ، ترقی، حصول جائیداد، انعامی بانڈ، لاٹری، خاتمہ غربت جیسے مقاصد کے لیے یہ لوح بہت زیادہ مفید ہے۔ وہ خواتین و حضرات جو روزگار کے مسائل یا بندش کا شکار ہیں یا وہ جن کی نوکری یا کاروبار کے معاملات میں مخالفت یا دشمنی کی وجہ سے مسائل اور رزق میں برکت یا وسعت نہیں ہے۔ وہ جن کے اخراجات زیادہ اور آمدن کم ہے۔ جنھیں مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ قرض کی ادائیگی کرنی ہے یا مالی آسودگی حاصل کرنی ہے یا کاروبار میں برکت اور کامیابی، نوکری میں ترقی مطلوب ہے تو وہ اس لوح سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کسی بھی قسم کی مالی، مادی، کاروباری اور پیشہ ورانہ کامیابی کی بات ہو اس لوح سے فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔ ذاتی کاروبار یا دفتر چلانے والوں کے لیے بھی یہ بہت موثر ہے۔

لوح زحل

زحل کے ناقص اثرات کے خاتمے کے لیے یہ لوح خاص طور پر تیار کی جاتی ہے۔ ساڑھ ستی کے لیے بھی مفید۔ جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں تو سمجھ لیں کہ آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ بہت سے لوگ ایک کے بعد دوسرے مسئلہ کا شکار رہتے ہیں۔ ایک مصیبت سے جان چھوٹی تو دوسری میں گرفتار ہو گئے۔ مسائل اور پریشانیوں کا انبار کاموں کا نہ ہونا۔ ہر مسئلہ میں رکاوٹ اور التواء اور اِن دیکھے ہاتھوں کا ہوتے کاموں کو روک دینا جیسے مسائل کے لیے اس لوح کا استعمال مفید اور موثر ثابت ہوگا۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے حد درجہ موثر ہے۔ اس کے علاوہ وہ لوگ جو بڑے پیمانے پر کاروبار کرتے ہیں، بڑے پلازے اور عمارتیں بناتے ہیں یا وہ لوگ جو اپنے کاروبار اور کاموں کو استحکام دینے کے خواہش مند ہوں اور ایک طویل عرصہ کے لیے کامیابی کے خواہاں ہوں اِن کے لیے بھی یہ لوح حد درجہ موثر ہے۔ غرضیکہ ہر وہ کام جس میں آپ غیر معمولی اور طویل عرصہ تک کامیابی چاہتے ہوں کے لیے بھی یہ لوح حاصل کر سکتے ہیں۔

بانڈ نمبر اور فیکس

سسٹم پینا

نام فیکس	فی قرعہ اندازی	تفصیل وقواعد
بابا جی	250روپے	5 آکڑے 4 بنڈل اور ایک ڈبی۔ ڈبی آکڑہ الٹا سیدھا چلنے، بنڈل سیدھا چلنے، جس بنڈل پر الٹ پلٹ لکھا ہوا ہے کے چلنے پر بابا جی فیکس کامیاب خیال کی جائے گی۔
حئی بابا	350روپے	4 آکڑے 3 بنڈل اور ایک ڈبی اور 2 صفحے۔ صفحہ چلنے، آکڑہ الٹا سیدھا چلنے، بنڈل سیدھا چلنے، ڈبی، جس بنڈل پر الٹ پلٹ لکھا ہوا ہے کے چلنے پر حئی بابا فیکس کامیاب خیال کی جائے گی، ڈبی تحفہ ہے۔
اکٹرا	350روپے	7 آکڑے صرف۔ اکڑا الٹا سیدھا چلنے پر فیکس کامیاب خیال کی جائے گی۔
علی بابا	1000روپے	4 آکڑے اور 2 صفحے۔ صفحہ سیدھا اور اکڑا الٹا سیدھا چلنے پر فیکس کامیاب خیال کی جائے گی۔
فرسٹ	2400روپے	6 اکڑے اور 2 صفحے صفحہ سیدھا اور اکڑا الٹا سیدھا چلنے پر فیکس کامیاب خیال کی جائے گی۔ یہ فیکس صرف فرسٹ میں آنے پر کامیاب ہوگی۔

گارنٹی: اگر فیکس نہ چلے تو اگلی قرعہ اندازی پر وہی فیکس مفت فراہم کی جائے گی۔ رجسٹرڈ ڈاک خرچ 50 روپے خریدار ادا کرے گا۔ عام ڈاک گم ہونے کا ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

دفتری اوقات کے علاوہ ملاقات نہیں ہوسکتی

صبح 11 تا شام 6 بجے تک۔۔ تعطیل بروز اتوار

2 جنوری 2008 بروز بدھ بمقام بہاولپور

سیریل نمبر 1 ' ڈرا نمبر 33

زیر بحث وقت کی جاری ساعت کا عدد 8 ہے جبکہ حاکم دن کا عدد 5 ہے۔

زائچہ ہذا کو اگر قدیم فنی تکنیک کی روشنی میں دیکھا اور کواکب کو حسابی لحاظ سے پرکھا جائے اور دیکھا جائے کہ کواکب عددی حوالے سے کن اعداد کے مظہر ہیں تو وہ بالترتیب یہ ہیں۔

7/2-9/03

15 جنوری 2008 بروز منگل بمقام کوئٹہ

سیریل نمبر 1 ' ڈرا نمبر 33

زیر بحث وقت کی جاری ساعت کا عدد 6 ہے جبکہ حاکم دن کا عدد 9 ہے۔

زائچہ ہذا کو اگر قدیم فنی تکنیک کی روشنی میں دیکھا اور کواکب کو حسابی لحاظ سے پرکھا جائے اور دیکھا جائے کہ کواکب عددی حوالے سے کن اعداد کے مظہر ہیں تو وہ بالترتیب یہ ہیں۔

4/2-8/27

بانڈ نمبرز پر ہماری کتب کا مطالعہ آپ کی مہارت اور کامیابی کا باعث ہوگا

مندرجہ بالا نجومی حساب میں کواکبی نظرات کے تحت جو نمبر سامنے آتے ہیں وہ یہ ہیں۔ 39-50-14

ایک اور حسابی طریق سے زائچہ میں جو اعداد ابھرتے ہیں۔ ذیل میں اِن کو تحریر کیا جا رہا ہے۔ خیال رہے اِن اعداد کو آپ الٹ پلٹ کر بھی کھیل سکتے ہیں۔ انشاء اللہ اچھے نتائج آئیں گے۔ اعداد ہیں

39-01-49

مندرجہ بالا نجومی حساب میں کواکبی نظرات کے تحت جو نمبر سامنے آتے ہیں وہ یہ ہیں۔ 57-42-14

ایک اور حسابی طریق سے زائچہ میں جو اعداد ابھرتے ہیں۔ ذیل میں اِن کو تحریر کیا جا رہا ہے۔ خیال رہے اِن اعداد کو آپ الٹ پلٹ کر بھی کھیل سکتے ہیں۔ انشاء اللہ اچھے نتائج آئیں گے۔ اعداد ہیں۔

45-72-13

آئیں دماغ لڑائیں

طریقہ استعمال

یہ ایک خاص حسابی عمل ہے جس کی مکمل تکنیکی وضاحت فی الحال ممکن نہیں، مختصر یوں سمجھ لیں کہ ایک خصوصی سطر اساس کی بناء پر یہ اہرامی عمل مکمل کیا گیا ہے۔ اس جدول کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ جدول کی اہرامی جمع جو آخری سطر میں حاصل ہوتی ہے یہ اور اس سے اوپر کی سطر کے دو اعداد ملا کر جو تین اعداد کی جو اہرامی مثلث بنتی ہے وہ بہت اہم ہے۔ اس اہرامی عدد سے …ن اعداد جہاں اہرامی مثلث بناتے ہیں وہ بھی اہم ہوتے ہیں۔ اہرامی مثلث کے ساتھ جو دوسرا ٹیبل بنایا گیا ہے اس کی پہلی سطر (اوپر سے نیچے) اور آخری سطر دائیں سے بائیں حد درجہ اہم نمبر لیے ہوئے ہوتی ہیں۔ اس ٹیبل میں دہرائے جانے والے اعداد کا تناسب بھی اہم ہوتا ہے۔ کہ کون سا عدد کتنی بار آیا ہے۔

درج ذیل جدول 2 جنوری کی قرعہ اندازی کے لیے موثر ہے۔

0 2 0 1 2 0 0 8 3 3 1 5 0 0 0 0 1 1 1 1 1 3 2
2 2 1 3 2 0 8 2 6 4 6 5 0 0 0 1 2 2 2 2 4 5
4 3 4 5 2 8 1 8 1 1 2 5 0 0 1 3 4 4 4 6 9
7 7 9 7 1 9 9 9 2 3 7 5 0 1 4 7 7 8 1 6
5 7 7 8 1 9 9 2 5 1 3 5 1 5 2 2 6 9 7
3 5 6 9 1 9 2 7 6 4 8 6 6 7 7 8 6 7
8 2 6 1 1 2 9 4 1 3 5 3 4 4 6 5 4
1 8 7 2 3 2 4 5 4 8 8 7 7 1 2 9
9 6 9 5 5 6 9 9 3 7 6 6 8 3 2
6 6 5 1 2 6 9 3 1 4 4 5 2 5
3 2 6 3 8 6 3 4 5 5 9 7 7
5 8 9 2 5 9 7 9 9 5 7 5
4 8 2 7 5 7 7 7 5 3 3
3 1 9 3 3 5 5 3 8 6
4 1 3 6 8 8 8 2 5
5 4 9 5 5 7 1 7
9 4 5 5 3 8 8
4 9 9 8 2 7
5 5 3 8 6
5 8 2 5
4 1 7
5 8
4

35	26	17	8	8	8	8	8	8	8	8	8
59	50	41	32	23	14	5	5	5	5	5	5
75	66	57	48	39	30	21	12	3	3	3	3
109	100	91	82	73	64	55	46	37	28	19	10
94	85	76	67	58	49	40	31	22	13	4	4
107	98	89	80	71	62	53	44	35	26	17	8
59	50	41	32	23	14	5	5	5	5	5	5
78	69	60	51	42	33	24	15	6	6	6	6
93	84	75	66	57	48	39	30	21	12	3	3
59	50	41	32	23	14	5	5	5	5	5	5
68	59	50	41	32	23	14	5	5	5	5	5
80	71	62	53	44	35	26	17	8	8	8	8
58	49	40	31	22	13	4	4	4	4	4	4
46	37	28	19	10	1	1	1	1	1	1	1
45	36	27	18	9	9	9	9	9	9	9	9
43	34	25	16	7	7	7	7	7	7	7	7
42	33	24	15	6	6	6	6	6	6	6	6
39	30	21	12	3	3	3	3	3	3	3	3
27	18	9	9	9	9	9	9	9	9	9	9
20	11	2	2	2	2	2	2	2	2	2	2
12	3	3	3	3	3	3	3	3	3	3	3
13	4	4	4	4	4	4	4	4	4	4	4
1265	1067	887	725	572	455	347	275	212	176	140	122

درج ذیل جدول 15 جنوری کی قرعہ اندازی کے لیے موثر ہے۔

1 5 0 1 2 0 0 8 3 3 7 5 0 0 2 1 1 2 1 1 6
6 5 1 3 2 0 8 2 6 1 3 5 0 2 3 2 3 3 3 7
2 6 4 5 2 8 1 8 7 4 8 5 2 5 5 5 6 6 1
8 1 9 7 1 9 9 6 2 3 4 7 7 1 1 2 2 7
9 1 7 8 1 9 6 8 5 7 2 5 8 2 3 3 9
1 8 6 9 1 6 5 4 3 9 7 4 1 5 5 3
9 5 6 1 7 2 9 7 3 7 2 5 6 6 8
5 2 7 8 9 2 7 1 1 9 7 2 2 5
7 9 6 8 2 9 8 2 1 7 9 9 7
7 6 5 1 2 8 1 3 8 7 7 7
4 2 6 3 1 9 4 2 6 6 5
6 8 9 4 1 4 6 8 8 2
5 8 4 5 5 1 5 5 1
4 3 9 1 6 6 6 6
7 3 1 7 3 3 3
1 4 8 1 1 6
5 3 9 9 7
8 3 3 7
6 6 6
6 3
9

49	40	31	22	13	4	4	4	4	4	4	4
65	56	47	38	29	20	11	2	2	2	2	2
90	81	72	63	54	45	36	27	18	9	9	9
86	77	68	59	50	41	32	23	14	5	5	5
93	84	75	66	57	48	39	30	21	12	3	3
77	68	59	50	41	32	23	14	5	5	5	5
83	74	65	56	47	38	29	20	11	2	2	2
67	58	49	40	31	22	13	4	4	4	4	4
84	75	66	57	48	39	30	21	12	3	3	3
62	53	44	35	26	17	8	8	8	8	8	8
48	39	30	21	12	3	3	3	3	3	3	3
56	47	38	29	20	11	2	2	2	2	2	2
39	30	21	12	3	3	3	3	3	3	3	3
41	32	23	14	5	5	5	5	5	5	5	5
27	18	9	9	9	9	9	9	9	9	9	9
21	12	3	3	3	3	3	3	3	3	3	3
33	24	15	6	6	6	6	6	6	6	6	6
21	12	3	3	3	3	3	3	3	3	3	3
18	9	9	9	9	9	9	9	9	9	9	9
9	9	9	9	9	9	9	9	9	9	9	9
1078	907	745	610	484	376	286	214	160	115	106	106

قسط 2

عجائب الاسرار

جانوروں کے خواص کے بارے میں ایسی معلومات جو آپ کے پڑھنے میں پہلی دفعہ آئیں گی

بندر کے خواص

بندر کا گوشت کتے کے گوشت سے بھی بدتر ہے۔اس کا دانت جو شخص اپنے پاس رکھے نینداس پر غلبہ نہ کرے گی نہ رات کو ڈرے گا۔اس کا گوشت کھانا جذام کو دور کرتا ہے۔اس کی کھال جس درخت پر لٹکائیں پالے اور سردی سے نقصان نہ پہنچے گا۔اس کی کھال سے چھلنی بنا کر غلہ کو اس سے چھانیں اور زراعت میں تخم ریزی کریں ٹڈی اور کیڑے اور ہر ایک آفت سے کھیتی محفوظ رہے گی۔اس کے بال اگر سونے والے کے سرہانے رکھ دیں بہت بری اور پریشان خواب دیکھے گا۔زہر ملے ہوئے کھانے کو بندر پہچان لیتا ہے اور اس کو دیکھتے ہی غل مچاتا ہے۔

گائے کے خواص

اس کی چربی منسل کے ساتھ ملا کر مکان کے اندر دھونی روشن کریں بچھو اور سانپ اور کل موذی جانور دور ہوں۔اور اگر ایک برتن میں مل کر رکھ دیں تمام پسو اس برتن میں جمع ہوں۔اس کے پتہ کو عرق گندنا کے ساتھ بواسیر پر لگانے سے فائدہ ہوتا ہے اور درد و تکلیف دور ہو جاتا ہے۔اس کے سینگ کو اگر پیس کر کسی کھانے کی چیز میں ملا کر چوتھیا بخار والے کو کھلائیں بخار اس کا جاتا رہے گا اور قوت باہ زیادہ ہوگی۔اس کے خون کا لگانا خون کے بہنے کو روکتا ہے۔اس کے پتہ کو بدن پر ملنے سے سیاہ دھبے کھال کے دور ہوتے ہیں۔اگر شہد میں اس کو ملا کر آنکھ میں لگائیں دھند اور اندھیرا جاتا ہے۔

ارسطو کہتا ہے سیاہ گائے کا پتہ بینائی کو تیز کرتا ہے۔اگر اس کی آنکھ کو پھوڑ کر اس کے پانی سے کوئی عبارت لکھیں دن کو نہیں پڑھی جائے گی اور رات کو پڑھی جائے گی۔اس کے بالوں کو جلا کر پینا دانتوں کے درد کو فائدہ کرتا ہے اور سکنجبین کے ساتھ پینا طحال کو دور کرتا ہے اور شہد کے ساتھ پینا پیٹ کے کیڑوں کو نکالتا ہے۔اس کے گوبر کو نقرس پر لیپ کریں آرام ہو اور اگر حاملہ عورت اس کی دھونی لے وضع حمل میں آسانی ہو اور زندہ یا مردہ بچہ جیسا بھی ہو آسانی کے ساتھ نکل آئے گا اور اگر اس کو کئی بار بدن پر ملیں تو کانٹا یا تیر جو کچھ چبا ہو گا نکل آئے گا۔

وحشی گائے یعنی نیل گائے

اس کا مغز فالج کو بہت جلد فائدہ کرتا ہے۔جو شخص اس کا سینگ اپنے پاس رکھے درندے اس کے قریب نہ آئیں گے۔اس کے سینگ کی گھر میں دھونی دی جائے تو سانپ گھر سے بھاگ جائیں گے اس کی سینگ کی راکھ دانت پر ملیں درد میں تسکین ہوگی۔اس کے بالوں کی دھونی سے چوہے بھاگ جاتے ہیں۔اس کے سینگ کو جلا کر چوتھیا بخار والے کو کھلائیں۔بخار اس کا دور ہوگا اور شربت کے ساتھ اس کو پینا پٹھوں کو مضبوط اور قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے اور جس کی نکسیر جاری ہو اس کی ناک میں یہ راکھ پھونک دیں نکسیر موقوف ہوگی۔اس کے سینگوں کو جلا کر راکھ بنائے اور سرکہ میں ملا کر دھوپ میں بدن پر ملے برص دور ہوگی اور ایک مثقال جو شخص اس سفوف کو نوش کیا کرے گا اس قوت اس کے اندر پیدا ہوگی کہ جس سے لڑے گا اس پر غالب ہوگا۔

اونٹ کے خواص

اس کے بالوں کو جلا کر زخم لگائیں خون موقوف ہوگا۔اس کی مکھی کو عاشق کی آستین میں باندھیں اس کا عشق دور ہوگا۔نشہ والے کو انوٹ کا پیشاب پلائیں نشہ ہرن ہوگا۔اس کا پیشاب ورم جگر کو بھی نفع کرتا ہے۔اس پنڈلی کا گودا جو عورت کپڑے میں لپیٹ کر حیض سے غسل کرنے کے بعد تین روز تک مقام خاص میں رکھے اور پھر صحبت کرے حاملہ ہوگی اگر چہ

بانجھ ہی کیوں نہ ہو-

بھینس کے خواص

اس کا گوشت کھانا جوئیں پیدا کرتا ہے- اس کی چربی نمک سانبر کے ساتھ ملا کر چھیپ یا برس پر لیپ کریں بہت جلد آرام ہوگا- اس کے مغز کا کیڑا جو شخص اپنے پاس رکھے کبھی اس کو نیند نہ آئے- باقی خواص اس کے مثل گائے کے ہیں-

گھوڑے کے خواص

اس کے دانت کو بچہ کے گلے میں باندھیں بچہ کے دانت جلدی نکل آئیں گے اور کچھ تکلیف نہ ہوگی- جو شخص سوتے میں بڑے بڑے خراٹے لیتا ہو اس کے سرہانے اس کے دانت رکھ دیں خراٹے اس کے بند ہو جائیں گے- اس کے گوشت کے استعمال سے ریاحیں دور ہوتی ہیں- اس کے پسینہ کو جس بچہ کے زیر ناف اور بغل کے اندر ملیں بال اس بچے کے پیدا نہ ہوں گے- درندوں کے حق میں یہ پسینہ زہر قاتل ہے اور اژدھوں کو بھی ہلاک کرتا ہے- گھوڑے کے سم کی راکھ روغن زیتون میں ملا کر خنازیر پر لگائیں بہت جلد آرام ہوگا- اگر کسی عورت کو گھوڑی کا دودھ پلائیں اور اس کو اس بات کی خبر نہ ہو کہ یہ گھوڑی کا دودھ ہے، پھر اس عورت سے صحبت کریں فوراً حاملہ ہوگی- گھوڑے کی لید کو پیش کر زخم پر چھڑکنے سے خون بند ہو جاتا ہے اور اگر آنکھ میں لگائیں سفیدی کو دور کرتا ہے اور اگر حاملہ عورت اس کی دھونی لے بچہ نکل آئے گا-

خچر کے خواص

اس کے دل کو سوکھا کر پیس لیں اور جس عورت کو پلائیں کبھی حاملہ نہ ہوگی- ایسے ہی اس کے کان کا میل جو عورت کھائے گی حاملہ نہ ہوگی اور اس کی کھال کو جو عورت اپنے پاس رکھے گی حاملہ نہ ہوگی- اس کے سم کو جلا کر اس کی راکھ کو روغن آس میں جلا کر گنجے کے سر پر ملیں بال پیدا ہوں گے- سیاہ خچر کا سم یا اس کا خون جس دروازہ کی چوکھٹ میں گاڑ دیں چوہے اس کے اندر نہ جائیں گے- خچر کے سم کی جس مکان میں دھونی روشن کریں تمام چوہے اس کے اندر سے بھاگ جائیں گے- جو شخص عاشق ہو اور اپنے عشق کو دور کرنا چاہے اس کو لازم ہے کہ جس جگہ خچر لوٹی ہو یہ بھی لوٹ جائے عشق اس کا دور ہوگا- اگر یہ مذکر پر عاشق ہے تو نر خچر کی جگہ پر لوٹنا چاہئے اگر مونث پر عاشق ہے تو مادین خچر کی جگہ پر لوٹنا چاہئے- زکام والا اگر خچر کی لید کو سونگھ کر اس پر تھوک دے اور راستہ میں پھینک دی- جو شخص اس لید پر سے گذرے گا زکام اس پر منتقل ہو جائے گا اور یہ تندرست ہو جائے گا-

خچر کے کان کا میل چاندی کی تعویذ میں رکھ کر عورت اپنے پاس رکھے جب تک یہ اس کے پاس رہے گی حمل وضع نہ ہوگا- اگر عورت بمقدار تین درہم کے خچر کا پیشاب پی لے کبھی حاملہ نہ ہو- اگر خچر کا دماغ تھوڑا سا حاملہ عورت کو کھلا دیں بچہ اس کا دیوانہ پیدا ہوگا-

گدھا کے خواص

اس کے کان کا میل جس شخص کو شراب میں ملا کر پلایا جاوے وہ شخص بالکل بے ہوش اور لایعقل ہو جائے گا- جب گدھا گدھی پر چڑھے اس وقت اس کے دم کا بال اکھیڑ کر اپنی ران پر باندھ لے قوت باہ اور ہیجان میں بہت ترقی ہوگی- اگر گدھے کی دم میں پتھر باندھ کر لٹکا دیں گدھا آواز نہ کرے گا اور اگر گدھے کے کولھے کو تیل کی مالش کر دیں تب بھی آواز نہیں کرتا ہے- گدھے کے گوشت کو پکا کر اس کی یخنی میں کزاز والے کو بٹھائیں صحت ہوگی- اگر اس کے سم کی سنگوٹھی بنا کر مرگی والا پہنے کبھی اس کو یہ بیماری نہ ہو گی- گھوڑے اور گدھے کی لید جلا کر یا بیر جلائے زخم پر لگائیں خون بند ہو جائے گا- اگر اس کی پیشانی کی کھال بچہ کے گلے میں باندھیں خواب میں نہ ڈرے گا- اگر اس کی لید پر سرکہ ڈال کر سونگھیں نکسیر موقوف ہوگی- جس شخص کے بچھونے کاٹا ہو گدھے پر الٹا سوار ہو یعنے اس کی دم کی طرف اپنا منہ کرے سوار تندرست ہو جائے گا اور گدھا بیمار ہوگا- اسی طرح اگر گدھے کے کان میں کہہ دے کہ مجھ کو فلاں جگہ بچھونے کاٹا ہے زہر کا اثر گدھے کو منتقل ہو جائے گا اور یہ شخص اچھا ہو جائے گا- اس کے دماغ کو تیل میں ملا کر سر میں ڈالیں بال دراز ہوں گے اور سر قوی ہوگا- اس کے جگر کو بھون کر سرکہ کے ساتھ نہار منہ کھائیں مرگی کو عجیب نفع ہو- گدھی کا دودھ ذکر پر مل کر جماع کرنے سے عجیب لذت اور قوت حاصل ہوتی ہے-

وحشی گدھا یعنی گورخر

اس کی آنکھوں کو دیکھنا آنکھوں کو صحت بخشتا ہے اور نزول آب کو روکتا ہے- یہ عجیب خاصیت اللہ تعالیٰ نے اس کی آنکھوں میں رکھی ہے- اس

کے پتہ کو آنکھوں میں لگانا بینائی کو تیز کرتا ہے اور دھند کو دور کرتا ہے-اس کے فربہ گوشت کو کھانا درد مفاصل کو دور دور کرتا ہے اور نقرس کو از حد مفید ہے-اس کی چربی ملنا چیپ کو دفع کرتا ہے-اس کا پتہ دار الثعلب کو نافع ہے اور کھانے سے سوتے میں پیشاب نکل جانے کو فائدہ کرتا ہے-

بکری کے خواص

جس شخص کے کوڑے یا بیت لگے ہوں اس کے بدن پر بکری کی کھال تازہ اتری ہوئی پہنا دیں فوراً درد میں اس کے تسکین ہو جائے گی اور زخم مندمل ہو جائیں گے-

بھیڑ کے خواص کا بیان

اس کا گوشت گرم تر ہے اور منی کو زیادہ کرتا ہے اور جریان سودا کو نفع دیتا ہے اور کل زہروں کے واسطے مفید ہے-عمدہ گوشت اس بھیڑ کا ہوتا ہے جو ایک سال کی ہو اور ہمیشہ اس کو کھانا معدہ کو نقصان کرتا ہے کیونکہ خراب خون کی اس سے پیدائش ہوتی ہے-خصی بھیڑ کا گوشت قوت باہ بڑھاتا ہے-مینڈھے کا سینگ جس درخت کی جڑ میں دفن کریں اس میں پھل کثرت کے ساتھ لگیں گے اور اس کے پتہ کو آنکھ میں لگانا نزول آب کو نفع کرتا ہے-اگر سفید بھیڑ کی اون کا کپڑا بنایا ہوا شہد کے برتن پر ڈھک دیں چیونٹیاں اس کے [illegible] نہ جائیں گی-

آہو یعنی ہرن

اس کے سینگ کی دھونی روشن کرنے سے موذی جانور گھر سے بھاگ جاتے ہیں-اس کا پتہ کان میں ٹپکانے سے فوراً درد کو آرام کرتا ہے-اس کی کھال اور مینگنیاں جلا کر میں ملائیں اور جس بچہ کو کھلائیں اس کا نشو و نما بہت اچھا ہوگا اور ذہن و حافظہ میں از حد ترقی ہوگی-اس کی مشک دل و دماغ کو قوت دیتی ہے اور نگاہ کو تیز کرتی ہے اور خفقان کو نافع ہے اور زہروں کو تریاق ہے-مگر کھانے کی چیزوں میں ملا کر اس کا کھانا گندہ ذہنی پیدا کرتا ہے اور گرم مزاجوں کو مضر ہے-اس واسطے ان کو کافور کے ساتھ اس کا استعمال کرنا لازم ہے-

خرگوش کے خواص

اس کا دماغ بھون کر کھانا رعشہ کو دور کرتا ہے جو کسی مرض کے سبب سے پیدا ہو گیا ہو اور جو شخص اس کا دماغ دو ماشہ پاؤ سیر گائے کے دودھ کے ساتھ نوش کرے کبھی بڑھاپا اس کے پاس نہ آئے یعنی بال سفید نہ ہوں گے-اگر عورت نر خرگوش کا چستہ نوش کرے لڑکے پیدا ہوں گے اور اگر مادین کا چستہ نوش کرے لڑکیاں ہوں گی-اگر اس کی مینگنیاں عورت اپنے پاس رکھے کبھی حاملہ نہ ہوگی-

بقراط کہتا ہے خرگوش کا گوشت گرم خشک ہے پیٹ دھو کر صاف کر دیتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے-سرد مزاجوں کے موافق ہے- اگر ایک دانق خرگوش کا دماغ ایک دانق کافور کے ساتھ نوش کیا جائے جو شخص اس کو دیکھے محبت کرے اور عورتیں اس پر فریفتہ ہوں اور اس کے پاس رہنے کی خواہش کریں-اس کا خون جو عورت پی لے کبھی حاملہ نہ ہو اور چیپ وغیرہ ملنے سے اس کو دور کرتا ہے اور اگر بچہ کے مسوڑوں پر مل دیں دانت آسانی سے نکل آئیں-اور آنکھوں میں اس کو لگانے سے زائد بال نہیں نکلتے ہیں-جو شخص بچھونے میں پیشاب کرتا ہو اس کو خرگوش کا گوشت کھلائیں فائدہ ہوگا-اس کا چستہ سرکہ کے ساتھ کھانا افعی کے زہر کو نفع بخشتا ہے اور چنے کی برابر اس کا کھانا چوتھیا بخار کو دفع کرتا ہے اور اگر ایک درم اس کو نوش کریں ولادت آسان ہو اور بچہ پیٹ کے باہر نکل پڑے-اس کی مینگنی کی جس مکان میں دھونی روشن کریں سب لوگ کوزنی میں مشغول ہو جائیں اور کوئی ضبط نہ کر سکے-اس کا حلیہ زہر قاتل سے تندرست کرتا ہے-اس کی چربی سوئی ہوئی عورت کے سر پر لگانے سے اپنی تمام دلی رازوں سے خبر دے گی-اس کی داڑھ کا داڑھ پر لگانا درد کو تسکین دیتا ہے-

مور کے خواص

اس کا خصیہ کھا کر جو شخص اپنی عورت سے صحبت کرے حاملہ ہوگی-اس کے پیٹ سے جو سنگ ریزے برآمد ہوں وہ اس شخص کو پلائیں جس کے دست جاری ہوں فوراً بند ہو جائیں گے-اس کا تیل ذات الجنب اور دار الثعلب کو نہایت مفید ہے اور اس کی زبان کا چند بار کھانا تقطیر البول کو فائدہ کرتا ہے-اس کا بیضہ معتدل الحرارت ہے مگر قولنج اور ریاح اور دوران سر والوں کو نقصان کرتا ہے اور بدبودار خون اس سے پیدا کرتا ہے اور دیر ہضم ہے-جو شخص اس کو کھائے صرف زردی پر قناعت کرے کیونکہ زردی ہر ایک انڈے کی لطیف ہوتی ہے-

جاری ہے......

بقیہ "قاموس الاسرار" صفحہ 70سے آگے

اب کرنا یہ ہے کہ موم بتی سے روشن ہونے والے شعلے پر نظر جمالیں۔ اور پچھلی سطور میں دیئے طریق کے مطابق اس میں ابھرتی اشکال کو سمجھنے اور ذہن نشین کرنے کی کوشش کریں اور ان اشکال کے مطابق حکم بیان کریں۔

اس کے علاوہ ایک اور طریقہ بلکہ اس عمل کا ایک حصہ یہ بھی ہے کہ دیکھیں کہ شعلہ کی حالت کیا ہے۔

اگر شعلہ ہلکا یا مدھم ہو جائے تو سوال کا جواب نہ میں ہے یا جس معاملے کے بارے میں سوال ہے فی الحال اس بارے میں مزید کوئی قدم اٹھانا مناسب نہ ہوگا۔

اور اگر شعلہ بھڑک کر یا ویسے ہی چھوٹا ہو جائے تو وقتی کامیابی کی علامت ہے یا اس کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ خاطر خواہ کامیابی حاصل نہ ہو گی بلکہ جزوی کامیابی ہوگی۔

اور اگر شعلہ بھڑکا ہوا یا تیز ہو اور مسلسل ایسا رہے تو پھر اس کا مطلب صرف اور صرف کامیابی ہے۔ جس بھی امر یا معاملے کے بارے میں سوال یا مسئلہ ہے اس میں کامیابی کا اشارہ ہے اور مشکلات کا حل سامنے آئے گا۔

اور شعلے میں سے بار بار بھڑکنے کی سی کیفیت نظر آتی ہو تو یہ چھوٹی موٹی کامیابی یا ایسی ہی برائے نام کامیابی کی خبر کی علامت ہے۔

شعلے میں سے چنگاری کا نکلنا بھی اس بات کا مظہر ہے کہ کوئی چھوٹی موٹی کامیابی یا خواہش پوری ہوگی۔ کسی بڑے مسئلے یا بڑے معاملات میں مکمل کامیابی کا امکان کم ہوتا ہے۔ جزوی یا وقتی کامیابی کا اظہار کیا جاسکتا ہے۔

اور اگر شعلہ بار بار سمت تبدیل کرے تو یہ بھی اچھی علامت نہیں۔ حالات میں پیش آمدہ تبدیلی کی مظہر ہے اور عموماً اس تبدیلی کو اچھا خیال نہیں کیا جاتا۔

جاری ہے........

بقیہ "ڈپریشن سے نجات" صفحہ 67سے آگے

اس آیت سے معلوم ہوا کہ عالم برزخ یعنی قبر میں رہنے کے زمانے میں بھی مردوں پر عذاب ہوگا اس سے یہ بھی ظاہر ہے کہ جب قبر میں بدعمل کو عذاب ہوگا تو نیک عمل والوں کو ثواب اور نعمت بھی ملے گی۔ احادیث صحیحہ متواترہ میں قبر کے اندر عذاب و ثواب ہونے کا بیان اس کثرت اور وضاحت سے آیا ہے کہ انکار نہیں کیا جاسکتا۔ اس لیے اس پر اُمت کا اجماع اور اس کا اقرار اہل سنت والجماعت کی علامت ہے (معارف القرآن)۔

"ڈپریشن سے نجات کے لیے قرآنی وظیفہ"

آج کل اس مرض کی شکایت بڑی عام ہوگئی ہے اس سے نجات حاصل کرنے کے لیے روزانہ سورۃ نوح کی تلاوت کریں۔ یہ سورۃ مبارکہ 29ویں پارے میں پہلے نصف کی آخری سورۃ ہے۔ اس کی تلاوت سے نہ صرف ڈپریشن ختم ہوگا بلکہ انشاء اللہ العزیز وہ حالات بھی درست ہو جائیں گے جو اس کا باعث بنتے ہیں۔ اکل حلال و صدق مقال پر عمل کریں۔ مناسب ہوگا اگر جگہ اور وقت ایک رکھیں۔ شرعی و ضروری اُمور کی اگر پاسداری کریں گے تو اللہ جل شانہ کے حکم سے کامیابی یقینی ہے۔ پنجگانہ نماز کی پابندی اور گناہوں سے پرہیز ضروری ہے۔ شروع کرنے سے پہلے کسی بھی صاحب علم سے تلفظ خوب درست کرلیں تاکہ غلطی نہ ہو کیونکہ اکثر غلطی ہو جاتی ہے اور غلط پڑھنے سے فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔

صفحہ 42سے آگے
"غذا اور ورزش سے بلڈ پریشر کا علاج"

اور ذہن کو تفکرات، غصے، نفرت، بغض وعداوت کی گرد سے صاف کر کے مثبت خیالات کی آمد کا سلسلہ شروع کیا جائے۔ ذہن کرب سے آزاد ہوگا تو بلڈ پریشر بھی کم ہونے لگے گا۔ مراقبے کا بہترین وقت نماز تہجد بھی ہوتی ہے۔ نیند کے بعد رات کے سناٹے میں خالق حقیقی سے قربت کا احساس، سکون کی درخواست اور رحم و کرم کی بھیک مانگنے والے قلبی راحت و سکون سے بہرہ ور ہوتے ہیں۔ منفی جذبات کی چڑھی ہوئی ندی اترنے لگتی ہے اور دل کھول کر گریہ وزاری کرنے کے بعد کدورتوں کے دھلنے سے سکینت قلب کی ٹھنڈی نورانی لہریں بندے کے وجود میں اترنے لگتی ہیں۔ اسی طرح نماز فجر کے بعد بھی پرُسکون اور پاک صاف مقام پر مراقبے کی مشق کرنا بہت سودمند ثابت ہوتا ہے۔

رات سونے سے پہلے بستر میں لیٹ کر دن بھی کی مصروفیات کے دوران اپنے جذباتی ردِعمل کا جائزہ، غلطیوں کی نشاندہی اور آئندہ انہیں نہ دہرانے کا عہد اور اس کے لیے رب کائنات کی مدد طلب کرنے کے بعد آنے والی گہری نیند تحت الشعور اور ضمیر کو ناقابل بیان راحت فراہم کرتی ہے۔ قلب و ذہن کی یہ طمانیت بلڈ پریشر کو بھی معمول پر رکھتی ہے۔

☆☆☆☆☆

ہو گا۔

ہماری یہ نجومی رپورٹ فرد (مرد، عورت، بچہ) کی زندگی کا اجمالی خاکہ اس طور بیان کرتی ہے کہ فرد صرف اپنی خوبیوں کے بارے میں ہی نہیں جانتا بلکہ خامیوں کو بھی جان کر ان پر قابو بھی پا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ نجومی رپورٹ آپ کے خوش قسمتی کے پتھر، عدد، اسمِ الٰہی، صدقہ اور ایسے ذیل میں بیان کردہ 23 امور پر روشنی ڈالتی ہے کہ جن کے لیے آپ الگ الگ فیس دیں تو بہت زیادہ رقم خرچ ہو گی۔ جبکہ اس رپورٹ کے بنوانے سے آپ اپنی زندگی کے 23 امور پر سیر حاصل معلومات معمولی معاوضہ پر حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ رپورٹ آپ کو خوش قسمتی کے حصول کی ایک آسان راہ پر لے جانے کا باعث ہو گی۔ زیر بحث آنے والے 23 امور درج ذیل ہیں۔

نمبر	امور	نمبر	امور	نمبر	امور
1	مزاج و کردار	9	روزگار	17	اسم الٰہی برائے ذکر
2	زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات	10	آپ کا برج	18	شرف و ہبوط کواکب
3	محبت اور رومانس	11	آپ کا کوکب	19	زائچہ پیدائش
4	مشاغل	12	خوش قسمتی کا پتھر	20	خصوصی صدقات
5	صحت	13	خوش قسمتی کا دن	21	قمری برج / ستارہ اور اس کے اثرات
6	مالی حالت	14	خوش قسمتی کا رنگ	22	شمسی برج / ستارہ اور اس کے اثرات
7	طریق زندگی	15	خوش قسمتی کی دھات	23	طالع برج / ستارہ اور اس کے اثرات
8	کیریئر	16	خوش قسمتی کا عدد		

وسیم احمد

مجموعی طور پر اِس ماہ میں آپ کی قریبی عزیزوں رشتہ داروں سے وابستہ خواہشات کی تکمیل ہو گی۔ سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ ایسے لوگ حلقہ احباب میں شامل ہوں گے۔ جن کا وسیع کاروباری حلقہ ہو گا۔ روحانی مزاج کے افراد سے بھی گہری دوستی قائم ہو جائے گی۔ ایسے افراد جن کا نام د،م سے شروع ہوتا ہے انہیں اِس ماہ میں کہیں سے اچانک روپے ملیں گے۔ ایسے افراد جو ذاتی کاروبار کرنا چاہ رہے ہیں مگر کم سرمایہ رکھنے کی وجہ سے کام شروع نہیں کر پا رہے اُن کو اچانک کوئی پرانا دوست رقم دینے کی آفر کرے گا۔ کوشش کریں کہ ایسے دور کے رشتہ دار جن کا نام ر۔ن سے شروع ہوتا ہے اُن سے نہ الجھا جائے کیونکہ ایسی نوبت آئے گی۔ غیر ملکی سفر کرنے کے لیے کی گئی جدوجہد رنگ لائے گی۔ ایسے افراد جو دوسرے ملک کی شہریت حاصل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں وہ اگر باہر جانے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں تو اُن کی یہ کوشش ضرور بار آور ثابت ہو گی۔ اگر شراکتی کام کرنے کی آفر آئے تو قبول کریں انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔ گاڑی چلاتے وقت البتہ احتیاط سے کام لیں۔ خدانخواستہ کوئی نہ کوئی حادثہ ہو سکتا ہے۔

خواتین کی اِس ماہ میں زیادہ توجہ قریبی عزیز، رشتہ داروں کی طرف رہے گی۔ گھر میں مہمانوں کی آمدورفت بھی رہے گی۔ ایسی دوست جن سے تعلق استوار ہوئے چند دن یا چند ماہ گزرے ہیں اُس کے گھر کھانے کی دعوت پر جانے کا موقع ملے گا۔ جن خواتین کی تعلیم کسی مجبوری کی وجہ سے ادھوری رہ گئی تھی وہ اگر تعلیمی سلسلے کو آگے بڑھانے کا ارادہ رکھتی ہیں تو اُن کے لیے یہ ایک بہتر وقت ہے۔ شادی شدہ خواتین کی ازدواجی زندگی نارمل رہے گی۔ ممکن ہے شوہر کاروبار یا کام کے حوالے سے مشورہ مانگے اور مشورہ عمدہ انداز سے دینے پر بھرپور تعریف کرے۔ ایسی خواتین جن کی عمر 34,38,29, 25 سال ہے اُن کے پاس اچانک روپے آئیں گے۔ ایسی خواتین جنہیں شاعری وغیرہ کرنے کا شوق ہے وہ اِس ماہ میں عمدہ طور پر کچھ نہ کچھ تخلیق کر سکیں گی۔ جن خواتین کو سانس کی تکلیف ہے اُن کی یہ تکلیف اِس ماہ میں بہت حد تک رفع ہو جائے گی۔ ایسی خواتین جن کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں انشاء اللہ صحت مند بیٹا پیدا ہو گا۔

سعد تاریخیں	16-11-7-3
نحس تاریخیں	28-21-8-4
لکی نمبر	7-2
صدقہ	مرغی

آپ کا ذاتی عدد؟

ذاتی عدد معلوم کرنے کے دو طریقے ہیں۔

اول: تاریخ پیدائش کو آپس میں جمع کر کے مفرد عدد حاصل کریں۔ مثلاً 5 مئی 1995

=5+5+5+9+9+1=34=4+3=7

دوم: اپنے نام کا عدد معلوم کریں۔ نام کا عدد حاصل کرنے کے لیے "عددی جدول" کی مدد لیں۔

مثلاً ہما = ھ۔م۔ا = 5+4+1=10=0+1=1

عددی جدول

1	ا'ی'ق'غ	2	ب'پ'ک'گ'ر'ڑ
3	ج'چ'ل'ش	4	د'ڈ'م'ت'ٹ
5	ھ'ن'ث	6	و'س'خ
7	ز'ژ'ع'ذ	8	ح'ف'ض

اِس ماہ میں مجموعی طور پر بہت زیادہ مالی فائدہ نظر نہیں آتا۔ اخراجات میں اضافہ البتہ ممکن ہے۔ لوگوں کے ساتھ تعلقات بہتر ہوں گے۔ مگر آپ کو اپنے قریبی عزیزوں کے ساتھ خاندانی معاملات پر محتاط رہنا ہو گا۔ جھگڑا ممکن ہے۔ ایسے افراد جن کا

جائیداد کے حوالے سے کوئی جھگڑا چل رہا ہے۔انہیں بالخصوص محتاط رہنا ہوگا معمولی چپقلش بہت دور تک جا سکتی ہے۔لہٰذا صبر و تحمل سے معاملات کو طے کرنا فائدہ دے گا۔شادی شدہ افراد اپنے بچوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں۔ غلط سوسائٹی کی طرف راغب ہو سکتے ہیں۔ اور اُن کا تعلیمی سلسلہ اچانک رک سکتا ہے۔ کاروباری افراد چیزیں خریدتے ہوئے اپنی آنکھوں کو کھلا رکھیں کیونکہ کوئی نہ کوئی غلط چیز خرید سکتے ہیں۔ جس کی وجہ سے بعد میں مالی نقصان اٹھانا پڑے گا۔ غیر شادی شدہ افراد کا خاندان کی کسی لڑکی سے اچانک نکاح ہوسکتا ہے۔ ایسے افراد جو کرائے کے گھروں میں رہتے ہیں ان کا کسی معاملے پر مالک مکان کے ساتھ جھگڑا ہوسکتا ہے۔ احتیاط لازم ہے۔ نحوست سے بچنے کے لیے صدقات ضرور دیں۔

خواتین کی زیادہ توجہ اس ماہ میں اپنے خاندانی معاملات کی طرف رہے گی۔ گھر کی صفائی ستھرائی کر کے خوشی ہوگی۔ اس دوران میں بازار جانے کا بھی متعدد بار موقع ملے گا۔ گھر کے لیے نئی چیزیں خریدنے سے بھی اطمینان قلب حاصل ہوگا۔ شادی شدہ خواتین کی گھریلو زندگی پرسکون رہے گی۔ البتہ کوئی دور دراز کا رشتہ دار اچانک گھر آ کر حیران کرے گا اور ایک حد تک مسائل پیدا کرنے کی کوشش کرے گا۔ اُس کی باتوں پر زیادہ کان نہ دھرنے سے معاملات درست سمت چلتے رہیں گے۔ ایسی خواتین جن کی عمر 27,25,22 سال ہے اور وہ ابھی تک غیر شادی شدہ ہیں اُن کی شادی، منگنی کی واضح طور پر بات چلے گی۔ ایسی خواتین جو اپنی گاڑی خود ڈرائیو کرتی ہیں انہیں گاڑی چلاتے وقت احتیاط کرنا ہوگی۔ خاص طور پر اشارہ کاٹنے سے بچنا ہوگا۔ گاڑی کا چالان ہوسکتا ہے۔ شادی شدہ خواتین بچوں کی سرگرمیوں پر ضرور نظر رکھیں۔ تعلیمی سلسلہ میں رکاوٹ آسکتی ہے۔ اس دوران چھوٹی نند بھی اچانک گھر آسکتی ہے۔ جن خواتین کی شادی ہوئے ایک سال گزر رہا ہے۔ اُن کو سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ جن کے ہاں اولاد متوقع ہے۔ اُن کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔

سعد تاریخیں	24-8-6-1
نحس تاریخیں	12-9-4-2
لکی نمبر	6-1
صدقہ	گھی

عدد 3

مجموعی طور پر اس ماہ میں مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ بلکہ کہا جا سکتا ہے کہ پرانی ڈوبی ہوئی رقم بھی واپس ملنے کی توقع ہے۔ شخصیت میں اعتماد آئے گا۔ لوگوں کے ساتھ تعلقات بہتر ہوں گے۔ جن احباب نے بیرون ملک جانے کے لیے کہیں نہ کہیں روپے جمع کروائے ہیں اور باہر جانے کی کوششوں میں لگے ہوئے ہیں اُن کو بھی کامیابی ملے گی۔ البتہ جن افراد کی عمر 31,30 سال ہے انہیں زیادہ نظر اپنے اخراجات پر رکھنا ہوگی۔ کسی اہم شخصیت سے ملاقات بھی اس ماہ میں متوقع ہے۔ قریبی عزیزوں سے اچھے روابط پیدا ہوں گے۔ شادی شدہ افراد کو بچوں کی طرف سے اچھی خبر سننے کو ملے گی۔ بچوں کا تعلیمی سلسلہ بھی بہتر رہے گا۔ ایسے کاروباری افراد جو کپڑا، سوت، چینی اور آٹے کا کاروبار کرتے ہیں انہیں اس ماہ میں زیادہ فائدہ ملے گا۔ ایسے افراد جو غیر شادی شدہ ہیں اور چاہتے ہیں کہ پسند کی شادی کی جائے انہیں بھی اس ماہ میں اپنی خواہش کو پورا کرنے کا موقع ملے گا۔ اکثر لوگوں سے آپ اپنے اعلیٰ اخلاق، برتاؤ کی تعریف سنیں گے۔ لوگوں کو ہم خیال بنانا آپ کو مشکل نہیں لگے گا۔

خواتین اس ماہ میں اپنے مزاج میں خوشگوار تبدیلی محسوس کریں گی۔ ذاتی اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ ایسی خواتین جن کی تعلیم کسی وجہ سے ادھوری رہ گئی تھی اُن کا تعلیمی سلسلہ دوبارہ شروع ہونے کی کوئی نہ کوئی سبیل پیدا ہوگی۔ اس ماہ میں سفید، سبز رنگ کو زیادہ استعمال کرنا مزاج میں مزید خوشگوار تاثر چھوڑے گا۔ شادی شدہ خواتین کو شوہر کی طرف سے تعریفی فقرات سننے کو ملیں گے۔ انہیں نئے سوٹ بھی خریدنے کا موقع ملے گا۔ غیر شادی شدہ خواتین ذاتی تعریف اور خوشامد میں فرق ضرور محسوس کریں۔ کیونکہ چند خوشامدی افراد مفاد پرست ثابت ہوں گے۔ نام نہاد دوستوں سے دور رہنا بہتر ہے ورنہ بدنامی بھی سامنے آسکتی ہے۔ ایسی خواتین جو نوکری کی متلاشی ہیں انہیں یقیناً اچھی نوکری مل جائے گی۔ کاروباری خواتین کا کاروبار بھی بہتری کی طرف جائے گا۔ اکثر خواتین رات کو زیادہ وقت خوش گپیوں میں گزاریں گی۔ اور صبح کو دیر سے اٹھیں گی۔ ایسی خواتین جن کی عمر 30, 31, 44,37 سال ہے۔ انہیں جلد کی بیماری وقتی طور پر تنگ کرسکتی ہے۔ جن کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔

سعد تاریخیں	18-14-9-5
نحس تاریخیں	28-20-8-6
لکی نمبر	9-5
صدقہ	ثابت مسر

اس ماہ میں آپ روپیہ بے جا کاموں پر صرف کریں گے۔ ایسے افراد جن کے پاس گاڑی ہے وہ چاہیں گے کہ نئی گاڑی کو خریدا جائے۔ پرانی گاڑی گھر کے استعمال میں دے دیں۔ شراکتی کاروبار کرنے والے افراد اس ماہ میں ترقی کریں گے۔ ممکن ہے اپنے کام کی ایک اور برانچ کسی نئے شہر یا جگہ پر کھول لیں۔ ایسے افراد جو موجودہ گھر بیچ کر نیا خریدنا چاہتے ہیں انہیں بھی اس ماہ میں کامیابی ملے گی۔ ایسے افراد جو کرائے کے گھروں میں رہتے ہیں انہیں اگر موجودہ گھر چھوڑنا پڑا تو جس گھر میں جائیں گے وہ موجودہ گھر سے بہتر ہوگا۔ خیرات کرنے کی طرف بھی رجحان رہے گا۔ غیر شادی شدہ افراد کی کسی ایسی خاتون کے ساتھ منگنی یا شادی ہو سکتی ہے جو اپنے خاندان میں سب سے چھوٹی ہو۔ شادی شدہ افراد کی زیادہ توجہ اس ماہ اپنے سسرال کی طرف رہے گی۔ ایسے افراد جو اکثر مختلف الجھنوں میں گھیرے رہتے ہیں اس ماہ میں بہت حد تک الجھنوں سے نکل آئیں گے اور کوئی بہتر فیصلہ آئندہ کے لیے کر سکیں گے۔ مخالفانہ سازش بھی اس ماہ میں کامیاب نہیں ہو سکے گی۔

خواتین اس ماہ میں زیادہ توجہ اپنے آپ پر دیں گی۔ بیوٹی پارلروں کے زیادہ چکر لگیں گے اور روپیہ بھی ایسے ہی کاموں میں خرچ ہوگا۔ شادی شدہ خواتین کی البتہ زیادہ توجہ اپنے گھر پر ہوگی۔ شادی شدہ خواتین کو شوہر کی طرف سے زیادہ جیب خرچ ملے گا۔ اولاد کی طرف سے بھی اچھی خبریں ملیں گی۔ غربا کی مدد کر کے خوشی ملے گی۔ ایسی خواتین جو بیوٹی پارلر کے بزنس سے وابستہ ہیں انہیں اس ماہ اپنے کاروبار کی ترقی دیکھ کر کافی خوشی محسوس ہو گی۔ ایسی خواتین جن کی عمر 26,23,20 سال ہے اور وہ ابھی تک غیر شادی شدہ ہیں اُن کی منگنی یا شادی ہونے کی سبیل پیدا ہوگی۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں انشاء اللہ صحت مند بیٹی پیدا ہو گی۔ ایسی خواتین جنہیں اگر سر درد کی شکایت رہتی ہے انہیں اچانک بخار ہو سکتا ہے۔ ایسی خواتین جن کے گھر میں اکثر جھگڑا رہتا ہے انہیں اس ماہ میں گھریلو سکون ملے گا۔ کسی با اثر شخص کی گھر میں اچانک آمد دیکھ پائیں گی۔

سعد تاریخیں	18-12-8-6
نحس تاریخیں	30-28-22-9
لکی نمبر	6-2
صدقہ	دودھ

مالی معاملات میں کوئی خاص بہتری نہیں آئے گی بلکہ بے ضابطگی کا شکار رہیں گے۔ لوگوں سے وابستہ امید بھی پوری نہ ہو سکیں گے۔ کبھی کبھار یوں محسوس ہوگا کہ کام کو کسی نے باندھ دیا ہے۔ یہ بات کسی حد تک ٹھیک ہوگی اور نظر بد کا اکثر احباب شکار ہوں گے۔ ایسے افراد جو ذاتی کاروبار کرتے ہیں وہ کام شروع کرنے سے پہلے صدقات ضرور دیں۔ اس سے کافی فرق محسوس ہوگا۔ لوگوں پر زیادہ بھروسہ کرنا نقصان دے گا۔ اس ماہ میں آنکھیں کھلی رکھنا اور دماغ کو حاضر رکھنا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ ممکن ہے سفر کے دوران اپنا موبائل فون یا پرس کہیں رکھ کر بھول جائیں۔ ایسے افراد جو اکثر سفر میں رہتے ہیں دوران سفر دعائیں ضرور پڑھیں جن سے حفاظت رہے۔ کالا رنگ خاص طور پر دوران سفر استعمال نہ کریں۔ اگر اس ماہ میں زیادہ تر سفید رنگ استعمال کریں تو بہت سارے مسائل سے بچ سکتے ہیں۔ صحت کا خیال رکھیں صبح اٹھ کر پانی کا استعمال زیادہ کریں۔ گوشت کم سے کم کھائیں۔ جذباتی مسائل میں نہیں الجھیں۔ ایسے افراد جن کی شادی ہوئے 2 سال گزر چکے ہیں وہ جذباتی ہو کر کوئی غلط فیصلہ کر سکتے ہیں۔

خواتین کو چاہیے کہ اس ماہ میں اپنے اوپر زیادہ تھکاوٹ کو سوار نہ ہونے دیں کیونکہ انہیں محسوس ہوگا کہ تھوڑا سا کام کر کے ہی طبیعت بوجھل ہو گئی ہے اور جسم ٹوٹنا شروع ہو گیا ہے۔ زیادہ شوخ رنگوں کے کپڑے استعمال نہ کریں۔ نظر بد کا شکار ہوں گی۔ زیادہ تر سفید اور کریم رنگ کو استعمال کریں۔ کالا رنگ نہ ہی استعمال کریں تو بہتر ہے۔ جلدی بیمار کا شکار بھی ہو سکتی ہیں۔ کبھی کبھار نزلہ وزکام کی شکایت پیدا ہوگی۔ سر اکثر بھاری بھاری محسوس ہوگا۔ رات کو سوتے وقت کسی اچھی کتاب کا مطالعہ کریں اور پڑھتے پڑھتے سو جائیں، صبح خود کو کافی فریش محسوس کریں گی۔ غیر شادی شدہ خواتین دوسرے لوگوں کی باتوں میں آ کر اپنے لیے مسائل پیدا کر سکتی ہیں ایسی خواتین جن کی عمر 28,26,22,20 سال ہے اور وہ ابھی تک غیر شادی شدہ ہے تو اُن کی کسی دور کے رشتہ دار کے ساتھ منگنی ہونے کی سبیل پیدا ہو گی۔ جن خواتین کی عمر 42 سال ہے انہیں جوڑوں کے درد کی شکایت ہو سکتی ہے۔ جن کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں انشاء اللہ بیٹا پیدا ہوگا۔ مگر قدرے کمزور ہوگا۔

سعد تاریخیں	16-12-7-3
نحس تاریخیں	24-9-8-4
لکی نمبر	7-3
صدقہ	کچے چاول

اس ماہ میں آپ کے اخراجات میں اضافہ تو ہوگا مگر رقم کے آنے کی کوئی نہ کوئی سبیل بھی پیدا ہوگی۔ ایسے کام جو عرصے سے چل رہے ہیں اُن سے مالی فائدہ ملے گا۔ ایسے افراد جو نیا کام مستقل بنیادوں پر شروع کرنا چاہ رہے ہیں اُن کے لیے بھی یہ ایک بہتر وقت ہے۔ اگر کسی بزرگ کاروباری شخص کے ساتھ شراکت کرنا پڑے تو ضرور کریں' انشاء اللہ فائدہ ملے گا۔ مجموعی طور پر آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ ہو گا۔ ذہن میں کچھ نہ کچھ کرنے کے خیالات پیدا ہوں گے۔ نئے کنٹریکٹ کرنے میں آسانی پیدا ہوگی اور موجودہ کاروبار وسیع ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کی شادی کی بات کسی ایسی خاتون سے چل سکتی ہے جو کہ عمر میں بڑی ہو۔ شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی کسی دور دراز کے رشتہ دار کی دخل اندازی کی وجہ سے خراب ہوگی۔ میاں بیوی کے درمیان شدید جھگڑا ہو سکتا ہے۔ ممکن ہے بیوی وقتی طور پر ناراض ہوکر اپنے میکے چلی جائے۔ ایسے افراد جن کی عمر 24 سال ہے اُن کا کوئی نہ کوئی انعامی نمبر لگ سکتا ہے۔ اگر آپ کے پاس گاڑی ہے تو احتیاط سے چلائیں کیونکہ آپ کے ہاتھوں کسی کا زخمی ہونا نظر آتا ہے۔

خواتین اس ماہ میں تھکاوٹ زیادہ محسوس کریں گی۔ کبھی کبھار دل چاہے کہ سارے کام ایک ہی وقت میں ختم کر لیے جائیں۔ مگر جلد ہی تھکاوٹ محسوس ہونا شروع ہو جائے گی۔ ممکن ہے کہ گھر کے پرانے کاموں کی تکمیل کرنے کی کوئی نہ کوئی سبیل پیدا ہو جائے۔ ایسی خواتین جن کی عمر 25,21,20 سال ہے اور وہ غیر شادی شدہ ہیں اُن کی شادی اپنے سے کافی بڑے عمر کے شخص کے ساتھ ہوسکتی ہے۔ کوئی دور دراز کا رشتہ دار بھی رشتہ مانگ سکتا ہے۔ شادی شدہ خواتین شوہر کے ساتھ گھریلو معاملات میں بحث کرنے سے پرہیز کریں۔ کیونکہ یہ تنازعہ شدت اختیار کرسکتا ہے اور معاملہ کافی دور تک جاسکتا ہے۔

غیر شادی شدہ خواتین کسی بڑی عمر کے شخص کی محبت میں گرفتار ہوسکتی ہیں۔ ایسی خواتین جن کا بوتیک کا کام ہے انہیں کام کے بڑے بڑے آرڈر ملیں گے۔ اور کام ترقی کرے گا۔ اس ماہ میں زیادہ گھریلو چیزیں خریدنے سے پرہیز بہتر ہے کیونکہ غلط چیزیں لے آئیں گے اور بعد میں واپس بھی نہ ہوسکیں گی۔ خواتین کو اس ماہ میں خاص طور پر نماز کی پابندی کرنا ہو گی۔ کیونکہ جادو، نظر بد کا شکار ہوسکتی ہیں۔

سعد تاریخیں	12-7-6-2
نحس تاریخیں	21-10-8-5
لکی نمبر	6-2
صدقہ	دال ماش

مجموعی طور پر اس ماہ میں آپ کے مزاج میں تیزی پیدا ہوگی۔ لوگوں کی باتیں ناگوار گزاریں گی۔ دوسروں کی تھوڑی سی بھی سخت بات آپ کے غصہ کو تیز کر دے گے۔ معمولی باتوں پر تلخ کلامی ہوگی۔ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ اور روپیہ آنے کی سبیل بھی کوئی واضح طور پر پیدا نہ ہوگی۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں تیسرے نمبر پر ہیں۔ یا وہ جو تین بھائی ہیں انہیں اپنے جذبات پر قابو رکھنا ہوگا۔ گو یہ کافی مشکل ہوگا۔ تمام امور میں اپنے دماغ کو ٹھنڈا رکھیں اور دوسروں کی باتوں کا تحمل مزاجی سے جواب دیں۔ ایسے افراد جو گاڑی، موٹر سائیکل چلاتے ہیں اُن کو ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہنا ہوگا۔ خدانخواستہ حادثہ ممکن ہے۔ صبح جلدی اٹھ کر ورزش کرنا انتہائی فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اکثر افراد کو کھانا گھر سے باہر کھانے کا موقع ملے گا۔ زیادہ گوشت نہ کھانا بھی فائدہ دے گا۔ اگر آپ کے ہاتھوں کوئی زخمی ہو جائے تو بحث کرنے کی بجائے اپنی غلطی کو مان لیں۔ اس سے بات زیادہ طول نہ پکڑے گی اور معاملہ رفع دفع ہو جائے گا۔ بیرون ملک جانے کی کوششیں بارآور ثابت ہوں گی۔

خواتین کو اس ماہ میں اپنے مزاج کی بدلتی کیفیت پر قابو رکھنا ہوگا کیونکہ اکثر چھوٹی چھوٹی باتوں پر گھر میں جھگڑا ہوگا۔ شادی شدہ خواتین اپنی ذاتی انا کے ابھرنے کی وجہ سے شوہر کے ہاتھوں مار بھی کھا سکتی ہیں۔ اگر محسوس کریں کہ شوہر کو آپ کی بات ناگوار گزری ہے تو بحث کرنے کی بجائے فوراً معذرت کرلیں یا پھر اٹھ کر دوسرے کمرے میں چلی جائیں۔ ایسی خواتین جن کی شادی ہوئے 3 سال یا 9 سال گزر چکے ہیں انہیں خاص طور پر محتاط رہنا ہوگا۔ بچوں کے کردار پر نظر رکھنا ہوگی۔ خدانخواستہ بری سوسائٹی کا شکار ہوسکتا ہے۔ اور تعلیمی سلسلہ بھی ادھورا چھوڑا جاسکتا ہے۔ غیر شادی شدہ خواتین کی دور دراز کے رشتہ دار کے ساتھ اچانک منگنی یا نکاح ہوسکتا ہے۔ غیر شادی شدہ خواتین دوستوں، سہیلیوں کے ساتھ زیادہ تفریحی جگہوں پر جانے سے پرہیز کریں۔ وہاں کوئی غلط چیز کھانے سے پیٹ میں شدید تکلیف اٹھ سکتی ہے۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں انشاء اللہ بیٹا پیدا ہوگا۔

سعد تاریخیں	21-14-12-5
نحس تاریخیں	22-18-8-7
لکی نمبر	1-5
صدقہ	دال مسور

مجموعی طور پر اِس ماہ میں آپ کے حالات میں کافی تبدیلی آئے گی۔ معاملات میں بہتری آئے گی۔ لوگوں سے وابستہ خواہشات بہت حد تک پوری ہو گی۔ بیرون ملک جانے کے حوالے سے کی گئی کوشش بارآور ثابت ہوگی۔ ایسے افراد جن کے گورنمنٹ سے متعلقہ محکموں میں کام پھنسے ہوئے ہیں' اُن کے وہ کام ہوجائیں گے۔ جن افراد کے والدین کسی موذی مرض کا شکار ہیں اُن کے ٹھیک ہونے کی کوئی نہ کوئی سبیل پیدا ہوگی۔ جن افراد کی عمر 42 سال ہے انہیں اچانک سردرد ہوسکتا ہے۔ ایسے افراد جن کا نام ۔ر۔ط سے شروع ہوتا ہے انہیں اُن کا کوئی دور کا دوست مالی فائدہ دے گا۔ کاروباری افراد کے کام میں تیزی آئے گی اور آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ ایسے افراد جن کے روپے کسی کے پاس پھنسے ہوئے ہیں وہ اگر روپے واپس لینے کے لیے کسی گورنمنٹ سے متعلقہ محکمے کے آدمی کی سفارش کروائیں تو روپے واپس مل سکتے ہیں۔ شادی شدہ افراد کی گھریلو زندگی بہتر گزرے گی۔ بڑے بیٹے کے حوالے سے اچھی خبر سننے کو ملے گی۔ جن افراد کی شادی نہیں ہوئی اُن کی اچانک شادی کا پروگرام بن سکتا ہے۔

خواتین کی شخصیت میں اِس ماہ میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ نئے کپڑے اور جیولری خریدنے کی طرف رجحان رہے گا۔ ایسی خواتین جن کی شادی شدہ زندگی مسائل سے دوچار رہتی ہے اُن کی زندگی میں سکون پیدا ہوگا۔ سب سے بڑی نند اِس حوالے سے اچھا کردار ادا کرے گی۔ جن خواتین کا ذاتی کاروبار ہے وہ اپنے کاروبار کی بہتری کے لیے ایک اہم شخصیت سے ملاقات کریں گی جس کی وجہ سے انہیں کہیں سے بہتر آرڈر مل جائے گا۔ جن خواتین کو ورزش کرنے کا شوق ہے اور کسی وجہ سے وہ ورزش نہیں کر پا رہی تھیں وہ دوبارہ سے ورزش شروع کرسکیں گی۔ ایسی خواتین جو موٹاپے کا شکار ہیں وہ موٹاپا کم کرنے کے لیے جو کوششیں کریں گی وہ رنگ لائیں گی۔ اِس ماہ میں سرخ رنگ اور سبز رنگ کا زیادہ استعمال کرنا فائدہ دے گا۔ جن خواتین کو سردرد کی شکایت رہتی ہے' اُن کی سردرد ختم ہوجائے گی۔ ایسی خواتین جو غیر شادی شدہ ہیں اُن کی فرسٹ کزن کے ساتھ منگنی وغیرہ کی بات چلے گی۔ جن کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا۔

سعد تاریخیں	22-19-12-4
نحس تاریخیں	28-9-7-1
لکی نمبر	9-4
صدقہ	گندم

اِس ماہ میں زیادہ توجہ سفر کی طرف رہے گی۔ معاملات میں بہت ساری تبدیلیاں آئیں گی۔ نوکری پیشہ افراد کی سیٹ تبدیل ہوجائے گی۔ جن افراد کو نوکری کرتے ہوئے ایک سال گزر چکا ہے۔ انہیں اچانک باہر جانے کی آفر آئے گی۔ ایسے افراد جن کو اپنے باس سے شکایت رہتی ہے اُن کی یہ شکایت اس ماہ میں رفع ہوجائے گی۔ شادی شدہ افراد اپنی بیوی کے ساتھ کسی دور دراز کے رشتہ دار کو ملنے جائیں گے۔ جن افراد کے رشتہ دار کراچی، فیصل آباد، رحیم یار خان ہیں' انہیں وہاں جانے کا موقع ملے گا۔ ایسے افراد جو کسی قریبی عزیز سے روپے بطور قرض لینا چاہتے ہیں وہ اگر اِس ماہ روپے لینے کی کوشش کریں تو اُن کی یہ کوشش رنگ لائے گی اور روپے مل جائیں گے۔ جن افراد کو بیماری ہے انہیں اِس ماہ میں کوئی اچھا معالج مل جائے گا۔ جس کے توسط سے بیماری ختم ہوجائے گی۔ غیر شادی شدہ افراد کی اپنی فرسٹ کزن کے ساتھ منگنی، شادی کی بات چلے گی۔ ایسے افراد جو برداشت کا مادہ کم رکھتے ہیں انہیں زیادہ پانی پینے کی طرح توجہ دینا ہوگی۔

خواتین اِس ماہ میں زیادہ توجہ اپنی قریبی رشتہ داروں کی طرف دیں گی۔ رشتہ داروں کی طرف جانا اچھا لگے گا۔ اس میں زیادہ کھانے سے پرہیز کرنا ہوگا۔ کیونکہ پیٹ درد کی شکایت پیدا ہوگی۔ ایسی خواتین جن کو السر کی شکایت ہے انہیں خاص خیال رکھنا ہوگا۔ جن خواتین کو اپنے گھر والوں سے یہ شکایت رہتی ہے کہ اُن کے گھر والے اُن پر توجہ نہیں دیتے اُن کی یہ شکایت اِس ماہ میں دور ہوجائے گی۔ گھر والوں کی محبت اور شفقت ملے گی اور اچھے کپڑے بھی خرید کر دیے جائیں گے۔ جن خواتین کو لکھنے کا شوق ہے وہ اِس ماہ میں کچھ نیا اور عمدہ لکھ پائیں گی۔ ایسی خواتین جن کی عمر 42,35,29 سال ہے اُن کو اچانک دِل کی تکلیف ہوسکتی ہے۔ محتاط رہیں۔ سیر کرنے کی طرف بھرپور توجہ دیں۔ ایسی خواتین جن کی عمر 32,25,22,19 سال ہے انہیں کسی قریبی عزیز سے روپے ملیں گے۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے۔ اُن کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔ بے روزگار خواتین کو گھر سے دور نوکری مل جائے گی۔

سعد تاریخیں	18-12-8-3
نحس تاریخیں	22-11-7-4
لکی نمبر	8-3
صدقہ	چاول

ادارہ راہنمائے عملیات کے تحت نئی کتب کی اشاعت کے ساتھ ساتھ قدیم و نایاب کتب کی تلاش اور ان کو طلبان علم تک پہنچانے کا سلسلہ جاری ہے۔ عملیات، جفر، اعداد، نجوم، ہندی، نجوم، سحر، بانڈ نمبر، نفس، رمل، یوگا، جنتر منتر اور دیگر موضوعات پر بہت سی پرانی و نایاب اردو، فارسی، عربی اور انگریزی کتب حاصل کی گئی ہیں۔ پرانی کتب کی تفصیلی فہرست حاصل کرنے کے لیے آج ہی جوابی لفافہ جس پر آپ کا مکمل پتہ صاف ستھرا تحریر ہو ارسال کریں۔

300 سے زائد کتب کی فہرست جو دن بدن بڑھتی جا رہی ہے

علوم مخفی کی تمام شاخوں پر کتب دستیاب ہیں۔

منی آرڈر و رابطہ: خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور۔

ایک خاص اور قدیم طریقہ کار کے مطابق 60 سے زائد مختلف کام کرنے کے سعد اوقات کو استخراج کیا گیا ہے۔ بعض لوگ صرف منازل قمر کے حوالے سے بھی احکام اخذ کرتے ہیں جو ایک سادہ اور ابتدائی علم کا مظہر طریقہ ہے۔ جبکہ ذیل کے احکام نجومی حساب کی تمام باریکیوں کو سامنے رکھ کر تحریر کیے گئے ہیں۔ آپ جو بھی کام شروع کرنا چاہتے ہیں ذیل کے جدول میں دی گئی تاریخ اور وقت پر کریں۔ انشاء اللہ بہتر نتائج حاصل ہوں گے اور متعلقہ کام میں آپ کو کامیابی نصیب ہوگی۔ آپ ان سعد اوقات کو اپنے دوستوں، ملنے والوں اور حلقہ اثر میں آنے والے لوگوں کو بتا کر ان کی راہنمائی بھی کر سکتے ہیں۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔

خالد اسحاق راٹھور

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
شادی، منگنی اور نکاح کا وقت				
08-012008	21-21	تا	09-01-2008	10-16
22-01-2008	18-25	تا	22-01-2008	23-47
27-01-2008	07-17	تا	27-01-2008	18-28
شراکت، مشترکہ کاروبار کی ابتداء				
01-01-20088	05-08	تا	01-01-2008	21-50
06-01-2008	18-44	تا	07-01-2008	00-55
07-01-2008	13-28	تا	07-01-2008	19-47
28-01-2008	11-20	تا	29-01-2008	04-20
ملازم رکھیں (مرد)				
07-01-2008	00-55	تا	07-01-2008	19-47
08-01-2008	08-29	تا	08-01-2008	21-21
11-01-2008	20-59	تا	12-01-2008	03-30
26-01-2008	09-08	تا	27-01-2008	12-53
ملازم رکھیں (عورت)				
23-01-2008	15-55	تا	23-01-2008	21-17
اپریشن اور جراحی وغیرہ				
17-01-2008	06-48	تا	17-01-2008	12-31

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
24-01-2008	13-29	تا	24-01-2008	17-29
24-01-2008	18-55	تا	25-01-2008	00-20
25-01-2008	05-46	تا	25-01-2008	11-13
کوئی بھی کام شروع کریں				
01-01-2008	05-08	تا	01-01-2008	16-16
28-01-2008	11-20	تا	28-01-2008	22-40
21-01-2008	15-36	تا	21-01-2008	20-58
کپڑے کاٹنے کے لیے				
07-01-2008	19-47	تا	08-01-2008	02-07
زمینوں کی آبادکاری اور کاشت				
07-01-2008	19-47	تا	08-01-2008	02-07
08-01-2008	14-55	تا	08-01-2008	21-21
نہریں و کنویں کھودنے، صفائی و مرمت				
25-01-2008	00-20	تا	25-01-2008	05-46
بدلہ لینے کے لیے				
25-01-2008	16-41	تا	25-01-2008	22-09
04-01-2008	12-34	تا	04-01-2005	18-26
31-01-2008	20-21	تا	01-01-2008	02-17

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
20-01-2008	12-40	تا	20-01-2008	18-04
پیغام رساں بھیجنے کے لیے				
20-01-2008	01-50	تا	20-01-2008	07-16
20-01-2008	12-40	تا	20-01-2008	18-04
بچوں کی تعلیم شروع کرنے کے لیے				
27-01-2008	07-17	تا	27-01-2008	18-28
28-01-2008	00-04	تا	28-01-2008	05-40
تجارت/نیا کاروبار/نیا سودا				
01-01-2008	21-50	تا	02-01-2008	03-53
02-01-2008	14-39	تا	02-01-2008	20-17
07-01-2008	19-47	تا	08-01-2008	02-07
08-01-2008	08-29	تا	09-01-2008	03-47
10-01-2008	04-23	تا	10-01-2008	17-29
12-01-2008	09-58	تا	12-01-2008	22-52
22-01-2008	07-41	تا	22-01-2008	13-03
25-01-2008	16-41	تا	26-01-2008	09-08
29-01-2008	04-20	تا	29-01-2008	10-04
29-01-2008	21-34	تا	30-01-2008	03-18

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
تعمیر عمارت و مکان وغیرہ				
02-01-2008	19-26	تا	03-01-2008	01-57
05-01-2008	00-19	تا	05-01-2008	06-14
07-01-2008	19-47	تا	08-01-2008	02-07
12-01-2008	03-30	تا	12-01-2008	16-25
14-01-2008	00-19	تا	14-01-2008	06-37
16-01-2008	07-23	تا	17-01-2008	00-59
20-01-2008	12-40	تا	20-01-2008	18-04
مقدمہ بازی/کیس/اپیل/داخل کروانا				
01-01-2008	16-16	تا	01-01-2008	21-50
28-01-2008	05-40	تا	28-01-2008	11-20
28-01-2008	22-40	تا	29-01-2008	04-20
مقابلہ/جنگ/لڑائی/برتری حاصل کرنا				
27-01-2008	12-53	تا	27-01-2008	18-28
جانوروں کی خرید وفروخت				
25-01-2008	22-09	تا	26-01-2008	09-08
پودے/فصل لگائیں				
06-01-2008	18-44	تا	07-01-2008	07-08
13-01-2008	11-38	تا	14-01-2008	00-19
26-01-2008	09-08	تا	27-01-2008	14-40
27-01-2008	01-43	تا	27-01-2008	07-17
شکار کریں				
25-01-2008	11-13	تا	25-01-2008	16-41
26-01-2008	03-37	تا	26-01-2008	09-08
سواری سیکھنے/شروع کرنے/جانور سدھانے				
23-01-2008	15-55	تا	24-01-2008	08-04
دوا لینے/علاج کروانے (خصوصاً لمبے امراض)				
03-01-2008	07-37	تا	03-01-2008	13-12
09-01-2008	10-16	تا	09-01-2008	16-47
18-01-2008	05-37	تا	18-01-2008	11-11
18-01-2008	22-20	تا	19-01-2008	03-55
22-01-2008	18-25	تا	22-01-2008	23-47
24-01-2008	08-04	تا	24-01-2008	13-29
نئے زیورات یا پہلی دفعہ ان کا استعمال				

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
02-01-2008	09-01	تا	02-01-2008	14-39
02-01-2008	20-17	تا	03-01-2008	07-37
26-01-2008	09-08	تا	26-01-2008	20-11
27-01-2008	01-49	تا	27-01-2008	07-17
29-01-2008	15-49	تا	29-01-2008	21-34
30-01-2008	03-18	تا	30-01-2008	14-56
سفر کریں				
06-01-2008	18-44	تا	06-01-2008	00-55
07-01-2008	13-28	تا	07-01-2008	19-47
17-01-2008	06-48	تا	17-01-2008	12-31
18-01-2008	16-46	تا	18-01-2008	03-55
26-01-2008	14-40	تا	26-01-2008	20-11
27-01-200	07-17	تا	27-01-2008	12-53
سفر (پانی سے)				
01-01-2008	21-50	تا	02-01-2008	14-39
28-01-2008	05-40	تا	28-01-2008	22-40
29-01-2008	4-20	تا	29-01-2008	21-34
نیا لباس پہلی دفعہ استعمال کریں				
02-01-2008	03-23	تا	03-01-2008	01-55
03-01-2008	19-08	تا	04-01-2008	00-53
04-01-2008	12-34	تا	04-01-2008	18-26
07-01-2008	00-55	تا	07-01-2008	19-47
11-01-2008	07-55	تا	11-01-2008	20-59
12-01-2008	03-30	تا	12-01-2008	05-18
12-01-2008	16-25	تا	13-01-2008	05-18

تاریخ ابتداء	وقت ابتدا	تا	تاریخ اختتام	وقت اختتام
26-01-2008	09-08	تا	27-01-2008	07-17
29-01-2008	10-04	تا	30-01-2008	09-06
31-01-2008	02-35	تا	31-01-2008	08-29
بال کاٹنے/رنگنے/ Setting				
24-01-2008	13-29	تا	24-01-2008	18-55
آنکھوں وغیرہ کا میک اپ اور علاج				
04-01-2008	18-26	تا	05-01-2008	00-19
ملازمت کی تلاش/اپلائی کرنے				
10-01-2008	12-20	تا	10-01-2008	18-53
11-01-2008	20-59	تا	12-01-2008	03-30
12-01-2008	16-25	تا	12-01-2008	22-52
17-01-2008	23-55	تا	18-01-2008	05-37
24-01-2008	18-55	تا	25-01-2008	00-20
26-01-2008	16-41	تا	25-01-2008	22-09
26-01-2008	05-37	تا	26-01-2008	09-08
میوزک/آرٹ کی ابتدا/تربیت شروع				
26-01-2008	20-11	تا	27-01-2008	01-43
دوسری شادی کرنے/رشتہ لینے				
17-01-2008	00-59	تا	17-01-2008	12-31
21-01-2008	15-36	تا	21-01-2008	20-58
25-01-2008	00-20	تا	25-01-2008	05-46
امور زچگی				
19-01-2008	03-55	تا	19-01-2008	09-25
بانڈ، ریس اور لاٹری وغیرہ				
01-01-2008	10-42	تا	01-01-2008	16-16
04-01-2008	12-34	تا	05-01-2008	00-19
06-01-2008	12-33	تا	07-01-2008	00-55
07-01-2008	19-47	تا	08-01-2008	02-07
17-01-2008	06-48	تا	17-01-2008	18-13
21-01-2008	15-36	تا	21-01-2008	20-58
24-01-2008	18-55	تا	25-01-2008	00-20
28-01-2008	17-01	تا	28-01-2008	22-40
31-01-2008	20-21	تا	01-02-2008	08-17

حافظ محمد فرخ جاوید

آج کا دن کیسا گزرے گا؟

نظرات کواکب کی بنیاد پر روزانہ احکام

کواکب کے درمیان بننے والی نظرات زندگی کے مختلف شعبوں پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ اس مضمون میں ہر دن کی ممکنہ نظرات کا نجومی جائزہ اس طور پر پیش کیا جا رہا ہے کہ قارئین اپنی روزمرہ زندگی میں پیش آنے والے اُتار چڑھاؤ سے واقفیت حاصل کریں اور اپنی روزمرہ زندگی کے اُمور احسن طریقہ سے سرانجام دے سکیں اور مثبت وقت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھا سکیں اور منفی وقت سے بچیں۔ ہماری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ ادارہ۔

یکم جنوری بروز منگل

قمر تربیع عطارد / قمر تثلیث نیپچون

آج صبح کے وقت میں آپ کو دوسروں سے رابطہ قائم کرنے اور اُن تک اپنی بات پہنچانے میں مشکل رہے گی۔ تعلیم اور لکھنے پڑھنے کے معاملات بھی آسانی کے ساتھ اپنے منطقی انجام کو نہیں پہنچیں گے۔ خیالات کی پرواز اونچی رہے گی اور جس کی وجہ سے آپ کو مستقبل کی منصوبہ بندی میں آسانی رہے گی۔

2 جنوری بروز بدھ

قمر تسدیس پلوٹو / قمر تثلیث مریخ / قمر تسدیس مشتری / قمر تسدیس زحل

صبح کے وقت میں آپ اپنے کاموں کو مکمل کرنے کے حوالے سے اپنے اندر ایک توانائی کو محسوس کریں گے۔ نئے قسم کے کام کرنے کا رجحان بھی آپ کے اندر رہے گا۔ شام کے وقت میں آپ کو روپے کے لین دین میں آسانی کے ساتھ ساتھ بزرگ اور تجربہ کار لوگوں کا تعاون بھی ملے گا۔

3 جنوری بروز جمعرات

مریخ مقابلہ قمر تسدیس شمس / قمر تثلیث یورانس / قمر تربیع نیپچون

آج کے دن میں اس بات کی کوشش کریں کہ آپ کو اپنے غصے پر کنٹرول رہے ورنہ آپ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ صبح کے وقت افسران بالا اور حکام کی مدد آسانی کے ساتھ مل جائے گی۔ دوپہر کے بعد کے وقت میں اپنے کاموں کے سلسلے میں اجنبی لوگوں پر بھروسہ کم سے کم کریں۔

4 جنوری بروز جمعہ

قمر تسدیس عطارد

آج کے دن آپ زیادہ تر روٹین کے کاموں میں مشغول رہیں گے۔ صبح کے وقت میں لوگوں سے رابطہ قائم کرنا آپ کے لیے آسان بھی رہے گا اور آپ اپنے رکے ہوئے معاملات کو حل بھی کر پائیں گے۔ لکھنے پڑھنے کے کاموں کو آپ آسانی کے ساتھ مکمل کر پائیں گے۔

5 جنوری بروز ہفتہ

قمر قران زہرہ / قمر تربیع زحل

صبح کے وقت میں آپ کی طبیعت پر آرام اور سکون طاری رہے گا۔ خواتین کی صحبت میں بیٹھنا اچھا لگے گا۔ اُن سے متعلقہ کاموں میں بھی آپ کو آسانی رہے گی۔ دوپہر کے وقت میں پرانے مسائل سر اُٹھائیں گے اور بزرگ لوگ آپ سے آسانی کے ساتھ تعاون نہیں کریں گے۔

6 جنوری بروز اتوار

قمر تربیع یورانس / قمر تسدیس نیپچون / شمس تسدیس یورانس / زہرہ تربیع زحل

صبح کے وقت میں الیکٹرانکس کی اشیاء کے استعمال میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ دوپہر کے وقت میں ایسے لوگوں کی مدد حاصل ہوگی کہ جو تخلیقی ذہن رکھتے ہوں گے۔ شام کے وقت میں آپ کو صاحب حیثیت لوگوں کی مدد

اچانک حاصل ہو جائے گی جو کہ آپ کے بہت کام آئے گی۔ عورتوں سے متعلقہ معاملات میں آپ کو مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔

7 جنوری بروز پیر

قمر مقابلہ مریخ / قمر قران پلوٹو / قمر قران مشتری / قمر تثلیث زحل

صبح کے وقت میں آپ کو کاموں کو پورا کرنے میں رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑے گا جس سے آپ لڑائی جھگڑے پر آمادہ ہو جائیں گے جو کہ نقصان دہ ہو گا۔ دوپہر کے بعد کا وقت روپے پیسے اور انصاف کے حصول کے لیے بہترین رہے گا۔ شام کے بعد آپ کو اپنے پرانے مسائل کے حل کے حوالے سے پیش قدمی کرنے میں آسانی رہے گی۔

8 جنوری بروز منگل

قمر تسدیس یورانس / قمر قران شمس

دوپہر کے وقت میں آپ کو کچھ نیا کرنے کا سوجھے گا اور آپ اس کی وجہ سے کامیابی بھی حاصل کر لیں گے۔ الیکٹرانکس کی اشیاء کے استعمال میں فائدہ رہے گا۔ شام کے وقت میں آپ کو افسران اور حکام بالا سے متعلقہ کاموں میں آسانی رہے گی۔

9 جنوری بروز بدھ

قمر قران عطارد

آج کے دن میں آپ کو اپنے کاموں کو کرنے میں سہولت رہے گی۔ معاملات زندگی میں کوئی خاص تبدیلی نہ آئے گی۔ آپ کو اپنے کاموں کے حوالے سے مختلف اسکیمیں بنانے کا موقع ملے گا۔ لکھنے پڑھنے کے کام با آسانی ہو پائیں گے۔ لوگوں سے رابطوں میں آسانی رہے گی۔

10 جنوری بروز جمعرات

قمر تسدیس زہرہ

آج کے دن میں آپ کو اپنے کام کرنے میں سہولت رہے گی۔ عورتوں سے متعلقہ کاموں میں آسانی رہے گی۔ سیر و تفریح اور خوشی کے معاملات کو طے کرنے میں بھی آسانی رہے گی۔ زیورات خریدنے کے حوالے سے آج کا دن موزوں رہے گا۔

11 جنوری بروز جمعہ

قمر قران نیپچون / قمر تثلیث مریخ / قمر تسدیس پلوٹو

صبح کے وقت میں آپ خیالات کی دنیا میں کھوئے رہیں گے اور عملی کاموں میں کم حصہ لیں گے۔ شام کے وقت میں آپ اپنے کاموں کو کرنے کے حوالے سے اپنے اندر توانائی محسوس کریں گے۔ محنت طلب کام آسانی کے ساتھ ہو جائیں گے۔ مذہبی معاملات میں آپ کی دلچسپی بڑھ جائے گی۔

12 جنوری بروز ہفتہ

قمر تسدیس مشتری / قمر مقابلہ زحل / زہرہ تربیع یورانس

صبح کے وقت میں آپ کو روپے پیسے کے معاملات میں آسانی رہے گی۔ لین دین کے حوالے سے موزوں وقت ہے۔ دوپہر کے وقت میں آپ کو پرانے مسائل تنگ کریں گے۔ کاموں کو جلد بازی میں مکمل نہ کریں ورنہ نقصان ہو جائے گا۔ عورتوں سے متعلق معاملات میں آپ کو مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔

13 جنوری بروز اتوار

قمر قران یورانس / قمر تربیع زہرہ / قمر تسدیس شمس / قمر تربیع مریخ

صبح کے وقت عورتوں سے متعلق معاملات میں محتاط رہیں کیونکہ آپ اپنی بات اُن سے نہ منوا سکیں گے۔ تفریح کا پروگرام بھی مسائل لے کر آئے گا۔ شام کے وقت میں آپ کا اپنی ذات پر اعتماد بڑھ جائے گا مگر مزاج کی درشتی آپ کو مسائل سے دوچار کر دے گی۔ غصے پر کنٹرول رکھیں۔

14 جنوری بروز پیر

قمر تربیع پلوٹو / قمر تربیع مشتری / قمر تسدیس عطارد

صبح کے وقت میں آپ معاملات کو طے کرنے کے حوالے سے شدت پسندی کا مظاہرہ کریں گے جو کہ نقصان دہ ہو گا۔ دوپہر کے وقت میں روپے پیسے کے مسائل تنگ کریں گے۔ رقم کی وصولی آسان نہ ہو گی۔ رات کے وقت میں آپ کو رابطے بحال کرنے میں آسانی رہے گی۔ ذہن خوب کام کرے گا۔

15 جنوری بروز منگل

قمر تثلیث زہرہ / قمر تسدیس نیپچون

آج دوپہر کے وقت میں آپ اپنے آپ کو سکون اور خوش مزاجی کی حالت میں پائیں گے۔ معاملات زندگی آسانی کے ساتھ حل ہوں گے۔ زیادہ محنت نہ کرنا پڑے گی۔ عورتوں اور تفریح سے متعلقہ معاملات میں سہولت رہے گی۔ شام کے وقت اجنبی لوگوں سے ملاقات رہے گی جو کہ باعث فائدہ ہو گی۔

16 جنوری بروز بدھ

قمر تربیع شمس / قمر تسدیس مریخ / قمر تثلیث پلوٹو / قمر تثلیث مشتری / قمر تثلیث زحل

صبح کے وقت میں آپ اپنے کاموں کو مکمل کرنے کے حوالے سے اپنے اندر ایک طاقت محسوس کریں گے اور حوصلے سے آگے بڑھیں گے۔ جلد بازی فائدہ دے جائے گی۔ شام کے بعد کے وقت میں آپ ایسے کام با سہولت انداز میں کر پائیں گے کہ جو لمبی مدت اور مستقل نوعیت کے ہوں گے۔

17 جنوری بروز جمعرات

زہرہ تسدیس نیپچون / قمر تربیع عطارد / قمر تسدیس یورانس / قمر تربیع نیپچون

صبح کے وقت میں آپ کو دوسروں تک اپنی بات پہنچانی مشکل رہے گی اور رابطے بھی با آسانی نہ ہو پائیں گے۔ دوپہر کے وقت میں آپ کو الیکٹرانکس کی اشیاء کے استعمال میں آسانی رہے گی اور آپ جدت پسندی کا مظاہرہ بھی کریں گے۔ خیالات کی دنیا میں بھٹکنے سے بچیں۔

18 جنوری بروز جمعہ

قمر تثلیث شمس

آج کا دن زیادہ حرکت پذیری کا نہ ہے۔ معاملات اپنی رفتار سے چلتے رہیں گے۔ ایسے کاموں کو کرنے میں سہولت رہے گی کہ جس میں آپ اپنے آپ کو دوسروں کے سامنے نمایاں کر سکیں۔ صبح کے وقت میں افسران بالا سے اپنی بات کہنا اور اپنے حق میں فیصلہ لینا آسان رہے گا۔

19 جنوری بروز ہفتہ

قمر تربیع زحل/ قمر تربیع یورانس/ قمر تثلیث عطارد/ قمر تثلیث نیچون

صبح کے وقت صبر اور احتیاط سے اپنے کاموں کو کریں۔ دوپہر کے وقت میں جہاں آپ کی ذہنی گرہیں کھلیں گی وہاں آپ کو اچانک کسی بھی معاملے میں ہاتھ ڈالنا مہنگا پڑے گا۔ شام کا وقت کاروباری معاملات کو حتمی شکل دینے کے حوالے سے موزوں ہے۔ اچھے خیالات ذہن میں آئیں گے کہ جس کی وجہ سے معاملات بہتر انداز میں طے ہو جائیں گے۔

20 جنوری بروز اتوار

قمر مقابلہ زہرہ/ قمر قران مریخ/ زہرہ مقابلہ مریخ/ قمر مقابلہ پلوٹو

صبح کے وقت میں آپ کو عورتوں سے متعلقہ معاملات میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جذباتی اور غصہ ہونے سے مسائل بڑھ جائیں گے۔ سیر و تفریح کے معاملات میں آپ کو مسائل کا سامنا کرنا پڑنے گا۔ شادی بیاہ کے معاملات فریقین کے مابین تلخی کی وجہ سے کھٹائی میں پڑ جائیں گے۔

21 جنوری بروز پیر

قمر مقابلہ مشتری/ قمر تسدیس زحل/ مشتری تثلیث زحل/ قمر تثلیث یورانس

صبح کے وقت میں روز مرہ کے روپے کے لین دین میں مسائل کا سامنا رہے گا۔ آج کے دن میں ایسے منصوبوں کو شروع کرنا فائدہ دے گا کہ جن سے آپ مستقبل میں کچھ حاصل کرنے کی توقع کرتے ہیں۔ جو کام بھی کریں اُس کو خوب سوچ سمجھ کر کریں۔

22 جنوری بروز منگل

قمر مقابلہ شمس

آج کے دن میں جلد بازی نقصان دے گی۔ اپنے سے طاقتور لوگوں سے بگاڑنا کسی بھی طرح ٹھیک نہ رہے گا۔ صاحب حیثیت لوگوں سے آپ کو فوائد حاصل نہ ہو سکیں گے۔ اُلٹا نقصان ہو سکتا ہے۔ زیادہ بہتر رہے گا کہ ہاتھ پیر بچا کر کام لیا جائے۔

23 جنوری بروز بدھ

عطارد قران نیچون

آج کے دن میں آپ اس بات کو محسوس کریں گے کہ دماغی کام آپ کو زیادہ کرنے پڑ رہے ہیں۔ کاموں کو کرنے اور زندگی میں آگے بڑھنے کے حوالے سے دماغ میں مختلف اسکیمیں آئیں گی۔ ان پر کام کرنا آپ کے لیے باعث فائدہ ہوگا۔

24 جنوری بروز جمعرات

قمر مقابلہ نیچون/ قمر مقابلہ عطارد/ قمر تسدیس مریخ/ زہرہ قران پلوٹو/ قمر تثلیث پلوٹو/ قمر تثلیث زہرہ

آج کا دن ایک متحرک دن ہے۔ صبح کے وقت میں آپ کو لوگوں کے ساتھ رابطے میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اپنی بات مشکل سے سمجھا پائیں گے۔ مزاج میں شدت پسندی کا عنصر بڑھ جائے گا۔ تفریح اور عورتوں سے متعلقہ معاملات کو ہاتھ پیر بچا کر اور عقل سے کام لیتے ہوئے پورا کریں۔

25 جنوری بروز جمعہ

قمر قران زحل/ قمر تثلیث مشتری

آج کے دن میں آپ کو جلد بازی سے پرہیز کرنا ہو گا۔ مسائل سے جا چھڑانا آسان نہ ہو گا۔ روپے پیسے کے معاملات میں آپ کو سہولت رہے گی مگر کسی سے اگر پرانی رقم کی وصولی کرنا ہے تو اُس میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

26 جنوری بروز ہفتہ

قمر مقابلہ یورانس/ قمر تربیع مریخ

صبح کے وقت میں آپ کو اچانک کسی کام میں تبدیلی مسائل کا شکار کر دے گی۔ الیکٹرانکس کی اشیاء دوران استعمال خراب ہو سکتی ہیں۔ شام کے وقت میں آپ جلد بازی کا مظاہرہ کریں گے اور یوں نقصان اُٹھا بیٹھیں گے۔ اپنے غصے پر قابو پائیں۔

27 جنوری بروز اتوار

قمر تربیع پلوٹو/ قمر تربیع زہرہ/ قمر تثلیث شمس/ قمر تربیع مشتری

صبح کے وقت میں آپ کو عورتوں سے متعلقہ معاملات میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ تفریح اور آسان ذرائع سے آمدنی کا حصول نقصان کا باعث ہوگا۔ شام کے وقت میں صاحب حیثیت لوگوں سے فائدے حاصل ہوں گے اور آپ اُن سے اپنے حق میں فیصلہ کروا لیں گے۔ روپے پیسے کے معاملات میں احتیاط بہتر رہے گی۔

بقایا صفحہ نمبر 18 پر

حافظ عمران حمید اشرفی

پریشان سے نجات کے لیے قرآنی وظیفہ

حمد وثناء اللہ جل شانہ کے لیے خاص ہے جو رب العالمین ہے اور بے شمار درود وسلام ہو نبی برحق حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین پر۔

میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم کرنے والا ہے۔ ''ہم نے بھیجا نوح علیہ السلام کو اس کی قوم کی طرف کہ ڈرا اپنی قوم کو اس سے پہلے کہ پہنچے ان پر دردناک عذاب''۔ (سورۃ نوح آیت نمبر 1)۔

''اَجَل'' کے معنی مدت اور ''مسمّی'' سے مراد متعین کردہ۔ مطلب یہ ہے کہ اگر تم ایمان لے آئے تو اللہ تعالی تمہیں اس مدت تک دنیا میں مہلت دے گا جو تمہارے لیے مقرر اور متعین ہے یعنی مقررہ مدت عمر سے پہلے تمہیں کسی دنیاوی عذاب میں پکڑ کر ہلاک نہ کرے گا۔ اس کا حاصل یہ ہوا کہ اگر ایمان نہ لائے تو یہ بھی ممکن ہے کہ مدت مقررہ سے پہلے ہی تم پر عذاب لا کر ہلاک کر دے۔ معلوم ہوا کہ عمر کی مدت مقررہ میں بعض اوقات کوئی شرط ہوتی ہے کہ اس نے فلاں کام کر لیا تو اس کی عمر مثلاً 80 سال ہوگی اور نہ کیا تو 60 سال میں موت مسلط کر دی جائے گی یا منفی کاموں میں اللہ کی ناشکری سے عمر گھٹ جانا اور شکر گزاری سے عمر بڑھ جانا، اسی طرح بعض اعمال مثلاً والدین کی اطاعت وخدمت سے عمر میں ترقی ہونا جو احادیث صحیحہ سے ثابت ہے اس کا بھی یہی مطلب ہے۔

اس کی تشریح تفسیر مظہری میں یوں ہے کہ تقدیر اور قضائے الٰہی کی دو قسمیں ہیں ایک مبرم یعنی قطعی، دوسری معلق یعنی جو کسی شرط پر معلق ہو یعنی لوح محفوظ میں اس طرح لکھا جاتا ہے کہ فلاں شخص نے اگر اللہ کی اطاعت کی تو اس کی عمر مثلاً ستر سال ہوگی اور نہ کی تو پچاس سال میں مار دیا جائے گا اس دوسری قسم تقدیر میں شرط نہ پائے جانے پر تبدیلی ہو سکتی ہے۔ قرآن کریم میں ان دونوں قسم کی قضاء وتقدیر کا ذکر اس آیت میں ہے یعنی اللہ تعالی لوح محفوظ میں محو و اثبات یعنی ترمیم وتبدیلی کرتا رہتا ہے اور اللہ کے پاس ہے اصل کتاب، اصل کتاب سے مراد وہ کتاب ہے جس میں تقدیر مبرم لکھی ہوئی ہے کیونکہ تقدیر معلق میں جو شرط لکھی گئی ہے اللہ تعالی کو پہلے ہی سے یہ بھی معلوم ہے کہ وہ شخص یہ شرط پوری کرے گا یا نہیں، اس لیے تقدیر مبرم میں قطعی فیصلہ لکھا جاتا ہے۔

حضرت سلیمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، قضائے الٰہی کو کوئی چیز بجز دعا کے نہیں روک سکتی اور کسی کی عمر میں زیادتی بجز برّ والدین کے نہیں ہو سکتی۔ برّ کے معنی ان کے ساتھ اچھا سلوک ہے اور مطلب اس حدیث کا یہی ہے کہ تقدیر معلق میں ان اعمال کی وجہ سے تبدیلی ہو سکتی ہے۔ خلاصہ یہ کہ اس آیت میں جو اَجَلِ مسمّٰی تک موخر کرنے کو ان کے ایمان لانے پر موقوف کیا ہے۔ یہ ان کی عمر کے بارے میں تقدیر معلق کا بیان ہے جس کا اللہ تعالی نے حضرت نوح علیہ السلام کو علم عطا فرما دیا ہوگا۔ اس کے سبب سے انہوں نے اپنی قوم کو بتلایا کہ تم ایمان لائے تو جو اصلی عمر تمہارے لیے اللہ نے مقرر فرمائی ہے وہاں تک تمہیں مہلت ملے گی اور کسی عذاب دنیوی کے ذریعے ہلاک نہ کیے جاؤ گے اور اگر ایمان نہ لائے تو اس اصلی عمر سے پہلے ہی اللہ تعالی کا عذاب تمہیں ہلاک کر دے گا اور آخرت کا عذاب اس صورت میں اس کے علاوہ ہوگا آگے یہ بھی بتلا دیا کہ ایمان لانے پر بھی ہمیشہ کے لیے موت سے نجات نہیں ہوگی۔ بلکہ تقدیر مبرم میں جو تمہاری عمر لکھی ہوئی ہے۔ اس پر موت آنا ضروری ہے کیونکہ اللہ تعالی نے اپنی حکمت بالغہ سے اس عالم دنیا کو دائمی نہیں بنایا یہاں کی ہر چیز کو فنا ہونا تقاضائے حکمت ہے اس میں ایمان واطاعت اور کفر ومعصیت سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کو چالیس سال کی عمر میں نبوت عطا ہوئی اور قرآنی تصریح کے مطابق ان کی عمر پچاس کم ایک ہزار سال ہوگی۔ اس پوری مدت دراز میں نہ کبھی اپنی کوشش کو چھوڑا نہ کبھی مایوس ہوئے۔ قوم کی طرف سے طرح طرح کی ایذائیں دی گئیں سب پر صبر کرتے رہے۔ بروایت ضحاک حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ ان کی قوم ان کو اتنا مارتی کہ وہ گر جاتے

تو ان کو ایک کمبل میں لپیٹ کر مکان میں ڈال دیتے تھے اور سمجھتے تھے یہ مر گئے، مگر پھر جب اگلے روز ان کو ہوش آتا تو ان کو اللہ کی طرف بلاتے اور تبلیغ کے عمل میں لگ جاتے۔ محمد بن اسحٰق نے عبید بن عمرو لیثی سے روایت کیا ہے کہ ان کو یہ خبر پہنچتی ہے کہ نوح علیہ السلام کی قوم ان کا گلا گھونٹ دیتی جس سے وہ بے ہوش ہو جاتے تھے اور جب ہوش آتا تو یہ دعا کرتے تھے، اے میرے پروردگار میری قوم کو معاف کر دے کیونکہ وہ جانتے نہیں۔ ان کی ایک نسل کے ایمان لانے سے مایوسی ہوئی تو یہ اُمید رکھتے تھے کہ ان کی اولاد میں کوئی ایمان لائے گا وہ نسل بھی گزر جاتی تو تیسری نسل سے یہی توقع لگا کر اپنے فرض منصبی میں مشغول رہتے کیونکہ ان نسلوں کی عمریں اتنی طویل نہ تھیں۔ جتنی حضرت نوح علیہ السلام کو بطور معجزہ عطا ہوئی تھی، جب ان کی نسل پر نسل گزرتی رہی اور ہر آنے والی نسل پچھلی سے زیادہ شریر اور بدتر ثابت ہوئی تو حضرت نوح علیہ السلام نے بارگاہ رب العزت میں اپنا شکوہ پیش فرمایا جس میں بتلایا کہ میں نے ان کو رات دن اجتماعاً وانفراداً، اعلانیہ اور خفیہ جو جو طریقہ کسی کو راستے پر لانے کا ہو سکتا ہے وہ سب اختیار کیا۔ کبھی اللہ کے عذاب سے ڈرایا کبھی جنتوں کی نعمتوں کی ترغیب دلائی اور یہ بھی کہ ایمان اور عمل صالح کی برکت سے تمہیں دنیا میں بھی فراخی اور خوشحالی نصیب ہوگی۔ کبھی اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کی نشانیوں کو پیش کر کے سمجھایا۔ مگر انہوں نے ایک نہ سُنی، دوسری طرف حق تعالیٰ نے ان کو یہ بھی بتلا دیا کہ آپ کی پوری قوم میں جس کو ایمان لانا تھا لے آیا آگے اُن میں کوئی ایمان قبول نہ کرے گا اس وقت حضرت نوح علیہ السلام کی زبان پر بددعا کے کلمات آئے جس کا آگے ذکر کیا گیا ہے جس کے نتیجہ میں پوری قوم غرق و ہلاک ہوگئی بجز مومنین کے جن کو ایک کشتی میں سوار کر لیا گیا تھا قوم کی فہمائش کے سلسلے میں نوح علیہ السلام نے ان کو اللہ تعالیٰ سے استغفار کرنے یعنی ایمان لا کر پچھلے گناہوں کی معافی مانگنے کی دعوت دی اور اس کا دنیاوی نفع یہ بتلایا، کہ گناہوں سے توبہ واستغفار سے اللہ تعالیٰ بارش حسب موقع برسا دیتے ہیں۔ قحط نہیں پڑنے دیتے اور مال و اولاد میں استغفار سے برکت ہوئی ہے کہیں کسی حکمت الٰہیہ کے تقاضے سے اس کے خلاف بھی ہوتا ہے مگر عادۃ اللہ عام لوگوں کے ساتھ یہی کرتا ہے کہ توبہ واستغفار اور ترک معصیت سے دنیا کی بلائیں بھی ٹل جاتی ہیں۔ قوم کے شکوہ کے سلسلے میں فرمایا کہ اُنہوں نے بہت بڑا مکر کیا وہ یہ تھا کہ خود تو تکذیب کر کے ایذائیں پہنچاتے ہی تھے بستی کے غنڈوں اور شریروں کو بھی ان کے پیچھے ڈال دیتے تھے۔ اُسی شکوہ میں کفار کا یہ قول نقل فرمایا کہ انہوں نے باہم معاہدہ کیا کہ اپنے بتوں کو خصوصاً ان پانچ بڑے بتوں کی عبادت کو نہ چھوڑو۔

امام بغوی نے نقل کیا ہے کہ یہ پانچوں دراصل اللہ کے نیک و صالح بندے تھے ان کے بہت سے لوگ معتقد اور متبع تھے ان لوگوں نے ان کی وفات کے بعد بھی ایک عرصہ دراز تک انہیں کی نقش قدم پر عبادت اور اللہ کے احکام کی اطاعت جاری رکھی کچھ عرصہ کے بعد شیطان نے ان کو سمجھایا کہ تم اپنے جن بزرگوں کے تابع عبادت کرتے ہو اگر ان کی تصویریں بنا کر سامنے رکھا کرو تو تمہاری عبادت بڑی مکمل ہو جائے گی۔ خشوع و خضوع حاصل ہوگا یہ لوگ اس فریب میں آگئے اور ان کے مجسمے بنا کر عبادت گاہ میں رکھنے اور ان کو دیکھ کر بزرگوں کی یاد تازہ ہو جانے سے ایک خاص کیفیت محسوس کرنے لگے۔ یہاں تک کہ اسی حال میں یہ لوگ سب یکے بعد دیگرے مر گئے اور بالکل نئی نسل نے ان کی جگہ لے لی تو شیطان نے ان کو یہ پڑھایا کہ تمہارے بزرگوں کے خدا اور معبود بھی بت تھے، وہ انہیں کی عبادت کیا کرتے تھے یہاں سے بت پرستی شروع گئی اور ان پانچ بتوں کی عظمت ان کے دلوں میں چونکہ سب سے زیادہ بیٹھی ہوئی تھی۔ اس لیے باہمی معاہدے میں ان کا نام خاص طور سے لیا گیا۔

یہ لوگ اپنی خطاؤں، کفر و شرک کی وجہ سے پانی میں غرق کیے گئے تو یہ آگ میں داخل ہو گئے۔ یہ متضاد عذاب کو ڈوبے پانی میں اور نکلے آگ میں۔ حق تعالیٰ کی قدرت سے کیا بعید ہے اور ظاہر ہے کہ یہاں جہنم کی آگ تو مراد نہیں کیونکہ اس میں داخلہ تو قیامت کے حساب و کتاب کے بعد ہوگا۔ یہ برزخی آگ ہے جس میں داخل ہونے کی قرآن کریم نے خبر دی ہے۔

باقی صفحہ 53 پر............

مشکلات سے نجات

یونس مانسہروی

لاکھوں ہدیہ حمد وثنا اس ذات اقدس پر جو رب العالمین ہے۔ اور لاکھوں ہدیہ درود وسلام اس ذات پاک پر جسے رحمتہ اللعالمین کے خطاب سے سرفراز فرما کر مخلوقات کی رہبری و رہنمائی کا عظیم ترین اور مقدس فریضہ عطا فرمایا گیا۔ آقائے کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد یہ فریضہ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے انجام دیا۔ اور پھر یہ مقدس اور نورانی فرض اولیائے کرام اور علمائے دین تک پہنچا۔ اولیائے کرام نے ہمیشہ اللہ تعالی کی حمد وثنا اور سرکار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک پر درود وسلام کو بہت زیادہ ترجیح دی۔ روحانیات اور مخفی علوم کی دنیا میں ذکر وعبادت اور درود پاک کثرت کے ساتھ پڑھنے پر بہت زور دیا گیا ہے۔ عامل اگر نماز، تلاوت قرآن پاک اور کثرت درود کی پابندی کرے اور تمام برائیوں اور مکروہات سے دور رہے تو اس کی بنائی الواح ونقوش اور تعویذات انتہائی موثر ہوتے ہیں اور بہت جلد اثر ظاہر کرتے ہیں۔

آج کی اس محفل میں ایک انتہائی مجرب عمل پیش خدمت ہے۔ اگر آپ نے مکمل آداب وشرائط کی پابندی کے ساتھ کیا تو بہت جلد اس کے اثرات دیکھ لیں گے۔ یہ عمل اللہ تعالی کے مقدس نام "باسط" کا ہے۔ آپ نوے دن تک روزانہ نوسو مرتبہ بعد نماز عشاء "یا باسط" کا ورد کریں۔ اور نوے دن ورد ختم ہونے کے بعد 321 نقش لکھ کر بہتے ہوئے پانی میں ڈالیں۔ آخری روز ایک نقش زیادہ لکھیں اور خوشبو لگا کر گلے میں ڈالیں یا سیدھے بازو پر پہن لیں۔ ورد پڑھنے اور نقش لکھنے کے دوران اعلی قسم کی اگر بتی مسلسل جلتی رہے۔ ورد شروع کرنے سے پہلے اور آخر میں ایک ایک تسبیح درود پاک پڑھنا ہے۔ پانچوں وقت نماز پابندی کے ساتھ پڑھنا ہے اور بعد نماز فجر قرآن پاک جتنی ہو سکے تلاوت کرنا ہے۔ اگر آپ نے یہ سب کر لیا تو سمجھ لیں کہ آپ نے انتہائی قیمتی خزانہ حاصل کر لیا۔ نقش یہ ہے:-

۱۵	۳۱	۹	۱۷
۸	۱۸	۱۴	۳۲
۱۹	۱۱	۲۹	۱۳
۳۰	۱۲	۲۰	۱۰

ہندسے اُردو میں لکھنا ہیں۔ یہ عمل بدعقیدہ، کمزور اور وہم والے حضرات نہ کریں۔

☆☆☆☆☆

زائچہ حلف برداری

ماسٹر شوکت علی بروہی

زائچہ تقریب حلف برداری---- مورخہ 29-11-2007

بمقام----- اسلام آباد

زائچہ حلف برداری صدارت کے موقع پر طالع کے مقام پر برج دلو طلوع ہے۔ طالع کا مالک وحاکم سیارہ زحل ہے جو کہ آٹھویں خانہ میں پڑا ہوا ہے۔ آٹھواں خانہ خوف خطر، حادثہ اور جنگ سے تعلق رکھتا ہے۔ طالع کے مالک کا آٹھویں گھر میں ہونا خوف وخطرے سے خالی نہیں ہے۔

آٹھویں خانہ کا مالک عطارد بنتا ہے۔ بموقعہ حلف صدارت ساعت عطارد کی چل رہی تھی۔ عطارد خانہ 10 اقتدار میں پڑا ہوا ہے۔ اس لیے حلف اُٹھانے والا نہ کسی پر غالب ہوگا نہ ہی کسی سے مغلوب ہو سکتا ہے۔ قمر ساتویں گھر میں قابض ہے حکومت وقت ہر حالت میں عام انتخابات کروائے گی۔ مریخ چھٹے گھر میں بحالت راجع ہے ماتحتوں کا تعاون رہے گا۔ جب مریخ جنوری کے آخر میں مستقیم ہوگا تو اُن کی رائے تبدیل ہو سکتی ہے۔ زہرہ اور مریخ کی زائچہ میں تربیع کی نظر ہے، خواتین کی اعانت حاصل نہ ہوگی۔ خانہ 11 پارلیمنٹ میں تین سیارے پڑے ہوئے ہیں۔ نیرین میں سے شمس سعد اکبر مشتری اور پلوٹو پڑے ہوئے ہیں۔ پلوٹو الٹ پھیر کا ستارہ ہے۔ خانہ پارلیمان میں قابض ہے۔ اسمبلی میں عجب قسم کی الٹ پھیر ہوگی۔ طالع میں نیپچون پڑا ہوا ہے جو کہ خود فریبی کی دلیل کو واضح کر رہا ہے۔ طالع کا ذیلی حاکم یورانس دوسرے اقتصادیات کے گھر میں قابض ہے۔ ملک کی اقتصادی حالت بہتر بنانے کی طرف توجہ خاص ہوگی۔

آئندہ الیکشن میں مسلم لیگ "ق" کو اول نمبر حاصل ہوگا، دوسرے نمبر پر پاکستان پیپلز پارٹی کو زیادہ نشستیں حاصل ہوں گی۔ سیارہ مشتری 12 سال کے بعد برج قوس سے نکل کر ہوطی برج جدی میں ایک سال کے لیے داخل ہوگا جو کہ 19 دسمبر سے بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ 26 جنوری 2008 پلوٹو طویل عرصہ کے بعد برج جدی یعنی بارہویں گھر میں اس زائچہ کے داخل ہو جائے گا۔ بارہواں گھر ناگہانی حادثہ قید وبند کے اُمور سے منسوب ہے۔ لہذا حلف اُٹھانے والے کے لیے 2008 کا سال خراب رہے گا۔

☆☆☆☆☆

آگ

200 سے زائد مخفی علوم کی تعریف و تشریح

تحقیق و تحریر
خالد اسحاق راٹھور

آگ کا تقدس دنیا کے تمام قدیم مذاہب کا حصہ رہا ہے۔ اس کو ذات الہی کا مظہر، قربانی قبول کرنے والا، طاقت اور روشنی کا منبع اور اشکال تبدیل کرنے کی قوت کے حامل ہونے کی وجہ سے معبود کی پوزیشن بھی حاصل رہی۔ آتش پرست اسی حوالے سے مشہور ہیں۔ یوں بھی سورج کو دیوتا بنانا یا اس کی پوجا کرنا بھی اس کے آگ اور حرارت کے حیرت انگیز منبع ہونے سے منسوب ہے جو فصلوں کو پکاتا ہے، رات و دن کو لاتا ہے، موسموں کو تبدیل کرتا ہے اور انسان کو حرارت فراہم کرتا ہے۔

مقصد یہ سب کچھ تحریر کرنے کا یہ تھا کہ انسان دوسرے عناصر یعنی ہوا، مٹی اور پانی سے بھی پیشن گوئی کرنے کے فنون کو تخلیق کرنے کا باعث ہے۔ تاہم آگ کے ذریعے پیشن گوئی کے متفرق طریقے بہت سی اقوام اور علاقوں میں مروج رہے ہیں اور دوسرے عناصر کی نسبت اس کا استعمال اور اس پر یقین زیادہ کیا جاتا رہا ہے۔

آگ سے پیشن گوئی کے طریقے مختلف زمانوں اور طبقوں میں مختلف رہے ہیں۔ سو ذیل میں ان کو بالترتیب زیر بحث لایا گیا ہے۔

آگ کے شعلوں کی رنگت وغیرہ کی بنیاد

آگ سے پیشن گوئی کرنے کے لیے باقاعدہ اہتمام کے ساتھ آگ کو جلایا جاتا ہے اور اس کو مقدس خیال کیا جاتا ہے۔

اس مقصد کے لیے نسبتاً کھلی جگہ کا انتخاب کرنا چاہیے جہاں آگ مناسب مقدار میں اور حفاظت کے ساتھ جلائی جا سکے۔ بند جگہ اور جہاں آگ کے پھیلنے کا خطرہ ہو وہاں یہ عمل نہیں کرنا چاہیے۔

بہر حال جب عمل شروع کریں اور شعلے اپنی طاقت پکڑ لیں تو کچھ دیر آگ کے از خود جلنے کے عمل کو نارمل حالت اور تسلسل میں آنے دیں اور پھر دیکھیں:-

- اگر شعلے سیدھے اور پوری طاقت سے جل رہے ہیں اور نظر آنے والی آگ دیکھنے میں خوبصورت ہے اور اس سے دھواں نہیں اٹھ رہا اور اس سے مختلف قسم کی آوازیں نہیں نکل رہیں تو یہ ایک مثبت علامت ہے اور سائل کا جو مقصد یا خواہش یا تمنا یا سوال ہے یہ اس کے پورا ہونے کی علامت ہے۔
- آگ کا افقی حالت میں جلنا، یعنی شعلوں کا اوپر اٹھنا یا دائیں جانب ہونا اور مختلف سمتوں میں نہ پھیلنا مثبت علامتیں ہیں۔
- آگ کا رنگ شفاف ہو یا پیلاہٹ لیے ہو تو یہ بھی کامیابی کی علامت ہے۔
- آگ کا ایک توازن سے جلنا یعنی ایک دم کم یا زیادہ نہ ہونا بھی مثبت ہے۔
- مندرجہ بالا کے برعکس علامتیں ناکامی، مقصد کے حصول کا نہ ہونا اور بدقسمتی کی مظہر ہیں۔
- یعنی آگ کا بہت تیزی اور آواز کے ساتھ جلنا۔
- کالے رنگ کا دھواں دینا۔
- مختلف رنگوں کے شعلوں کا نکلنا۔

○ اس میں سے بُری یا بدمزہ بو آنا۔

○ آگ کے شعلوں کا مختلف سمتوں میں پھیلنا وغیرہ سب پیشن گوئی کے حوالے سے منفی علامتیں ہیں اور حصول مقصد کی نا تکمیلیت کی مظہر ہیں۔ ان علامتوں کے تحت مثبت پیشن گوئی نہیں کی جاسکتی۔

آگ کے شعلوں پر توجہ مرکوز کرنا

مندرجہ بالا کے علاوہ آگ کی مدد سے پیشن گوئی کرنے کا ایک نسبتاً مشکل طریقہ یہ ہے کہ اس کے شعلوں پر توجہ مرکوز کر کے ان کو مسلسل دیکھتے ہوئے خیالی اشکال کی بنیاد پر پیشن گوئی کی جاتی ہے۔

اس مقصد کے لیے یہ طریقہ اختیار کیا جاتا ہے کہ عامل آگ جلانے کے بعد سکون سے آگ کے سامنے بیٹھ جاتا ہے اور مکمل توجہ اس سے نکلنے والے شعلوں پر مرکوز کر دیتا ہے۔ یہ پوری توجہ اور دھیان سے یہ دیکھتا ہے کہ ان شعلوں سے کس قسم کی اشکال واضح ہو رہی ہیں یا اس کو نظر آ رہی ہیں۔

بس ان اشکال کی بناوٹ کی بنیاد پر سوال کا جواب اور تمنا یا خواہش کے پورا ہونے یا نہ ہونے کو بیان کیا جاتا ہے۔

مندرجہ ذالا سطور میں تحریر اس طریق کو قدرے مشکل خیال کیا جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عام آدمی یا معمولی توجہ سے اس طریق سے فائدہ نہیں اُٹھایا جاسکتا۔ یہ عمل صرف وہ فرد کر سکتا ہے جس کی قوت ارتکاز طاقت ور ہو اور وہ اپنی مکمل توجہ قائم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو اور خود فریبی کا شکار نہ ہو۔ یعنی ذاتی تصور کی بناء پر اشکال تخلیق نہ دے بلکہ اُن اشکال کو اخذ کرے جو آگ میں نظر آ رہی ہیں۔

آگ اور کاغذ

آگ کے ذریعے پیشن گوئی کے مندرجہ بالا طریقوں کی نسبت یہ بہت آسان طریقہ ہے۔ اس طریقے میں کچھ زیادہ نہیں کرنا۔ صرف ایک کاغذ پر اپنی خواہش، تمنا یا سوال تحریر کر لیں اور پھر اس کاغذ کو آگ لگا دیں۔ اگر وہ کاغذ جس پر سوال یا خواہش تحریر ہے مکمل جل جائے تو جواب اثبات میں ہے۔ کام ہو جائے گا یا تمنا پوری ہوگی۔

اور اگر کاغذ پورا نہ جلے اور صرف وہ حصہ جس پر سوال تحریر تھا محفوظ رہے تو اس کا مطلب ہے آپ کی خواہش یا تمنا یا سوال پورا ہوگا لیکن اس میں دیر یا التواء ہے۔

اور اگر کاغذ کا وہ حصہ بھی نہ جلے جس پر سوال تحریر ہے تو پھر اس کا جواب "نہ" ہے۔ کام نہ ہوگا، مقصد کا حصول نہ ہوگا، تمنا پوری نہ ہوگی۔

قدیم اور جدید علوم

مخفی کا دلچسپ بیان

آگ اور موم بتی

آگ سے پیشن گوئی کرنے کے طریقوں میں سے ایک موم بتی کے شعلے کا استعمال ہے۔ اس مقصد کے لیے ایسی جگہ یعنی کمرے کی ضرورت ہوتی ہے جس میں ہوا نہ تو براہ راست داخل ہو اور نہ ہی کسی اور ذریعے یعنی پنکھے وغیرہ کے ذریعے اس کو عمل کی جگہ پر متحرک محسوس کیا جاسکے۔

موم بتی سے پیشن گوئی یا شعلہ کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ کمرے میں ہلکی خوشبو جلالیں اور پھر موم بتی جلا کر اس کے سامنے بیٹھ جائیں اور اس کے شعلے پر غور کریں۔ اور ساتھ ہی جو سوال ہو اس کو ذہن میں رکھیں۔ اس مقصد کے لیے بڑی اور اچھی قسم کی موم بتی استعمال کریں۔

یہاں ایک بات اور بتا دوں۔ یہ ضروری نہیں کہ سوال آپ کا اپنا یا اپنی ذات کے بارے میں ہو۔ آپ کسی کے بھی سوال کا جواب اس طور حاصل کر سکتے ہیں۔ اس امر کی کوئی پابندی نہیں۔ یعنی لوگوں کے سوالوں کے جواب بھی معلوم کر سکتے ہیں۔

ان مضامین کا سلسلہ جولائی 2007 میں شروع کیا گیا تھا۔ اب تک اس سلسلے میں درج ذیل موضوعات پر تحریر کیا گیا ہے۔

☆آئی چنگ

☆چائے کی پیالی میں قسمت

☆آگ

اس عمل میں یہ احتیاط بہر حال کریں کہ دوران عمل بیرونی موسم پُرسکون ہو، آندھی طوفان یا گرج چمک میں یہ عمل نہ کریں۔ یہ چیزیں عمل کے درست نتائج کے لیے رکاوٹ کا باعث خیال کی جاتی ہیں۔ اس مقصد کے لیے رات کے وقت کو زیادہ موثر خیال کیا جاتا ہے۔ روشنی میں یہ عمل نہیں کرنا چاہیے۔

باقی صفحہ نمبر 53 پر

بانڈ نمبرز' روزانہ نمبرز اور لکی نمبروں

پر دستیاب کتب جو آپ کی ان امور میں راہنما ہوں گی

صفحہ' اکڑا اور بنڈل

اس کتاب میں ایک خاص طریقہ کار اس طرح بیان کیا گیا ہے' جس پر عمل کرتے ہوئے ہر فرد چند منٹوں میں صفحہ' اکڑا اور بنڈل نمبر نکال سکتا ہے۔ حل شدہ نظرات کواکب کے تحت لمحہ بہ لمحہ تبدیل ہوتی نظرات کے تحت دیئے گئے نمبروں سے آپ کسی بھی وقت اور دن کا اکڑا ایک منٹ میں خود بھی نکال سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آنے والے دنوں کے روزانہ متوقع نمبر استخراج کر دیے گئے ہیں تاکہ ہر فرد بلا کسی محنت ان سے فائدہ اٹھا سکے۔

قسمت اور چانس

ستمبر 2007 تا اگست 2008 تک استخراج شدہ اکڑے' بنڈل اور خاص ڈبی کے ہمراہ اس کتاب میں ایک اہم فارمولا تحریر کیا گیا ہے۔ جس کی مدد سے کوئی بھی فرد اپنی خوش قسمتی کا نمبر' دن اور وقت وغیرہ کو خود معلوم کر سکتا ہے۔

خالد روحانی جنتری
خالد ہندی جنتری
راہنمائے عملیات

خزینہ اعداد

وہ جو علم اعداد کو سمجھنے کے خواہش مند ہیں اور اعداد کی خصوصیات اور کام کرنے کے طریقہ کار کو جاننے کے خواہش مند ہیں ان کے لیے ایک نایاب کتاب۔

بذریعہ ڈاک طلب کرنے والے 25 روپے ڈاک خرچ کے بھی ارسال کریں۔

نمبر ہی نمبر

یہ کتاب اس حوالے سے بہت اہم ہے کہ اس میں نمبر نکالنے' اعداد کی دوستی دشمنی' اعداد کی باقی' مثبت' منفی طاقت کے ساتھ سے ہر قرعہ اندازی کی روٹین دی گئی ہے اور مثالوں سے روٹینوں کو سمجھا بھی دیا گیا ہے۔ دسمبر 2008 تک کی جادوائی ڈبی ہر قرعہ اندازی کے لیے الگ سے دی گئی ہے۔

بانڈ ریس اور لاٹری نمبر

قمری منازل اور بروج کے حساب سے سال 2007 تا جنوری 2009 تک کے خاص نمبروں کے ساتھ جنوری 2009 تک کے متوقع اکڑا نمبر دینے کے ساتھ ساتھ اس کتاب میں نجوم' اعداد' ساعات' رمل' استخارہ وغیرہ کے حساب سے بانڈ نمبر اور میچ نکالنے کے کئی ایک مجرب طریقے بیان کیے گئے ہیں۔ ساتھ ہی فری کوپن بھی ہیں جن پر آپ ادارہ کی قیمتی فیکس مفت حاصل کر سکتے ہیں۔

صائمہ راٹھور

قسط 21

بیوٹی کارنر

سنت نبوی ﷺ (مہندی لگانا)

ہمارے ملک میں مہندی عیدالفطر‘ عیدالاضحیٰ یا پھر شادی بیاہ کے مواقع پر زیادہ استعمال ہوتی ہے۔ اس کا لیپ آبلوں کی جلن دور کرتا ہے۔ ہمارے پیارے رسول ﷺ کو جب کبھی پھنسی نکلتی یا کانٹا چبھ جاتا تو آپ مہندی لگوایا کرتے۔ سر میں درد ہوتا تو بھی مہندی لگواتے۔

پہلے مہندی گھروں میں خود بنائی جاتی تھی اور اس کی تیاری میں رات بھر کا انتظار اور محنت کی ضرورت رہتی تھی۔ زمانہ کی ترقی نے جہاں دوسرے کاموں میں وقت بچانے کے اسباب پیدا کر دیئے ہیں اسی طرح مہندی پر اثر پڑا ہے۔ مہندی گھولنے کی زحمت سے لوگوں کو بچایا گیا ہے اور ریڈی میڈ کونز بازار میں ملنے لگی ہیں۔ مہندی کی کون کی ایک خاصیت یہ ہے کہ اس سے ہاتھ خراب نہیں ہوتے اور جہاں ضرورت ہوتی ہے وہیں خطوط ڈالے جاتے ہیں۔ مگر اس میں قباحت بھی ہے کہ یہ مہندی ناقص ہوتی ہے اس لیے بہتر ہے کہ آپ گھر پر مہندی بنائیں۔ چاہیں تو کون کی صورت میں بنائیں یا عرق کی صورت میں آپ کو اوپر دونوں طریقے بتا دیئے گئے ہیں۔ آج کل خواتین اپنے ہاتھوں اور پاؤں پر بہت خوبصورت ڈیزائن بناتی ہیں کہ دیکھتے ہی عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ لیکن بعض خواتین چاہتے ہوئے بھی اچھے ڈیزائن نہیں بنا پاتیں انہیں چاہیے کہ بازار سے مہندی کے ڈیزائن کے عنوان سے کتابیں خریدیں۔ ان کتابوں سے ڈیزائن دیکھ کر روزانہ پریکٹس کریں۔ آپ اپنی چھوٹی بہنوں کزنز یا پھر سہیلیوں کے ہاتھوں پر ڈیزائن بنائیں آپ کو خود بخود ڈیزائن بنانے آ جائیں گے۔ اگر آپ کے ہاتھ پاؤں پر خوبصورت ڈیزائن بنے ہوں گے تو آپ کے میک اپ پر چار چاند لگ جائیں گے۔

ناخن

عام طور پر خواتین اپنے ناخنوں کی صحت اور خوبصورتی سے متعلق فکر مند رہتی ہیں۔ اب خواتین ناخنوں کو صرف پالش کی تہہ سے ہی نہیں سجاتیں بلکہ روز مرہ استعمال میں باقاعدہ کریموں کا سہارا لیتی ہیں۔ خوبصورتی اور صحت کے جدید اصولوں کے مطابق ناخنوں کو اوپر سے نیچے تک بھرپور توجہ دی جاتی ہے۔ ناخنوں کی خوبصورتی سے متعلق خواتین کی دلچسپیاں اس لیے بھی بڑھ گئی ہیں کہ اس میدان میں خاصی ترقی بھی ہوئی ہے۔ کل جو مینی کیورسٹ تھا وہ آج نیل ٹیکنیشن کہلاتا ہے۔ جو ایسی مصنوعات استعمال کرتا ہے جیسے جسم کے دوسرے حصوں کو خوبصورت بنانے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ مصنوعات کے اس قدر وسیع خزانے سے انتخاب کرنا بھی انسانی عقل کا ایک امتحان ہے کیونکہ اکثر مصنوعات میں ایسے اجزاء شامل ہوتے ہیں جن سے ناخنوں کی سطح کے خشک ہونے کا‘ ان کے ٹوٹنے کا‘ اور الرجی کا انفیکشن ہونے کا بھی خطرہ ہو سکتا ہے۔ لہذا ضروری ہے کہ جب بھی آپ کا کوئی ناخن ٹوٹ جائے یا کوئی اور مسئلہ ناخن کے ساتھ ہو تو آپ کسی مینی کیورسٹ کی بجائے کسی ڈرماٹالوجسٹ کو دکھائیں۔ تمام ڈرماٹالوجسٹ حضرات کا کہنا ہے کہ کسی بھی مینی کیورسٹ کو اپنے اوزار ہر مرتبہ استعمال کے بعد تبدیل کر دینے چاہئیں یا کم از کم انہیں اچھے طریقے سے جراثیم کش ادویات سے دھو لینا چاہیے اس طرح بیکٹیریل انفیکشن کا خطرہ نہیں رہتا۔

چہرے کے بعد ہاتھ‘ پاؤں اور ناخن بھی آپ کی شخصیت کی خوبصورتی کو چار چاند لگانے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ لوگ شخصیت کی خوبصورتی کا اندازہ ہاتھ اور پاؤں سے بھی لگاتے ہیں۔ بعض خواتین ہاتھوں پر زیادہ توجہ نہیں دیتیں ہیں‘ ذرا سوچیے آپ کا جسم تو خوبصورت ہے‘ چہرہ بھی خوبصورت ہے لیکن آپ کے ہاتھوں کے ناخن کٹے پھٹے‘ بدنما اور بھدے ہوں تو آپ کو کیسا لگے گا۔ ہاتھ چونکہ ہر جگہ‘ ہر وقت دکھائی دیتے ہیں اس لیے ان کا خوبصورت ہونا بہت ضروری امر ہے۔ یہی بہتر ہے کہ اپنے سراپے کے ساتھ آپ اپنے ہاتھوں اور ناخنوں پر بھی توجہ دیں۔ ان کو خوبصورت اور خوش نما بنائیں۔

آپ بیوٹی پارلر جائے بغیر بھی ہاتھوں کو "مینی کیور" کے ذریعے خوبصورت بنا سکتی ہیں۔ سب سے پہلے آپ اپنے ہاتھوں کے ناخنوں کو ترتیب میں فائل کریں یعنی کناروں سے درمیان کی طرف اس طرح فائل کریں کہ درمیانی حصہ چوڑائی میں ابھرا ہوا لگے اور کنارے گھسے ہوئے نظر آئیں۔ اب آپ اپنے ہاتھوں کو صفائی کے لیے تیار کریں۔ ہینڈ باتھ لینے کے لیے آپ صابن ملے نیم گرم پانی میں ہاتھوں کو پانچ منٹ ڈبو دیں۔ یہ ہینڈ باتھ آپ کے ناخنوں اور جلد کو گہرائی تک صاف کر دے گا اور آپ کے کیوٹیکل کو بھی نرم کر دے گا۔ اب اورنج سٹک جو بازار میں آسانی سے مل جاتی ہے لے کر ناخنوں کے نیچے جمی میل صاف کریں۔ ناخن کے کناروں کی صفائی کے لیے گلاب کے پھول کی ڈنڈی بھی استعمال کر سکتی ہیں۔ ناخن کی جڑ سے بھی آہستگی سے گندگی نکال لیں۔ اس کے ساتھ ساتھ کناروں سے جلد کی فاضل کھال کے خلیات بھی نکال لیں لیکن اس طرح کہ ناخن کی جڑ کے مضبوط خلیوں کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ اب ناخنوں کو بف کرنے کا مرحلہ ہے۔ ان کو بفر سے ہلکا ہلکا رگڑیں تاکہ ان میں چمک پیدا ہو جائے بفر سے ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ ناخن ہموار ہو جاتے ہیں اور ان میں جو نشیب و فراز پہلے ہوتے ہیں وہ بھی ختم ہو جاتے ہیں۔ بفر کا استعمال بہت احتیاط سے کرنا چاہیے یعنی اس کو ایک ہی ڈائریکشن میں استعمال کرنا چاہیے۔

آپ کے ناخن کتنے ہی کمزور کیوں نہ ہو آپ انہیں مضبوط بنا سکتی ہیں۔ جب ناخن مضبوط ہو جائیں تو انہیں لمبا بھی کیا جا سکتا ہے۔

شکل اور بناوٹ کے لحاظ سے ہاتھوں کی مختلف اقسام ہیں۔ ناخنوں کی تراش خراش اور ان پر پالش لگاتے ہوئے ہاتھوں کی ہیئت اور انگلیوں کی بناوٹ کو مدنظر رکھنا چاہیے۔ ہاتھوں کی جو اقسام ماہرین نے بتائی ہیں وہ اس طرح ہیں۔ سُرخ ہاتھ، مستطیل ہاتھ، عضلاتی ہاتھ، مخروطی ہاتھ، ملا جلا ہاتھ۔

سُرخ ہاتھ

ایسے ہاتھوں کی رنگت سُرخی مائل ہوتی ہے۔ انگلیاں عضلات کی وجہ سے ابھری ہوئی مخروطی ہوتی ہیں۔ ایسا ہاتھ جن خواتین کا ہو انہیں چاہیے کہ وہ اپنے ناخنوں کو بیضوی انداز میں تراشیں اور بھورے رنگ کی پالش لگائیں۔

مستطیل ہاتھ

ایسے ہاتھ پر گوشت کم ہوتا ہے اور یہ اپنے نام کی طرح مستطیل شکل

کے ہوتے ہیں۔ ان میں انگلیاں لمبی، نازک باریک اور مخروطی ہوتی ہیں۔ ایسے ہاتھوں کے ناخن لمبے اور نوکدار ہوں تو خوبصورت نظر آتے ہیں۔ ان پر سرخ یا میرون رنگ کی نیل پالش اچھی لگتی ہے۔

عضلاتی ہاتھ

اس قسم کے ہاتھ کی انگلیاں چوڑی اور تقریباً ایک جیسی ہوتی ہیں۔ ناخن بھی چوڑے ہوتے ہیں۔ اس طرح کے ہاتھ کے ناخنوں کی تراش مخروطی ہونی چاہیے۔ ان پر ہلکی پنک رنگ کی نیل پالش لگانی چاہیے۔

مخروطی ہاتھ

اس ہاتھ کی انگلیاں گوشت سے بھری ہوتی ہیں۔ یہ عموماً لچکدار ہوتا ہے۔ اس کے نام کی طرح یہ مخروطی شکل کا ہوتا ہے۔ ایسے ہاتھ کو خوبصورت ہاتھ کہا جا سکتا ہے۔ ان ہاتھوں پر نوک دار اور بیضوی ناخن اچھے لگتے ہیں۔ ایسے ہاتھ پر گہرا پنک شیڈ بھلا لگتا ہے۔

ملا جلا ہاتھ

اس کی انگلیاں چوڑائی میں یکساں اور عضلات سے پُر ہوتی ہیں۔ ایسے ہاتھوں پر نوک دار ناخن اچھے لگتے ہیں۔ ان پر کریم کلر کی نیل پالش کرنی چاہیے۔

جاری ہے.......

عقل کی باتیں

☆ حرمتِ دین پر مٹنے والا ناقابل تسخیر ہوتا ہے۔
☆ زندگی وہ ہے، جسے تم جیسے چاہو گزار سکتے ہو۔
☆ علم کی مجلس جنت کا باغ ہے۔
☆ میٹھی زبان بے شمار دشمنوں سے بچاتی ہے۔
☆ راہ دور ہونے کی وجہ سے دعوت رد نہ کرو۔
☆ ماں کا سایہ اس درخت کی مانند ہے، جہاں اولاد کو ہر پل ٹھنڈک نصیب ہوتی ہے۔
☆ اہمیت دکھ کی نہیں ہوتی بلکہ دکھ دینے والے کی ہوتی ہے۔
☆ عظیم ہے وہ انسان، جو اپنی ذات کی بجائے دوسروں کو فائدہ پہنچانے کے بارے میں سوچتا رہتا ہے۔
☆ کتابوں کو زمین پر مت گرنے دو، یہ کتابیں ہی انسان کو آسمان پر لے جاتی ہیں۔
☆ دل کی آنکھ عبادت سے کھلتی ہے۔
☆ نفرت کو نفرت سے نہیں بلکہ محبت سے ختم کرو۔
☆ مسکراہٹ روح کا دروازہ کھول دیتی ہے۔
☆ جب دشمن پہ غلبہ پالو تو اسے معاف کر دو۔
☆ آنکھ والا وہ ہے جو اپنے آپ کو دیکھے۔

بوجھو تو جانیں

لگتا پہاڑ سا ہوں پنکھا سا کان میرا
ہے کون جو بتائے جلدی سے نام میرا

(ہاتھی)

حیرت انگیز اور دلچسپ

دنیا کا طویل ترین دریا

دنیا کا سب سے طویل دریا براعظم افریقہ میں واقع ہے۔ تاریخی دریائے نیل تنزانیہ اور یوگنڈا کی حدود میں واقع وکٹوریہ جھیل کی دھاروں سے نکل کر 4 ہزار ایک سو 45 میل (6671 کلو میٹر) کا سفر طے کرنے کے بعد شمال کی جانب بحیرہ روم میں جا گرتا ہے۔ چونکہ اس دریا کی گہرائی مختلف مقامات پر مختلف ہے اس لیے دریا کے صرف 2 ہزار میل حصے پر کشتیاں چلائی جاسکتی ہیں۔ دریائے نیل چار ملکوں روانڈا، یوگنڈا، سوڈان اور مصر سے گزرتا ہے اور ان ملکوں کی زراعت و معیشت کے لیے یہ دریا ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ دریائے نیل کا قیمتی پانی فصلوں کی آبپاشی کے علاوہ بجلی پیدا کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ مصر کے دو ڈیم اسوان اور اسوان ہائی ڈیم موسم برسات میں سیلابی پانی کو محفوظ کرتے ہیں۔ بعد میں یہ پانی ضرورت کے وقت استعمال کیا جاتا ہے۔

پیراشوٹ جمپ کا خواب

92 سالہ ہرب ٹیمز کسی حادثے میں اپنے گھٹنے تڑوا بیٹھے تھے اور اب مصنوعی گھٹنوں کے سہارے چلتے ہیں۔ علاوہ ازیں سماعت کی خرابی کی وجہ سے انہیں ہیئرنگ ایڈ کا بھی سہارا لینا پڑتا ہے۔ ان تمام تر مشکلات کے باوجود انہوں نے اپنا پہلا پیراشوٹ جمپ 1998 اس وقت مکمل کیا جب وہ کلیولینڈ، اوہایو کی فضا میں زمین سے ساڑھے تین ہزار فٹ کی بلندی پر ایک طیارے سے کودے تھے۔ 63 سال تک ہرب پائلٹ کے فرائض انجام دے چکے تھے اور پیراشوٹ باندھ کر جہاز سے کودنا ان کی زندگی کی ایک دیرینہ خواہش تھی جسے وہ اس وجہ سے پورا نہیں کر پا رہے تھے کہ ان کی بیوی نے یہ دھمکی دے رکھی تھی کہ جس دن وہ طیارے سے کودے، اسی دن وہ ان سے الگ ہو جائیں گی۔ تاہم 1996 میں جب ان کی بیگم کا انتقال ہو گیا تو انہیں آخرکار اپنے خواب میں حقیقت کا رنگ بھرنے کا موقع مل ہی گیا۔

پڑھنا منع ہے

اُف یہ رانگ نمبر

اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم پاکستانی قوم کافی حد تک زندہ دل قوم ہیں مگر ایک بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ ہم یوں تو اپنے بے حد مصروف ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں مگر رانگ نمبرز پر کافی وقت ضائع کرنے کو معیوب نہیں سمجھتے۔ درج ذیل چند موبائل کالز جو ہمیں گزشتہ ہفتے میں موصول ہوئیں، اس سے آپ ہماری قوم کی ''ذہنی صلاحیتوں'' کا بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں۔

''ہیلو! اسلام علیکم''

''وعلیکم السلام! آپ کون بول رہی ہیں؟''

''دیکھیں محترمہ! کال آپ نے کی ہے، آپ بتائیں کہ کس سے بات کرنی ہے؟''

جواب ملا۔ ''آپ سے۔''

''کیوں بھی؟'' ہماری آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔

''اس لیے کہ آپ کی آواز بڑی اپنی اپنی سی لگ رہی ہے!''

''ارے محترمہ آپ اپنے ہوش و حواس میں تو ہیں، میرا خیال ہے کہ ہم پہلی بار ہم کلام ہوئے ہیں۔''

''جی اصل میں میرا نام سدرہ ہے۔ میں فارغ تھی۔ سوچا کہ کوئی نمبر ملا لوں تو آپ کا نمبر مل گیا، آپ کی آواز سن کر دل باغ باغ ہو گیا کیونکہ!''

''کیا کیونکہ؟'' ہم نے اضطراب سے مجبور ہو کر جذباتی آواز نکالی۔ کیونکہ اس طرف ایک پراسرار خاموشی تھی۔ پھر ان کی ترساتی ہوئی آواز آئی۔ ''آپ کی آواز ہمارے منگیتر سے بے حد ملتی ہے، جو فرانس میں ہوتے ہیں۔''

''کیا...؟'' ہم 10 فٹ اچھلے۔ ''یعنی تمہیں ہماری کوئل جیسی آواز مردانہ لگتی ہے؟'' ہم گویا موبائل میں اس کی گردن تلاش کرنے لگے۔

''ہرگز نہیں!'' ادھر سے شوخ و چنچل آواز آئی۔ ''آپ کی آواز مردانہ نہیں بلکہ میرے ''ان'' کی آواز تھوڑی ''نسوانی'' ہے۔ آپ کی آواز سن کر سوچا کہ چلو دوری کا احساس کم ہو گیا۔''

..... اور ہم نے چہرے پر آئی خفت کو مٹا کر اللہ حافظ کہہ دیا۔

============

اسی طرح گزشتہ رات کو 10 بجے ایک بزرگ خاتون کی کال آ گئی۔

بولیں۔ ''بیٹی کیسی ہو؟''

ہم بیٹی کا لفظ سن کر فوراً نرم پڑ گئے۔ کیونکہ ماں چاہے کسی کی ہو اس کا دل سے احترام کرنا چاہیے۔ ہم نے پوچھا۔ ''آنٹی آپ نے کون سا نمبر ملایا ہے؟''

جواب ملا۔ ''بیٹے بیٹیاں سب اپنے اپنے گھر میں بچوں کے ساتھ مصروف ہیں کوئی مجھ سے بات نہیں کرتا۔ سوچا کہ چلو تنہائی دور کر لوں اور موبائل پر کوئی نمبر ملا کر اپنے دکھ درد سناؤں۔

ہنسنا منع ہے

امی (مونا سے): ''یہ کیا کر رہی ہو مونا؟ چولہے میں چینی کیوں ڈال رہی ہو؟''

مونا: ''آپ نے ہی تو کہا تھا کہ سالن کو میٹھی آنچ پر پکانا ہے۔''

☆☆☆

ایک صاحب پہلی بار ہوائی سفر کرنے کے لیے ایئر پورٹ پہنچے۔ رن وے پر ہوائی جہاز موجود تھا۔ سیڑھی لگائی جا چکی تھی، مسافر جہاز پر سوار ہونے کی اجازت کے منتظر تھے۔ وہ صاحب جلدی سے آگے بڑھے۔ سیڑھیوں پر قدم رکھا ہی تھا کہ ایئر ہوسٹس نے روکتے ہوئے کہا ''ویٹ پلیز!''

''ایک سو ساٹھ پونڈ، پچاس کلو پندرہ چھٹانک۔'' صاحب نے جلدی سے جواب دیا۔

☆☆☆

پہاڑی علاقے میں سیاحوں کی رہنمائی کرنے والے ایک گائیڈ نے سیاح سے کہا۔ ''جو شخص بھی اس راستے سے اس پہاڑ پر چڑھا وہ پھر واپس نہیں آیا۔''

سیاح نے گھبرا کر پوچھا۔ ''اوہ! پھر کہاں گیا؟''

گائیڈ نے اطمینان سے جواب دیا۔ ''دوسری طرف آسان راستہ ہے، وہاں سے اتر گیا۔''

============

ارشاد ارشاد

فریب حسن کھایا وہ بھی آغازِ محبت میں
جو حسرت ایک مدت سے تھی دل میں وہ کہاں نکلی
حقیقت کو چھپایا ہم سے کیا کیا اس کے میک اپ نے
جسے لیلیٰ سمجھ بیٹھے تھے وہ لیلیٰ کی ماں نکلی

============

فرقت کا اِک پہاڑ ہوں دل پر لیے ہوئے
چھاتی پہ کھاٹ، کھاٹ پہ بستر لیے ہوئے
سیلابِ اشک میں در و دیوار بہہ گئے
سر پر کھڑا ہوں دیکھئے چھپر لیے ہوئے

خالد ہندی جنتری 2008

نجومی و عملیاتی دنیا میں انقلابی پیش کش

سال 2008 کے لیے صفحہ اکٹرا بندل اور پیکٹ کے ہمراہ

برصغیر پاک و ہند میں علم نجوم کے دو سسٹم یونانی اور ہندی مروج ہیں۔ تاہم پاکستان میں ہندی حساب سے کوئی جنتری شائع نہیں ہوتی۔ ادارہ راہنمائے عملیات نے بخل کی اس روایت کو توڑتے ہوئے ''ہندی نجوم'' کے نام سے ایک گراں قدر کتاب شائع کی۔ یہ کتاب پاکستان کے پانچ اہم شہروں کی لگن سارنی اور ہندی حساب سے کواکب کی 20 سالہ رفتاریں لیے ہوئے ہے۔

اس کتاب کی اشاعت کے بعد ہندی نجوم کے لاتعداد شائقین کا پُرزور اصرار تھا کہ ہندی حساب سے بھی جنتری شائع کی جائے۔ تاکہ انڈیا سے آنے والی جنتریوں کے دست نگر ہونے سے بچا جاسکے۔ علاوہ ازیں اِن جنتریوں میں تمام کواکبی استخراجات انڈیا کے وقت کے مطابق ہوتے ہیں جو پاکستان کے لیے درست نہیں ہوتے اور یوں ہندی نجوم کے شائقین کو بے مقصد پریشانی اور مشکل سے گزرنا پڑتا ہے۔ ہندی نجوم کے طالبان کی اس خواہش کو پورا کرتے ہوئے اب ہندی حسابات پر مبنی ''خالد ہندی جنتری'' پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ شائع کی جارہی ہے۔ ہندی نجوم سے دلچسپی رکھنے والے آج ہی اپنی کاپی محفوظ کروالیں کیونکہ ''خالد ہندی جنتری'' محدود تعداد میں شائع کی جائے گی۔

(قیمت 100 روپے' صفحات 112 بڑا سائز)

راہنمائے عملیات کے قارئین کے لیے "مفت: ایک سوال کا جواب" کے عنوان سے ایک سلسلہ شروع کیا جارہا ہے۔ جس میں آپ کے سوالوں کے جواب جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کے شاگرد حافظ محمد فرخ جاوید اور محترم خالد اسحاق راٹھور صاحب کے فرزند عبدالباسط راٹھور دیں گے۔

شرائط

☆سوال مختصر جامع اور صاف ستھرا تحریر کریں۔ ☆ایک کوپن پر صرف ایک سوال پوچھا جاسکتا ہے۔ ☆یہ کوپن ماہ رواں کی 15 تاریخ تک موثر رہے گا۔ ☆سوال کا جواب بالترتیب ہر ماہ "راہنمائے عملیات" میں شائع ہوگا۔ اس کے لیے الگ سے جوابی لفافہ بھیجنے کی ضرورت نہیں۔ ☆شرائط پر پورا نہ اترنے والے سوال کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ ☆جن سوالوں اور امور کی فیس مقرر ہے وہ خدمات اس کوپن کے تحت نہیں آتیں۔

ٹوکن "مفت ایک سوال کا جواب"

صرف ماہ جنوری 2008 کے لیے

سوال ____________________

نام ________ نام والدہ ________

وقت' تاریخ اور مقام پیدائش ____________________

سوال تحریر کرنے کا وقت' تاریخ اور مقام ____________________

ایم رفیق' میر پور خاص۔

جواب: محترم! آپ نے زائچہ بنانے کا کہا ہے۔ زائچہ بنوانے کی فیس ہوتی ہے۔ ادارہ ہذا کے تحت مختلف طرح کے زائچہ جات بنائے جاتے ہیں۔ اس کے لیے یہ مناسب رہے گا کہ آپ خط کے ذریعے ادارہ کا پمفلٹ منگوالیں اور درکار زائچہ فیس بھجوا کر بنوالیں۔

محمد قیصر عالم' ملتان۔

جواب: آپ کے زائچہ کا نجومی جائزہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ کو فی الحال مستقل ویزہ ملنے کا امکان نہ ہے۔ اس کے لیے آپ کو انتظار کرنا پڑے گا۔

عسکری حسن' ملتان۔

جواب: مستقبل قریب میں آپ کو مفت کی دولت ملنے کا امکان نہ ہے۔ آپ اپنے آپ کو محنت پر آمادہ کریں کیونکہ زائچہ دولت کے حصول کے لیے محنت کو ظاہر کررہا ہے۔

اصغر' کراچی۔

جواب: آپ کے زائچہ کا نجومی جائزہ اس بات کو ظاہر کر رہا ہے کہ آپ کو ڈاکٹری علاج کے ساتھ ساتھ روحانی علاج بھی کروانا چاہیے۔ آپ ادارہ سے صحت یابی کے حوالے سے زعفرانی نقوش کا کورس منگوالیں۔

انعام خان' اسلام آباد۔

جواب: آپ نے کاروبار کے نہ چلنے کا ذکر کیا ہے۔ آپ کے زائچہ کا نجومی جائزہ یہ بتاتا ہے کہ آپ پر بندش کروائی گئی ہے۔ اس کے لیے یہ موزوں رہے گا کہ آپ اپنے لیے خصوصی لوح ردِ سحر بنوالیں۔

محمد حسین' خانیوال۔

جواب: آپ نے گھر میں برکت کے نہ ہونے کے بارے میں سوال کیا ہے۔ اس کے لیے آپ کے زائچہ کا نجومی جائزہ لیا گیا ہے جو یہ بتاتا ہے کہ آپ زحل کی نحوست کا شکار ہیں۔ اپنے لیے لوح زحل بنوالیں۔

شازیہ' ملتان۔

جواب: آپ نے خاوند کی بدمزاجی کے حوالے سے سوال کیا ہے۔ زائچہ کا نجومی جائزہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ حاسدین کی بدنظری کا شکار ہیں۔ آپ اپنے لیے خصوصی لوح ردِ نظر بنوالیں تاکہ آپ کے مسائل کا حل آپ کو مل جائے۔

آصف' لاہور۔

جواب: آپ نے حالات کی تبدیلی کے حوالے سے سوال کیا ہے۔ محترم آپ ساڑھ ستی کے آخری حصہ سے گزر رہے ہیں۔ جو کہ 2009 میں ختم ہوگا۔ اس کے بعد آپ کو آسودگی ملنا شروع ہوجائے گی۔

کاشف' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

جواب: آپ نے اپنی پڑھائی کے متعلق سوال کیا ہے۔ آپ کے زائچہ کا نجومی جائزہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ کو لوح عطارد کی ضرورت ہے کو کہ آپ کے پڑھائی کے کاموں میں بہت معاون و مددگار ثابت ہوگی۔

شمیم' خان پور۔

جواب: آپ نے اپنی صحت کے متعلق سوال کیا ہے۔ آپ کے زائچہ کا نجومی جائزہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ کو لوح صحت کی ضرورت ہے۔ اس کے استعمال سے آپ جلد صحت یابی حاصل کرلیں گی۔

رضیہ' قصور۔

جواب: آپ نے شادی کے حوالے سے سوال کیا ہے۔ محترمہ آپ کے زائچے کا نجومی جائزہ اس بات کو ظاہر کررہا ہے کہ ابھی آپ کی شادی میں دیر ہے۔ سال 2009 آپ کے لیے اس حوالے سے اچھی خبر لے کر آرہا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

1500 کا آکڑہ نکالنا

معصوم علی

پیارے قارئین راہنمائے عملیات ، خالد روحانی جنتری اور خالد ہندی جنتری کو سلام۔ اس مرتبہ ایک کرنٹ چلتی روٹین لے کر آپ لوگوں کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ یقیناً اُسے آپ لوگ پسند کریں گے۔ لیکن اس کے لیے آپ کو انتظار کرنا پڑے گا۔ کیونکہ یہ روٹین سال کے 4th ڈرا سے 4th ڈرا پر چلتی ہے۔ یعنی ہر سال یکم نومبر کو 7500 والا ڈرا 15 نومبر والے 1500 کے ڈرا کو آکڑہ دے کر جاتا ہے۔

یہ روٹین تقریباً گذشتہ سات سال سے کامیابی سے چل رہی ہے۔

کلیہ اس کا یہ ہے کہ 7500 والے ڈرا کے 4th ڈرا کا پورا بروکن نمبر لیں اس کے بعد 1500 والے کا 4th ڈرا ان اعداد میں سے پورا آکڑہ اور بعض اوقات بنڈل بھی لے لیتا ہے۔ لیکن بروکن اعداد میں ہمیں چھ اعداد ملتے ہیں۔ جن کو ہمیں ترتیب دینے میں مشکل پیش آتی ہے کہ ان میں صفحہ، کلوز اور سنٹر کو کیسے باہر نکالیں۔

پیارے قارئین اس مقصد کے لیے آپ ہمارے ادارے کی اس موضوع پر لکھی کتب ''نمبر ہی نمبر''، ''صفحہ، آکڑہ اور بنڈل''، ''قسمت اور انعام''، ''بانڈ ریس اور لاٹری کی نمبرز'' سے راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہمارے ماہنامہ رسالہ راہنمائے عملیات میں بھی متعلقہ مہینے کے ڈرا کے لیے ستاروں کی مدد سے راہنمائی کی جاتی ہے۔

مثال نمبر 1- یکم نومبر 2001ء کو ملتان نے 7500 کے 8th ڈرا پر پہلا نمبر لگایا: 818422۔

کلیہ کے مطابق عدد لیں	818422	
حاصلہ اعداد	4	8
	2	1

اس کے بعد 15 نومبر 2001ء کو فیصل آباد نے 1500 کے 8th ڈرا پر پہلا نمبر لگایا: 247068۔

حاصلہ اعداد میں سے 24 کا آکڑہ فرسٹ آیا۔

مثال نمبر 2- یکم نومبر 2002ء کو سیالکوٹ نے 7500 کے 12th ڈرا پر پہلا نمبر لگایا: 319716۔

کلیہ کے مطابق عدد لیں	319716		
حاصلہ اعداد	9	1	3
		6	7

اس کے بعد 15 نومبر 2002 کو گوجرانوالہ نے 1500 کے 12th ڈرا پر پہلا نمبر لگایا: 738580۔

حاصلہ اعداد میں سے 73 کا آکڑہ فرسٹ آیا۔

مثال نمبر 3- یکم نومبر 2005 کو کراچی نے 7500 کے 24th ڈرا پر پہلا نمبر لگایا: 894396۔

کلیہ کے مطابق عدد لیں	894396	
حاصلہ اعداد	3	8
	6	9
		4

اس کے بعد سیالکوٹ نے 1500 کے 12th ڈرا پر پہلا نمبر لگایا: 345439۔

حاصلہ اعداد میں سے 34 کا آکڑہ فرسٹ آیا۔

مثال نمبر 4- یکم نومبر 2006 کو فیصل آباد نے 7500 کے 28th ڈرا پر پہلا نمبر لگایا: 412929۔

کلیہ کے مطابق عدد لیں	412929	
حاصلہ اعداد	1	4
	9	2

اس کے بعد سکھر نے 15 نومبر 2006 کو 1500 کے 28th ڈرا پر پہلا نمبر لگایا: 912108۔

حاصلہ اعداد میں سے 912 کا پورا بنڈل آیا۔

مثال نمبر 5- یکم نومبر 2007 کو سکھر نے 7500 کے 32nd ڈرا پر پہلا نمبر لگایا: 098471۔

کلیہ کے مطابق عدد لیں	098471		
حاصلہ اعداد	8	9	0
	1	7	4

اس کے بعد فیصل آباد نے 1500 کے 23rd ڈرا پر پہلا نمبر لگایا: 982700۔

حاصلہ اعداد میں سے 98 کا آکڑہ فرسٹ آیا۔

خالد روحانی جنتری......جنوری ۲۰۰۸/ ذی الحجہ ۱۴۲۸/ پوہ ۲۰۶۴

ماہانہ تقویم					سعد نحس دن	روز نمبر	لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	جنوری	ذوالحج	پوہ	جدی			طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
منگل	۱	۲۱	۱۷	۱۱	ن	۳	۰۷/۰۲	۱۷/۱۰	۰۷/۱۹	۱۷/۵۲	۰۷/۱۹	۱۷/۱۶	۰۷/۲۹	۱۷/۴۳	۰۷/۱۲	۱۷/۱۱	۰۷/۱۱	۱۷/۲۶
بدھ	۲	۲۲	۱۸	۱۲	س	۴	۰۷/۰۲	۱۷/۱۱	۰۷/۱۹	۱۷/۵۳	۰۷/۱۹	۱۷/۱۶	۰۷/۲۹	۱۷/۴۴	۰۷/۱۲	۱۷/۱۲	۰۷/۱۱	۱۷/۲۶
جمعرات	۳	۲۳	۱۹	۱۳	س	۵	۰۷/۰۳	۱۷/۱۲	۰۷/۱۹	۱۷/۵۴	۰۷/۲۰	۱۷/۱۷	۰۷/۲۹	۱۷/۴۵	۰۷/۱۲	۱۷/۱۲	۰۷/۱۱	۱۷/۲۷
جمعہ	۴	۲۴	۲۰	۱۴	س	۶	۰۷/۰۳	۱۷/۱۳	۰۷/۲۰	۱۷/۵۴	۰۷/۲۰	۱۷/۱۸	۰۷/۲۹	۱۷/۴۵	۰۷/۱۲	۱۷/۱۳	۰۷/۱۲	۱۷/۲۸
ہفتہ	۵	۲۵	۲۱	۱۵	ن	۷	۰۷/۰۳	۱۷/۱۳	۰۷/۲۰	۱۷/۵۵	۰۷/۲۰	۱۷/۱۹	۰۷/۳۰	۱۷/۴۶	۰۷/۱۲	۱۷/۱۴	۰۷/۱۲	۱۷/۲۹
اتوار	۶	۲۶	۲۲	۱۶	س	۸	۰۷/۰۳	۱۷/۱۴	۰۷/۲۰	۱۷/۵۶	۰۷/۲۰	۱۷/۲۰	۰۷/۳۰	۱۷/۴۷	۰۷/۱۲	۱۷/۱۵	۰۷/۱۲	۱۷/۲۹
پیر	۷	۲۷	۲۳	۱۷	س	۹	۰۷/۰۳	۱۷/۱۵	۰۷/۲۰	۱۷/۵۶	۰۷/۲۰	۱۷/۲۰	۰۷/۳۰	۱۷/۴۸	۰۷/۱۲	۱۷/۱۶	۰۷/۱۲	۱۷/۳۰
منگل	۸	۲۸	۲۴	۱۸	ن	۰	۰۷/۰۳	۱۷/۱۶	۰۷/۲۰	۱۷/۵۷	۰۷/۲۰	۱۷/۲۱	۰۷/۳۰	۱۷/۴۸	۰۷/۱۲	۱۷/۱۶	۰۷/۱۲	۱۷/۳۱
بدھ	۹	۲۹	۲۵	۱۹	س	۱	۰۷/۰۳	۱۷/۱۷	۰۷/۲۰	۱۷/۵۸	۰۷/۲۰	۱۷/۲۲	۰۷/۳۰	۱۷/۴۹	۰۷/۱۲	۱۷/۱۷	۰۷/۱۲	۱۷/۳۲
جمعرات	۱۰	محرم	۲۶	۲۰	س	۲	۰۷/۰۳	۱۷/۱۷	۰۷/۲۰	۱۷/۵۹	۰۷/۲۰	۱۷/۲۳	۰۷/۳۰	۱۷/۵۰	۰۷/۱۲	۱۷/۱۸	۰۷/۱۲	۱۷/۳۳
جمعہ	۱۱	۲	۲۷	۲۱	س	۳	۰۷/۰۳	۱۷/۱۸	۰۷/۲۰	۱۷/۵۹	۰۷/۲۰	۱۷/۲۴	۰۷/۳۰	۱۷/۵۱	۰۷/۱۲	۱۷/۱۹	۰۷/۱۲	۱۷/۳۳
ہفتہ	۱۲	۳	۲۸	۲۲	ن	۴	۰۷/۰۳	۱۷/۱۹	۰۷/۲۰	۱۸/۰۰	۰۷/۲۰	۱۷/۲۵	۰۷/۳۰	۱۷/۵۲	۰۷/۱۲	۱۷/۲۰	۰۷/۱۲	۱۷/۳۴
اتوار	۱۳	۴	۲۹	۲۳	س	۵	۰۷/۰۳	۱۷/۲۰	۰۷/۲۰	۱۸/۰۱	۰۷/۲۰	۱۷/۲۶	۰۷/۳۰	۱۷/۵۲	۰۷/۱۲	۱۷/۲۱	۰۷/۱۲	۱۷/۳۵
پیر	۱۴	۵	ماگھ	۲۴	ن	۶	۰۷/۰۳	۱۷/۲۱	۰۷/۲۰	۱۸/۰۲	۰۷/۱۹	۱۷/۲۷	۰۷/۳۰	۱۷/۵۳	۰۷/۱۲	۱۷/۲۲	۰۷/۱۲	۱۷/۳۶
منگل	۱۵	۶	۲	۲۵	س	۷	۰۷/۰۳	۱۷/۲۲	۰۷/۲۰	۱۸/۰۲	۰۷/۱۹	۱۷/۲۸	۰۷/۲۹	۱۷/۵۴	۰۷/۱۲	۱۷/۲۳	۰۷/۱۲	۱۷/۳۷
بدھ	۱۶	۷	۳	۲۶	س	۸	۰۷/۰۲	۱۷/۲۳	۰۷/۲۰	۱۸/۰۳	۰۷/۱۹	۱۷/۲۸	۰۷/۲۹	۱۷/۵۵	۰۷/۱۲	۱۷/۲۴	۰۷/۱۲	۱۷/۳۸
جمعرات	۱۷	۸	۴	۲۷	س	۹	۰۷/۰۲	۱۷/۲۴	۰۷/۲۰	۱۸/۰۴	۰۷/۱۹	۱۷/۲۹	۰۷/۲۹	۱۷/۵۶	۰۷/۱۱	۱۷/۲۵	۰۷/۱۲	۱۷/۳۸
جمعہ	۱۸	۹	۵	۲۸	ن	۰	۰۷/۰۲	۱۷/۲۴	۰۷/۲۰	۱۸/۰۵	۰۷/۱۸	۱۷/۳۰	۰۷/۲۹	۱۷/۵۷	۰۷/۱۱	۱۷/۲۵	۰۷/۱۱	۱۷/۳۹
ہفتہ	۱۹	۱۰	۶	۲۹	س	۱	۰۷/۰۲	۱۷/۲۵	۰۷/۲۰	۱۸/۰۵	۰۷/۱۸	۱۷/۳۱	۰۷/۲۹	۱۷/۵۸	۰۷/۱۱	۱۷/۲۶	۰۷/۱۱	۱۷/۴۰
اتوار	۲۰	۱۱	۷	دلو	س	۲	۰۷/۰۱	۱۷/۲۶	۰۷/۲۰	۱۸/۰۶	۰۷/۱۸	۱۷/۳۲	۰۷/۲۸	۱۷/۵۸	۰۷/۱۰	۱۷/۲۷	۰۷/۱۱	۱۷/۴۱
پیر	۲۱	۱۲	۸	۲	س	۳	۰۷/۰۱	۱۷/۲۷	۰۷/۲۰	۱۸/۰۷	۰۷/۱۷	۱۷/۳۳	۰۷/۲۸	۱۷/۵۹	۰۷/۱۰	۱۷/۲۸	۰۷/۱۱	۱۷/۴۲
منگل	۲۲	۱۳	۹	۳	ن	۴	۰۷/۰۱	۱۷/۲۸	۰۷/۱۹	۱۸/۰۸	۰۷/۱۷	۱۷/۳۴	۰۷/۲۸	۱۸/۰۰	۰۷/۱۰	۱۷/۲۹	۰۷/۱۰	۱۷/۴۳
بدھ	۲۳	۱۴	۱۰	۴	س	۵	۰۷/۰۰	۱۷/۲۹	۰۷/۱۹	۱۸/۰۸	۰۷/۱۶	۱۷/۳۵	۰۷/۲۷	۱۸/۰۱	۰۷/۰۹	۱۷/۳۰	۰۷/۱۰	۱۷/۴۴
جمعرات	۲۴	۱۵	۱۱	۵	س	۶	۰۷/۰۰	۱۷/۳۰	۰۷/۱۹	۱۸/۰۹	۰۷/۱۶	۱۷/۳۶	۰۷/۲۷	۱۸/۰۲	۰۷/۰۹	۱۷/۳۱	۰۷/۱۰	۱۷/۴۴
جمعہ	۲۵	۱۶	۱۲	۶	ن	۷	۰۶/۵۹	۱۷/۳۱	۰۷/۱۹	۱۸/۱۰	۰۷/۱۵	۱۷/۳۷	۰۷/۲۷	۱۸/۰۳	۰۷/۰۸	۱۷/۳۲	۰۷/۰۹	۱۷/۴۵
ہفتہ	۲۶	۱۷	۱۳	۷	س	۸	۰۶/۵۹	۱۷/۳۲	۰۷/۱۸	۱۸/۱۱	۰۷/۱۵	۱۷/۳۸	۰۷/۲۶	۱۸/۰۴	۰۷/۰۸	۱۷/۳۳	۰۷/۰۹	۱۷/۴۶
اتوار	۲۷	۱۸	۱۴	۸	س	۹	۰۶/۵۹	۱۷/۳۳	۰۷/۱۸	۱۸/۱۲	۰۷/۱۴	۱۷/۳۹	۰۷/۲۶	۱۸/۰۵	۰۷/۰۷	۱۷/۳۴	۰۷/۰۸	۱۷/۴۷
پیر	۲۸	۱۹	۱۵	۹	س	۰	۰۶/۵۸	۱۷/۳۴	۰۷/۱۸	۱۸/۱۲	۰۷/۱۴	۱۷/۴۰	۰۷/۲۵	۱۸/۰۵	۰۷/۰۷	۱۷/۳۵	۰۷/۰۸	۱۷/۴۸
منگل	۲۹	۲۰	۱۶	۱۰	س	۱	۰۶/۵۷	۱۷/۳۴	۰۷/۱۷	۱۸/۱۳	۰۷/۱۳	۱۷/۴۱	۰۷/۲۵	۱۸/۰۶	۰۷/۰۶	۱۷/۳۶	۰۷/۰۷	۱۷/۴۹
بدھ	۳۰	۲۱	۱۷	۱۱	ن	۲	۰۶/۵۷	۱۷/۳۵	۰۷/۱۷	۱۸/۱۴	۰۷/۱۲	۱۷/۴۲	۰۷/۲۴	۱۸/۰۷	۰۷/۰۶	۱۷/۳۷	۰۷/۰۷	۱۷/۵۰
جمعرات	۳۱	۲۲	۱۸	۱۲	س	۳	۰۶/۵۶	۱۷/۳۶	۰۷/۱۶	۱۸/۱۵	۰۷/۱۲	۱۷/۴۳	۰۷/۲۴	۱۸/۰۸	۰۷/۰۵	۱۷/۳۸	۰۷/۰۶	۱۷/۵۱

بانڈ نمبرز

01-01-2008	771	571	309	049	471	480
15-01-2008	854	639	045	041	539	353

کتب راٹھور پبلشرز

السحر العجیب فی جلب الحبیب

حصہ سوم

جلد شائع ہو رہا ہے

خصوصی اعلان

کتاب	قیمت
راہنمائے عملیات (ماھنامہ)	30روپے
خالد روحانی جنتری	125روپے
خالد ہندی جنتری	100روپے
Far-zoq(English quaterly)	50روپے
عملیات اسمائے ربی	250روپے
روحانی مشورے (ترمیم شدہ)	80روپے
علم الحروف	100روپے
راہنمائے عملیات (ترمیم شدہ)	100روپے
قاموس جفر	
جفر جامع	
راہنمائے تل شناسی	60روپے
اسباق دست شناسی	60روپے
مکمل پامسٹری	
راہنمائے دست شناسی	(زیر طبع)
آسٹرو پامسٹری	
ساعات حقیقی	90 روپے
خزینہ اعداد (ترمیم شدہ)	75روپے
علم اعداد حقیقی	
خالد نجوم	
راہنمائے علم نجوم (حصہ اول)	100روپے
راہنمائے علم نجوم (حصہ دوم)	(زیر طبع)
ملکی نجوم	
مفتاح الرموز واسرار الکنوز	100روپے
ازدواجی نجوم	
طبی نجوم	(زیر طبع)
۱۰ سالہ جنتری ۲۰۰۰ تا ۲۰۱۰	115روپے
عملیات قرآن	(زیر طبع)
پاکستان کا مستقبل	
آسان عملیات	(زیر طبع)
السحر الاحمر	75روپے
خالد جامع العلوم مخفی	

کتاب	قیمت
تاش کے ۵۲ کارڈ	
خالد رمل	
طلسمی [illegible]	
[illegible]ی جواہرات	(زیر طبع)
مراقبہ	(زیر طبع)
خوابوں کی تعبیر	
طلسمات زہرہ (عملیات تسخیر)	80روپے
پامسٹری، جنس اور ہماری نفسیات	(زیر طبع)
مستھلہ قادر الکلام	75روپے
ہندی نجوم (بمعہ لگن سارنی و ۲۰ سالہ ہندی جنتری)	110روپے
بانڈ ریلیس اور لاٹری کے نمبر (ترمیم شدہ)	130روپے
السحر العجیب فی جلب الحبیب	100روپے
اقوال المرضیۃ فی معرفۃ الاعمال الرملیۃ	55روپے
سحر بار نوخ	75روپے
کتب ابن عربی	(زیر طبع)
مجربات خالد	80روپے
تسخیر موکلات وحاضرات	75روپے
اصول وقواعد عملیات	300روپے
الاسما الحسنی	(زیر طبع)
پاراشرا سسٹم آف اسٹرالوجی	(زیر طبع)
ذائقے	100روپے
آپ کا برج	150روپے
نمبر ہی نمبر	150روپے
قسمت اور چانس	150روپے
صفحہ اکثر اور بنڈل	150روپے

طلسمات زہرہ

محبت کے متوالوں کے لیے ایک نایاب کتاب۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ ان ابواب پر مشتمل ہے جو خالد اسحاق راٹھور نے محبت' تسخیر' شادی' اتفاق' تفریق' الفت وغیرہ جیسے امور پر تحریر کئے ہیں۔ جبکہ دوسرا حصہ محبت اور تسخیر کے موضوع پر ایک عربی کتاب کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ اپنے نفس مضمون کے اعتبار سے یہ کتاب محبت و تسخیر کے حوالے سے آپ کے ہر مسئلے کا حل لیے ہوئے ہے۔ ایک جامع اور آسان فہم کتاب۔

ہندی نجوم

بمعہ جدید ہندی لگن سارنی اور 20 سالہ کوابی تقویم

ہندوں کو نجوم کے حوالے سے خاص شہرت حاصل ہے۔ اپنی قدامت اور پراسرایت کی وجہ سے بھی ہندی نجوم کو اہم خیال کیا جاتا ہے۔ اب اس موضوع پر ایک ایسی کتاب تحریر کر دی گئی ہے۔ جو ہندی نجوم کے متفرق پہلوؤں کا انتہائی خوبصورتی اور تکنیکی حوالے سے احاطہ کرتی ہے۔ ہر وہ فرد جو ہندی نجوم کو سمجھنے کا خواہش مند ہے وہ اس کتاب سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

ہندی نجوم کے موضوع پر اردو زبان میں کبھی بھی اس قدر جامع اور اعلی پائے کی کتاب تحریر نہیں کی گئی ہے۔ کتاب میں پاکستان کے اہم شہروں کی ہندی حساب سے تسویۃ البیوت (لگن سارنی) دی گئی ہے۔ ہندی حساب سے لگن سارنی آج کی تاریخ تک پوری دنیا میں دستیاب نہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہندی حساب سے 20 سال کی کوابی رفتاریں بھی اس کتاب میں شامل ہیں۔ خیال رہے لگن سارنی اور ستاروں کی پوزیشن ہندی حساب سے استخراج کی گئی ہے اور آپ کو اس میں کچھ بھی تفریق نہ کرنا پڑے گا

تسخیر موکلات وحاضرات

تسخیر موکلات وحاضرات کا موضوع علوم مخفی کے ہر شائق کے لیے کسی نہ کسی طرح کی دلچسپی لیے ہوئے ہے۔ تاہم تسخیر موکلات وحاضرات میں قدم رکھنے سے پہلے اس منزل کو سر کرنے کے لیے جس خصوصی راہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ اس علم کے طالبان کو نہیں ملتی۔ یہ کتاب جہاں قاری کی درست رہنمائی کا باعث ہو گی وہاں یہ خالد اسحاق راٹھور کے تسخیر موکلات' حاضرات' جنات وغیرہ کے موضوع پر مستند اعمال لیے ہوئے ہے۔ اس موضوع پر کوئی بھی عمل کرنے سے پہلے آپ اس کتاب سے حقیقی راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

مفتاح الرموز واسرار الکنوز

''مفتاح الرموز واسرار الکنوز'' علم جفر کی ایک قدیم کتاب ہے۔ راٹھور پبلشرز نے اس کا اردو ترجمہ کر کے شائع کیا ہے۔ تمام عربی عبارت کے ساتھ اعراب لگا دیے گئے ہیں تا کہ غلطی کا احتمال نہ رہے۔

بقول مصنف یہ کتاب علم الجفر اور اعداد کے مخفی خزانوں میں سے ایک ہے جسے جابر بن حیان نے مدلل اور مختصر صورت میں امام جعفر سے نقل کیا ہے۔ امام صاحب نے اس میں اٹھائیس حروف تہجی' متعلقات' مراتب' ایام' املاک اور خاص طور پر امہات الجامعہ کا ذکر کیا ہے جو کہ علم ہذا کا منبع ہے۔ مختصر بات یہ ہے کہ علم جفر کے موضوع پر اس کے مقابلے کی کتاب آپ کو اردو زبان میں نہ ملے گی۔ یہ ہمارا دعوی ہے۔

عملیات اسمائے ربی

کتاب اس حوالے سے خاص طور پر ممتاز ہے کہ پہلی دفعہ اسمائے الحسنٰی کے روحانی اثرات کے ساتھ ساتھ ضروری نقوش و دیگر اُمور کو کھول کر بیان کر دیا گیا ہے۔ تا کہ ہر مسلمان اِن اسماء کے روحانی وعملیاتی خواص سے فائدہ اُٹھا سکے۔ یہ کتاب چار سو صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں کم وبیش 300 نقوش دیے گئے ہیں۔ جن سے ہر فرد فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔

آپ کا برج

وہ لوگ جو یہ جاننے کے خواہش مند ہیں کہ اِن کا برج کون سا ہے اور اِن کے برج کی خصوصیات کیا ہیں اور اِن کے بروج سے دوسرے بروج کے لوگوں سے تعلقات کیسے ہوں یا اِن کے بروج سے خوش قسمتی کے کون کون سے متفرق اُمور منسلک ہیں ان کی مکمل راہنمائی یہ اکیلی کتاب کر سکتی ہے۔ ایک جامع اور اپنے موضوع پر بہترین کتاب جو ہر فرد چھوٹے بڑے' عورت' مرد' بچے سب کی دلچسپی کی حامل ہے۔

اُصول وقواعد عملیات

عامل بننے کے خواہش مندوں اور عملیات کے مختلف شعبوں اور لاتعداد سوالات کے جوابات لیے ایک لاجواب کتاب اس کتاب کے موضوعات کے بارے میں مکمل تفصیل کے لیے کئی ایک صفحات درکار ہوں گے۔ اس لیے اِن کا یہاں ذکر ممکن نہیں۔ مختصر طور پر یہ سمجھ لیں یہ کتاب اُن تمام سوالات کے جوابات لیے ہوئے ہے۔ جو روحانی اور عملیاتی علوم کے کسی بھی طالب کے ذہن میں پیدا ہو سکتے ہیں۔ عملیات کے اُصول و قواعد پر ایک ایسی لاجواب کتاب جو اس سے قبل آپ کی نظروں سے نہ گزری ہو گی۔ مصنف خالد اسحاق راٹھور کے خاص عملیات اور راہنمائی اس کتاب کا خاصہ ہے۔

نمبر ہی نمبر

وہ لوگ جو نمبروں کے شائق ہیں اِن کے لیے انعامی بانڈوں کے آسان فارموں اور روٹینوں پر ایک آسان اور دلچسپ کتاب۔ اس میں 2007 اور دسمبر 2008 تک کے نمبر استخراج کر دیئے گئے ہیں۔ نمبر نکالنے کی بہترین روٹینیں اس کتاب میں شامل ہیں پس ضرور پڑھیں۔

یہ کتاب اس حوالے سے بہت اہم ہے کہ اس میں نمبر نکالنے' اعداد کی دوستی دشمنی' اعداد کی باقی' مثبت' منفی طاقت کے ساتھ سے ہر قرعہ اندازی کی روٹین دی گئی ہے اور مثالوں سے روٹینوں کو سمجھا بھی دیا گیا ہے۔ دسمبر 2008 تک کی جادوائی ڈبی ہر قرعہ اندازی کے لیے الگ سے دی گئی ہے۔

قسمت اور چانس

انعامی نمبروں کے موضوع پر بیرون ملک شائع ہونے والی ایک خاص کتاب کا ترجمہ کر کے شائع کیا گیا ہے' یہ کتاب ذاتی لکی کیلنڈر بنانے اور ذاتی حوالے سے انعام لے حصول کے لیے خاص اوقات' یعنی جس وقت انعام نکلنے کا زیادہ امکان ہو' ذاتی لکی نمبر' نام کا عدد اور تاریخ وغیرہ کا نمبر معلوم کرنے کے حوالے سے ایک خاص کتاب' جس کو لکی' انعامی اور بانڈ نمبروں سے دلچسپی رکھنے والے ہر فرد کو لازماً پڑھنا اور استعمال میں لانا چاہیے۔ ستمبر 2007 تا اگست 2008 تک استخراج شدہ اکڑے' بنڈل اور خاص ڈبی کے ہمراہ اس کتاب میں ایک اہم فارمولا تحریر کیا گیا ہے جس کی مدد سے کوئی بھی فرد اپنی خوش قسمتی کا نمبر' دن اور وقت وغیرہ کو خود معلوم کر سکتا ہے۔

صفحہ' اکڑا اور بنڈل

وہ جو خود نمبر بنانے کے خواہش مند ہوں یا بنے بنائے نمبروں کو ترجیح دیں دونوں قسم کے لوگوں کے لیے یہ کتاب حد درجہ مفید ہے نمبر نکالنا' صفحہ' اکڑا' پیکٹ اور بنڈل وغیرہ کس طرح بنے گا' کیا ہوگا' کیا نہیں ہوگا' اس طرح کے لاتعداد امور کی وضاحت آپ کو اس کتاب میں ملیں گی۔ علم نجوم کے ایک خاص پہلو یعنی نظرات کی بنیاد پر تیار کی گئی ایک ایسے کتاب جس سے فائدہ اٹھانا حد درجہ آسان ہے کیونکہ ہر بننے والی نظر کے ساتھ متوقع نمبر کا استخراج کر دیا گیا ہے۔ ایک لاجواب کتاب۔

اس کتاب میں ایک خاص طریقہ کار اس طرح بیان کیا گیا ہے' جس پر عمل کرتے ہوئے ہر فرد چند منٹوں میں صفحہ' اکڑا اور بنڈل نمبر نکال سکتا ہے۔ حل شدہ نظرات کواکب کے تحت لمحہ بہ لمحہ تبدیل ہوتی نظرات کے تحت دیئے گئے نمبروں سے آپ کسی بھی وقت اور دن کا اکڑا ایک منٹ میں خود بھی نکال سکتے ہیں۔

وہ جو دن میں ہونے والی مختلف قرعہ اندازیوں وغیرہ میں حصہ لیتے ہیں اور کسی بھی خاص وقت کا نمبر معلوم کرنے کے خواہش مند ہوتے ہیں وہ بھی اس کتاب کی مدد سے چند منٹوں میں خود کسی بھی وقت کا نمبر استخراج کر سکتے ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ آنے والے مہینوں کے ہر دن کے الگ الگ متوقع نمبر استخراج کر دیے گئے ہیں تا کہ ہر فرد بالا کسی محنت ان سے فائدہ اٹھا سکے۔

خالد اسحٰق راٹھور روحانیت، نجوم، عملیات اور ایسے دوسرے قدیم، پوشیدہ اور آفاقی ذہانت کے علوم کو توہم پرستی کے لبادے سے نکال کر جدید سائنسی انداز میں متعارف کروانے کے لیے ایک طویل عرصے سے علومِ مخفی کی ترویج و اشاعت میں مصروف ہیں۔ ہر گزرتے دن کے ساتھ ہر جہت میں ایک نئی شمع روشن کرنے کی جدوجہد میں عوام الناس کے لیے کئی ایک خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ذیل میں اِن میں سے چند کو بیان کیا گیا ہے۔

راہنمائے عملیات علومِ مخفی کی حقیقی، درست اور آسان فہم تعلیم اور معلومات کے لیے ہر ماہ ''راہنمائے عملیات'' شائع کیا جاتا ہے۔ اس میں علومِ مخفی کی تمام شاخوں پر درست ترین مواد شامل ہوتا ہے۔ ہر گھر کی ضرورت۔

خالد روحانی جنتری عام لوگ ہوں یا پیشہ ور نجومی و عامل، ہر فرد اور گھر کی سال بھر کی روحانی، عملیاتی اور نجومی ضروریات کی تکمیل کے لیے درست ترین اور سب سے پہلے شائع ہونے والی ''خالد روحانی جنتری'' ہر سال شائع کی جاتی ہے۔

خالد ہندی جنتری پاکستان میں شائع ہونے والی واحد جنتری جو ہندی (نریانہ) نجومی حساب کے مطابق تیار کی جاتی ہے۔ اس میں دیا گیا تمام مواد یعنی سالانہ حالات اور دیگر تکنیکی معلومات ہندی حساب سے پاکستان کے وقت کے مطابق دی جاتی ہیں۔

Far-Zoq یہ انگریزی زبان میں مخفی علوم پر ایک سہ ماہی جریدہ ہے جو ملکی سطح پر اپنی نوعیت کی واحد مثال ہے۔

خالد روحانی لائبریری علومِ مخفی کے شائقین کو قدیم و نایاب اردو، انگریزی، عربی اور فارسی کتب اس کے تحت فراہم کی جاتی ہیں۔ اس وقت 300 سے زائد نایاب اور قدیمی کتب و رسائل دستیاب ہیں۔

خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنز علومِ مخفی کی تعلیم کا ایک با قاعدہ ادارہ جس کے تحت نجوم، پامسٹری، جفر، ساعات، عملیات، اعداد اور دیگر موضوعات پر کورسز کروائے جاتے ہیں۔

راٹھور پبلشرز علومِ مخفی پر متفرق کتاب کی اشاعت کا ایک عظیم منصوبہ، جس کے تحت کئی کتب شائع ہو چکی ہیں۔ طبع شدہ کتب کی فہرست جوابی لفافہ ارسال کر کے طلب کی جاسکتی ہے۔

فری کورسز علومِ مخفی کے طالبان کے لیے فری کورسز کا اجراء کیا گیا ہے۔ مکمل تفصیلات ادارہ سے طلب کریں۔ **فری عمل** ادارہ سے دستیاب ہے۔

دارالترجمہ عربی، فارسی اور انگریزی کتب کا اُردو اور انگریزی زبانوں میں ترجمہ کرنے اور کتب کی اشاعت کا کام اس کے تحت کیا جاتا ہے۔

خالد سوفٹ ویر ہاوس علومِ مخفی کے شائقین کے لیے پاکستان میں سب سے پہلی اور واحد پیش کش جس کے تحت کوئی بھی فرد یا ادارہ اپنی ذاتی یا کاروباری ضروریات کے لیے نجوم، پامسٹری، عملیات یا جفر وغیرہ کے بارے میں حسبِ منشاء کمپیوٹر پروگرام تیار کروا سکتا ہے۔

روحانی خدمات کواکب کے شرف و ہبوط کے تحت خصوصی نقوش و الواح کی تیاری اور روزمرہ ضروریات اور مسائل کے حل کے لیے سائلین کی راہنمائی مخلصانہ دل کے ساتھ کی جاتی ہے۔

نجومی خدمات بچے کا نام، خوش قسمتی کا پتھر، حالاتِ زندگی، سالانہ زائچہ، ازدواجی زائچہ، شیئرز اور بائیوردم رپورٹ وغیرہ اس زمرے میں آتی ہیں۔

قیمتی اور اصل جواہرات پتھر تو آپ کو بازار سے بھی مل جائیں گے، لیکن ان کو جواہرات میں شامل نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ یہ رنگ دار شیشہ یا پلاسٹک بھی ہو سکتا ہے۔ ادارہ راہنمائے عملیات سے آپ مکمل یقین اور اعتماد سے جواہرات اور اصلی پتھر حاصل کر سکتے ہیں۔

خالص عملیاتی خوشبویات بازار میں دستیاب خوشبویات میں الکحل شامل ہوتی ہے جو عملیاتی مقاصد یا ذاتی استعمال کے لیے ناموزوں اور نقصان دہ ہے، اسی وجہ سے ادارہ راہنمائے عملیات نے خالص عملیاتی خوشبویات جو کہ الکحل سے پاک ہوتی ہیں کی فراہمی کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

پمفلٹ ادارہ کا تفصیلی پمفلٹ جو متفرق روحانی اور نجومی خدمات، قدیم و جدید کتب کی فہرست، کورسز کے طریقہ کار اور دیگر معلومات پر مشتمل ہے، اپنا پتہ لکھا جوابی لفافہ ارسال کر کے مفت طلب کریں۔